ششماہی علمی و تحقیقی مجلّہ

ایچ۔ای۔سی سے منظور شدہ

معارف اسلامی

جلد نمبر 13، شمارہ نمبر 1، جنوری 2014ء تا جون 2014ء

ISSN: 1992-8556

فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی قرآنی فکر

(مکاتیب کے آئینہ میں)

Shah Wali Ullah's Qura'nic Thought
(In the Light of His Letters)

ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس☆

Abstract

Undoubtedly Shah Wali Ullah(1703-1762) and his family has a poineer role to convey the Qur'anic massage to the people of Sub-Continent in their language. Apart from the contribution in other branches of Islamic Sciences, Shah Wali Ullah wrote many books on Qur'anic Sciences. Although he wrote permanent books on the topic but in the collection of his three hundred and fifteen(315) letters(Nadir Maktoobat), many of the discussions are about Qur'anic Sciences. This article enlightens on his Qur'anic Thoughts derived from these letters. Most of these thoughts are his own work as some others are by the clerigy of his time whose thoughts are appreciated and approved by Shah Wali Ullah. The article focused on three main points regarding Shah Wali Ullah's Qur'anic Thought taken from the letters:

1. Acdemic and Dialectic discussion about the Qur'an
2. Explanation of Qur'anic verses
3. Any sentence contains the unique point derived from the Qur'anic verse.

شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ اور آپ کے خانوادہ نے برصغیر میں علوم دینیہ کی تشریح و تفہیم کے لیے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ قرآن کریم کو بالخصوص جس طرح اس طائفہ نے اپنے کار علمی کی بنیاد بنایا، وہ انہیں کا خاصہ و مقدر رہے۔ شاہ ولی اللہؒ کی قرآنیات پر متعدد تصانیف ہیں جن کے ذریعہ انہوں نے قرآن فہمی کا ذوق عام کیا۔ قرآنیات پر فتح الرحمن فی ترجمۃ القرآن، فتح الخبیر، الفوز الکبیر، زھر اوین، المقدمۃ فی قوانین الترجمۃ جیسی مستقل کتب آپؒ کے علوم قرآنیہ سے دلچسپی کا مظہر ہیں[1]۔ ان مستقل تصانیف کے علاوہ آپ نے اپنی مختلف تصانیف میں

☆ ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد، پاکستان۔

قرآنیات کے حوالہ سے بیش قیمت معلومات و تحقیقات نقل کی ہیں۔ اگر ان کو بھی اکٹھا کر لیا جائے تو آپؒ کی قرآنی فکر کا ایک نیا رخ سامنے آئے گا۔

نادر مکتوبات آپؒ کے ۳۱۵ مکاتیب کا مجموعہ ہے۔ ان مکاتیب میں علوم القرآن کی مختلف انواع پر آپ کی تحقیقات نادرہ موجود ہیں۔ ان مکاتیب میں شاہ صاحب کی قرآنی فکر کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ ان میں وہ تحقیقات بھی شامل ہیں، جو کسی اور نے آپ کو خط میں ارسال کیں، آپ نے ان کو اپنے مکتوب میں کسی تبصرہ کے ساتھ نقل کیا۔

۱۔ قرآن کریم سے متعلقہ علمی / کلامی مباحث۔ ۲۔ آیات قرآنی کی تفسیر۔

۳۔ جملوں میں آیات کا اس طرح استعمال کہ آیت سے مستنبط ہونے والے کسی نکتہ کی طرف اشارہ ہو۔

ان نکات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ قرآن کریم سے متعلقہ علمی / کلامی مباحث

الف۔ کتب اربعہ کا ظہور

شاہ محمد عاشق پھلتیؒ[۲] (۱۱۱۰ / ۱۶۸۹۔۱۱۸۷ / ۱۷۷۳) کو لکھتے ہیں:

ایک اور معرفت عظیمہ جو آپ کے مکتوب میں درج ہے اور وہ یہ ہے کہ کتب اربعہ (توریت، زبور، انجیل، قرآن) کا ظہور ابداع، خلق، تدبیر اور تدلی کی صفات کے بالمقابل ہے، صحیح ہے، اور قرآن مجید کے کتب اربعہ کے مطالبِ کلیہ پر مشتمل ہونے نیز اُس کے امام مبین، کتاب، حکیم، ام الکتاب اور کتاب مبین کے نام رکھے جانے کی بحث بھی صحیح ہے۔ اگرچہ اس کی تفصیل فقیر کے قلب پر وارد نہیں ہوئی۔ آپ کے نفس میں جو ظہور برکات الٰہیہ ہے اس کو بھی آپ نے شرح وبسط کے ساتھ لکھا تھا۔ یعنی آپ کا پورے طریقہ پر طاعت و عبادت کرنا اس بنا پر کہ آپ کو صیام، قیام اور تلاوت کلام اللہ سے رغبت ہے، قوم کے نفوس میں آپ کی رغبت اور محبت کا ہونا، یہ سب باتیں وہ ہیں جو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اور اس شعر کا مصداق ہیں:

؎ آں روز کہ مہ شدی نمی دانستی کانگشت نمائے عالمے خواہی شد[۳]۔

ب۔ قول امام جعفر صادق کی وضاحت

شاہ محمد عاشق پھلتیؒ کے نام ایک خط میں لکھتے ہیں:

شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ اپنی کتاب عوارف المعارف میں فرماتے ہیں کہ سیدنا حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے اکابر ملت میں سے ایک شخص سے فرمایا: "میں قرآن مجید کو اس کے قائل و متکلم یعنی اللہ تعالیٰ سے سنتا ہوں؟ اور حضرت شیخ الشیوخؒ اس مقولے کی توجیہہ اس طرح کرتے ہیں کہ مثل شجر ہئ موسیٰ (یعنی شجر ہئ طور) ہو جاتے ہیں اور اپنی زبان سے نکلے ہوئے کلمات قرآنیہ کو فوارے کی طرح ادا کرتے ہیں۔

یہ ہے وہ بات جو شیخ الشیوخؒ نے اس کی توجیہہ میں فرمائی لیکن جو اس بندہ ضعیف پر ازروئے ذوق اور ازروئے حال گذرا وہ یہ ہے کہ مقام کلام نفسی کہ نزول قرآن کا تعلق اسی مقام و بارگاہ سے ہے، بندے پر منکشف ہوا۔ بندہ نے دیکھا کہ یہ معانی قرآن عمدہ ترین اسلوب بیان کے ضمن میں اہل زمین پر بارش کی طرح برابر برس رہے ہیں۔ اس لیے کہ ان الفاظ و معانی کا مخاطب نوع انسان ہے اور اس انکشاف نے خالص مرتبہ عقلیہ سے تنزل کیا اور اُس نے خیال و وہم کو اپنے رنگ میں رنگین کر لیا اور ایک عجیب حالت حاصل ہوئی، مثل اُس اتصال کے جو صرف ذات (خالص ذات) کی توجہ میں ہوتا ہے۔

تین ضمے (ضمیمے) اس صفت کے ساتھ حاصل کر لیے گئے۔ البتہ ایسا ہو سکتا ہے کہ بعض وجہ سے یہ بات نہ ہو۔ مثلاً کوئی خارجی مانع (رکاوٹ) موجود ہو، اور اُس کی وجہ سے یہ حالت غائب کر دی جائے۔ غالب گمان یہ ہے کہ یہ بزرگ (حضرت جعفر صادقؒ) نے اسی حالت مذکورہ سے مراد لی ہو گی۔ جیسا کہ "مشہود" کو صوفی کبھی رؤیت و نظر سے تعبیر کر دیتے ہیں۔ (ایسا ہی انہوں نے) اس حالت کو سمع (سننے) سے موسوم کر دیا ہے..... اور حقیقت کو اللہ خوب جانتا ہے [۴]۔

ج۔ تجلیات سہ گانہ

شاہ محمد عاشق پھلتی کو تجلیات سہ گانہ کے بارہ میں تفصیل سے لکھا۔ تیسری تجلی کے حوالہ سے لکھا:

یہ تجلی تلاوت قرآن عظیم کے وقت میں واقع ہوئی..... (صورت یہ پیش آئی کہ) لطیفہ عقل کو ایک جنبش ہوئی اور اضمحلال متحقق ہوا۔ اس حالت سے افاقے کے بعد چند علوم ظاہر ہوئے۔ اس تجلی کی من جملہ اور باتوں کے ایک یہ ہے کہ اس تجلی کا نزول ایک خاص مقام سے ہے، اور وہ مقام صورت انسانیہ کے اندر تدلی کل کی گہری نظر کا ہونا ہے۔ نیز وہ استعداد جبلی ہے کہ تمام افراد انسانیہ اس میں متحد و متفق ہیں، اور وہ طاری ہونے والے حوادث ہیں جو ان افراد انسانیہ کو پیش آتے ہیں۔ ان حوادث کا علاج اور اُن کی اصلاح کرنے والی تدبیر مسامت (مقابل) اور مسامت (جس کا مقابلہ کیا گیا ہو) دونوں کا، ان تینوں مذکورہ قوتوں (قوت مجردہ، قوت ملکیہ اور احدیت جمع درمیان خیال و وہم) میں جمع ہونا ہے جیسا کہ ہم نے تجلی اوّل کے بیان میں تحریر کیا ہے۔

لہٰذا (تلاوت قرآن مجید کے وقت) ایک عجیب شان رونما ہوئی، اور اضمحلال متحقق ہوا۔ اس کے بعد وہ دونوں (مسامت اور مسامت) باہم مل گئے اور تینوں مادوں (قوتوں) سے قلۃً وکثرۃً (بطور قلت و کثرت) عجیب صورتیں ظاہر ہوئیں۔

آیات قرآنی ان تمام بھیدوں کی جامع ہیں، جب تک کہ زمانہ اور اہل زمانہ موجود ہیں (یعنی قیامت تک) حق تعالیٰ متکلم ہے، اور آیات قرآن اُترنے والے کلمات حق ہیں، لیکن لسان الغیب کے ترجمان حضرت محمد خاتم الرسل ﷺ ہیں، اس لیے کہ یہ تینوں مذکورہ قوتیں آنحضرت ﷺ کے اندر کامل اور وافر طور پر تھیں۔ دوسرے آپ کے دستر خوان نعمت کے ریزہ چین ہیں۔

منجملہ اور باتوں کے ایک یہ بھی ہے کہ نبوت اور نزول قرآن محض تعلیم علم نہیں ہے۔ جس طرح کہ مدبر السموات والارض (اللہ تعالیٰ) صور جوہابہ میں سے کسی صورت کو معدوم کر دیتا ہے اور ایک دوسری صورت کو پیدا کر دیتا ہے۔ اسی طرح عالم ملکوت میں شرائع تکلیفیہ کی صورتیں پہلے صورت روحیہ میں، پھر صورت وہمیہ میں اور پھر صورت خیالیہ میں متصور اور متشکل کر دیتا ہے اور طبقات ملائکہ ملکیت کے ادنیٰ اور نچلے طبقے تک سب کے سب اسی رنگ میں رنگین ہو جاتے ہیں، اور اسی کی مناسبت سے اُن کو الہام و القاء کیا جاتا ہے..... پس اگر کسی جاہل نے شرائع (شریعتوں) کا انکار کیا یا شریعت کی باتوں کی بے جا اور ناحق تاویل کی تو اگرچہ وہ اصابت حق (حق تک پہنچنے) کا قصد ہی کیوں نہ رکھتا ہو گا، ضرور ماخوذ ہو گا۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کہ موسم مرطوب ہے اور آسمان سے زمین تک سب چیزیں بھیگی ہوئی ہیں اور (ایک شخص خواہ مخواہ) یہ گمان کرتا ہے کہ موسم گرم ہے اور اُس کے اندر انتہائی گرمی اور خشکی ہے۔ یہ فاسد اور غلط اعتقاد اس کو کچھ نفع نہیں بخشتا اور مرطوب ہوا کی وجہ سے اُس شخص کی تکلیف روز بروز بڑھتی چلی جاتی ہے اور بیماریاں اُس کے اندر عفونت میں دم بدم اضافہ کرتی رہتی ہیں۔

تجلیات سہ گانہ کے سلسلے میں یہ آخر کلام ہے۔ "وَالحمدللہ تعالیٰ أولًا وآخرًا وظاهرًا وباطنًا" [۵]۔

د۔ حقیقت قرآن

خواجہ محمد امین کشمیری [۶] (م ۱۱۸۷ھ / ۱۷۷۳ء) کو قرآن کے قدیم ہونے، نزول وحی بواسطہ ملائکہ ہونے اور حقیقت قرآن کے بارے میں لکھا:

"سوال کیا ہے کہ قرآن کے قدیم ہونے کا راز کیا ہے اور وحی کا نازل ہونا کہاں سے ہے اور حقیقت قرآن کے کیا معنی ہیں؟ جاننا چاہیے کہ جب ازل میں، تجلی اعظم کے زمانے سے پہلے، سطح میں حقیقت مطلقہ متعین ہوئی تو کمالات تجلی اعظم سے ایک کمال اس کے ساتھ متعین و قائم ہوا، اس طرح جیسے روشنی کا قیام جسم آفتاب کے ساتھ

ہے۔ اور وہ کمال نازل شدہ علوم کے ساتھ نفوس انسانیہ کی تدبیر ہے۔ نفوس بنی آدم میں سے کامل نفوس کی راہ سے ایسے علوم کے قانون پر کہ جس کی صورت انسان اپنے افراد میں باقتضائے اولیٰ اسباب کشف کی شرط کے بغیر مقدمات اولیہ عقلیہ وغیرہ کے ساتھ تقاضا کرتی ہے۔ اور اس کمال نے ایک تعین و امتیاز پیدا کر لیا ہے اور ایک اپنی جامع ومانع تعریف بہم پہنچائی ہے۔ اس کے بعد تجلی اعظم کے ان عکسوں نے جو ملأ اعلیٰ کے احجار یہتہ میں متعین و قائم ہوتے ہیں ایک دوسری صورت اختیار کر لی۔ تذکیر بآلاء اللہ، تذکیر بایام اللہ، تذکیر جزا و سزائے قیامت، مخاصمت کفار، تعیین احکام در عبادات، تدبیر و تالیف منزل اور تدبیر و تالیف مدنی (ملکی) ان علوم میں سے کوئی علم اس جگہ مقرر و تیار نہیں ہوا، اور دائرے کشادہ تر ہو گئے۔ جب حضرت محمد ﷺ مبعوث ہوئے تو ممد غیبی کے ذریعہ جو ملأ اعلیٰ کے حظیرۃ القدس کی پشت سے بر آمد ہوئی اور ملاء اعلیٰ کی ہمتوں نے ان سب علوم کو متعین کر دیا۔ جبریل علیہ السلام اس تعیین در عقلیت میں ملائکہ کے پیش رو ہیں، آنحضرت ﷺ نے لغت عربیہ اور سورتوں اور آیتوں کے اسلوب جدید و عجیب کا لباس پہنا، اور آنحضرت ﷺ نے ان سور و آیات کو لوگوں تک پہنچایا۔ ان آیات کے پہنانے میں ذرائع الٰہی میں سے ایک ذریعہ و آلہ ہو گئے اور قوت غیبی سے اس کام کو سر انجام دیا۔ ہزاروں افواج ملائکہ کو قرآن کی محبت کا اور اس کے الفاظ کے حفظ کرنے کا الہام کیا گیا۔ اور (نزول کے بعد) بنی آدم نے ہر زمانے میں اس کی تلاوت کی اور اس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کیا اور ان کے اعمال نامے میں اس کی تلاوت (کے ثواب) کو لکھا گیا۔

پس عالم مثال کے ایک موطن (مقام) میں جو عالم علوی و سفلی کے درمیان ہے اور جہاں آسمان و زمین دونوں کی برکتیں جمع ہوتی ہیں، اس نے صورت اختیار کر لی اور ایک عجیب وسعت پیدا کر لی۔ پس قرآن اپنے اصل کے لحاظ سے قدیم ہے، البتہ باعتبار نزول حادث ہے۔ یہ قرآن عربی زبان میں ہے، اور حضرت حق تعالیٰ کا کلام ہے اور ایک بزرگ فرشتہ یعنی جبریل امین کے واسطے سے نازل کیا گیا ہے، اور یہ بندوں کی زبانوں پر پڑھا گیا ہے، عظیم الشان مصاحف میں لکھا گیا ہے اور گروہ ملائکہ میں یہ قرآن واجب التعظیم اور کثیر البرکات ہے۔ اس کی تلاوت بنی آدم کی حاجتوں کو بر لانے میں تاثیر رکھتی ہے، اس لیے کہ حدیث میں ہے کہ قرآن جس مقصد سے پڑھا جائے وہ پورا ہوتا ہے اور یہ قرآن ملأ اعلیٰ اور عالم مثال دونوں میں متعین و مقرر ہے۔ اور الحمد للہ میں اس حقیقت معینہ در عالم مثال پر بے واسطہ پورا پورا یقین رکھتا ہوں۔ (ترجمہ شعر) "اگر میرے لیے ہر بن مو ایک زبان بن جائے تو میں اللہ تعالیٰ کی واجبی اور حقیقی حمد ادا نہیں کر سکتا"[۷]۔

ان مکاتیب پر غور کریں تو پتہ چلتا ہے کہ آپ نے خالصتاً علمی اور کلامی مباحث کو سادگی اور بے تکلفی سے اپنے مکاتیب میں بیان کیا ہے۔

۲۔ آیات قرآنی کی تفسیر

ذیل میں مکاتیب سے ایسے اقتباسات کیے جاتے ہیں جن میں آپ نے کسی آیت کی تفسیر یا کسی لفظ کی وضاحت کی ہے۔

الف۔ دو آیات کی وضاحت

سورۃ ھل اتیٰ (سورۃ الدہر) میں چشمہ کافور اور چشمہ زنجبیل کو اصالتاً مقربین کے لیے مقرر فرماتا ہے اور وہ شراب طہور کو جس کی ملونی کافور و زنجبیل (سونٹھ) ہے، ابرار کو دیتا ہے۔ پھر سورۃ المطففین میں چشمہ تسنیم کو اصالتاً مقربین کے لیے مقرر فرماتا ہے اور وہ شراب طہور جس کی ملونی تسنیم ہو گی، ابرار کو دیتا ہے۔ تم جانتے ہو کہ اس میں کیا بھید ہے؟[۸]

اس بھید کا جواب ان الفاظ میں تحریر فرمایا:

جاننا چاہیے کہ کافور ایک چشمہ ہے جو اچھی خوشبو والا ہے اور اس کے پینے میں کوئی کڑواہٹ نہیں ہے مقربین کی قوت کے کمال کی شکل ہے..... وہ قوتِ عقلیہ جو رحمٰن کی طرف متوجہ ہے اور جو پہنچنے والی ہے ایسی باتوں کے ایقان و یقین تک جن پر ایمان لانا ضروری ہے۔ اس طور پر کہ جس سے غیب، باب العیان میں سے (یعنی آنکھوں دیکھے حالات میں سے) ہو جائے۔

زنجبیل (سونٹھ) کہ اس کا ذائقہ حریف (چرپرا اور تیزی لیے ہوئے) ہے اور اس حرافت (یعنی عملیہ) کے کمال کی صورت ہے۔ جو نقشہ بہیمیہ کو توڑنے اور اس کی خواہشات سے لڑنے جھگڑنے کی طرف متوجہ ہے۔ مقربین اس مجادلے اور قضیے میں چرپراہٹ کے ساتھ ایک لذت پاتے ہیں۔

پس یہ کڑواہٹ اور لذع اللسان (سوزش زبان) نفس کو توڑنے کی وجہ سے ہے اور اُس شدت کی وجہ سے ہے جس کو مقربین کسر نفسی کے سلسلے میں جھیلتے اور برداشت کرتے ہیں اور لذت "نفس ملکیہ" کے غلبے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ بہر حال کافور کا اچھی خوشبو والا ہونا نہ کہ زنجبیل کا، اس لیے ہے کہ قوت عقلیہ کو جب کمال حاصل ہو جاتا ہے تو اُس کے اندر عالم جبروت کا انکشاف داخل ہو جاتا ہے اگرچہ وہ اجمالی ہی کیوں نہ ہو..... اور یہ چیز وہ غیب

ہے جو اپنے عالم شہادت والے وصف کے ساتھ قائم ہے جیسا کہ اچھی خوشبو بھی ایک ایسا غیب ہے جو ایک جسم کے ساتھ قائم ہے اور یہ شان قوت عملیہ کی نہیں ہے۔

بہر حال تسنیم ایک ایسا چشمہ ہے جو عالی مرتبہ ہے۔ اس کو نہ تو کسی خوشبو کے ساتھ موصوف کیا جا سکتا ہے اور نہ کسی ذائقے کے ساتھ ..... اس لیے کہ تسنیم مشتق ہے "سنام" سے اور سنام اُونٹ کے اعلیٰ حصے (یعنی کوہان) کو کہتے ہیں..... اونچا مرتبہ وہ ہے کہ جس میں غیب ظاہر ہو اور اس میں ایسا امر جلوہ گر ہے کہ جو "لا کیف" سے مناسبت رکھتا ہو۔ جیسے کہ وہ ملاحت (نمکینی و خوبصورتی) جو تناسب اعضاء سے پیدا ہوتی ہے نہ کہ رنگ وغیرہ سے..... یہ جزو جبروتی کی صورت میں جو نفس ناطقہ کے باطن میں رکھی گئی ہے۔

عالم جنان (جنتوں کے عالم) میں اللہ تعالیٰ کے طریقوں اور عبادتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہر وہ کمال جو نفس میں حاصل ہو اُس کی ایک مثال ہوتی ہے۔ ارتفاقات میں سے ہر نوع کے اندر پینے اور کھانے وغیرہ کی چیزوں میں سے۔

جب صورت کمال نوع شراب میں ظاہر ہوئی تو واجب ہوا کہ قوت عقلیہ، قوت عملیہ اور جزو جبروتی میں سے ہر ایک کے لیے ایک صورت قرار دے دی جائے۔ یہ اصل ہے جو ایسے عارف پر منکشف ہوتی ہے جس نے ہر عمل کی جزاء کو جان لیا ہے۔ جب اعمالِ مقربہ اور اعمال مبعدہ میں سے ہر نوع کے لیے عالم ملکوت اور عالم شیاطین کی طرف رجحان ہے اور عالم ملکوت کا مبدأ فیض کی طرف میلان ہے جو کہ اول سلسلہ وجوہ ہے، اور عالم شیاطین کو مبدأ فیض سے بہت زیادہ دوری ہے، ہر وہ چیز جس کو کسی چیز کی طرف میلان طبیعی ہوتا ہے، وہ اسی چیز کے اندر مندرج (داخل) ہوتی ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ابرار کے لیے ایک کتاب ہو کہ جس میں اُن کے اسماء لکھے ہوئے ہوں۔ یعنی اس میں اُن کی صورتیں چھپی ہوئی ہوں۔ اس حیثیت سے کہ انہوں نے اللہ سے قریب کرنے والے اعمال کیے اور ضروری ہوا کہ یہ کتاب "ملکوت" کے ایسے اعلیٰ مقام میں رکھی جائے جو جبروت سے ملا ہو۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَo وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ o كِتَابٌ مَرْقُومٌo يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ﴾[9]

(بے شک ابرار کی کتاب علیین میں رکھی ہوئی ہے۔ اور مخاطب تجھے معلوم ہے کہ علیین کیا ہے۔ ایسی کتاب جس میں ثواب لکھے ہوئے ہیں اور مقربون کے سامنے رہتی ہے)۔

یہ اس وجہ سے ہے کہ کتابت صورت اجمالی ہے اس چیز کی جو لکھی جائے، اور یہ بھی ضروری ہوا کہ فجار کے لیے ایک کتاب ہو کہ اس میں اُن کے اسماء لکھے ہوئے ہوں یعنی اُس میں اُن کی صورتیں چھپی ہوں..... اس حیثیت سے کہ اُنہوں نے ایسے اعمال اختیار کیے جو اللہ اور جنت سے بعید کرنے والے ہیں۔ اس لیے یہ ضروری ہوا کہ کتاب فجار ظلمات کے آخری کنارے میں رکھی جائے جو کہ مبدا فیض ہے، انتہائی دُوری پر واقع ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍO وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّينٌO كِتَابٌ مَرْقُومٌO وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ﴾[10]۔

(البتہ کتاب فجار سجین میں ہے اور اے مخاطب تو جانتا ہے کہ سجین کیا ہے؟ ایسی کتاب کہ جس میں اعمال بد لکھے ہوئے ہیں۔ خرابی ہے اُس دن تکذیب کرنے والوں کے لیے)[11]۔

ب۔ صدیقیت انبیاء و امتیاں

شاہ محمد عاشق پھلتیؒ کے سوال کے جواب میں آپؒ نے تحریر فرمایا: "آپ نے لکھا تھا کہ کتاب حجہ بالغہ (حجۃ اللہ البالغہ) میں بہ سلسلہ تحقیق صدیقیت، سینہ ہائے افاضل امت کے اندر انعکاس انوار نبوت کو صدیقیت قرار دیا گیا ہے۔ پس اس صورت میں قرآن کریم کی آیہ کریمہ: ﴿إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا﴾[12] (بے شک ابراہیم علیہ السلام صدیق اور نبی تھے) کے کیا معنی ہوں گے؟ جاننا چاہیے کہ جو حجہ بالغہ میں مذکور ہوا ہے، وہ امتوں کی صدیقیت کی تحقیق ہے اور یہ صدیقیت انبیاء کا ظل ہے۔

بات کو واضح طور پر یوں کہا جا سکتا ہے کہ صدیقیت اُمتیان، اُمتیوں کے سینے میں انعکاسِ انوارِ نبوت کا نام ہے۔ جیسا کہ حجہ بالغہ میں تشریح و تفصیل کر دی گئی ہے..... رہی صدیقیت ابنیاء تو وہ افاضل انبیاء کے سینوں میں انوار تجلی اعظم کا انعکاس ہے۔ مثال کے طور پر یوں سمجھنا چاہیے کہ وہ نسبت قمر کے ساتھ رکھتا ہے۔ اُس نسبت کا ظل ہے جو قمر، شمس کے ساتھ رکھتا ہے۔ اور ان دونوں نسبتوں میں بہت بڑا فرق ہے۔

کتاب خیر کثیر میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے لیے اثبات امامت اسی معنی و حقیقت کے لوازم میں سے ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے: ﴿قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا﴾[13] (اے ابراہیمؑ! بے شک میں نے تم کو لوگوں کا امام بنایا ہے)۔

خیر کثیر میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی مشابہت کا اثبات بھی اسی حقیقت کا آئینہ دار ہے۔ جیسا کہ بعض احادیث میں وارد ہوا ہے [۱۴]۔

ج۔ آیت کی تشریح و تفسیر

شاہ محمد عاشق پھلتی کو ایک آیت کریمہ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کی طرف سے بیان فرمایا: ﴿وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ مَعْلُومٌ﴾ [۱۵] (ہم میں سے ہر ایک کا کام مقرر ہے) اگر پورے غور و فکر کو کام میں لایا جائے تو یہ بات فقط ملائکہ ہی کے ساتھ مخصوص نہیں ہے (بلکہ) ہر سالک کو ایک ایسے خاص مزاج پر پیدا کیا گیا ہے جو یقینی طور پر مراتب قوتِ عقلیہ و عملیہ میں سے ایک خاص مرتبے کا مقتضی ہے اور اُس کے لطائف میں سے کوئی (ایک) لطیفہ زیادتی ظہور کی وجہ سے تمام لطائف میں ممتاز ہو گا۔ یہ سالک ہاتھ پیر مارتا ہے، نشیب و فراز میں دوڑتا ہے، اور ہر تر و خشک سے تعلق پیدا کرتا ہے تاکہ ترقی واقع ہو..... یہ ہر عمل سے ایک نفع اور ہر صحبت سے ایک ثمرہ حاصل کرتا ہے..... بہت سی مصیبتوں اور دقتوں کے بعد..... جب اس سالک کا سفر ختم ہوا، اور تسلی کے مقام میں پہنچ گیا تو اُس نے اپنے لطائف میں سے وہی لطیفہ دیکھا جو کہ ظاہر اور روشن ہو گیا ہے اور اُس کی مخفی استعداد قوت سے فعل میں پہنچ گئی ہے، اور اُسی مرتبہ خاص کو دیکھا جس کے لیے خود اپنے اندر گھوما گیا اور اپنی طلب میں مدتوں دوڑا، آخر خود کو پہنچ گیا۔ ہاں چونکہ ملائکہ کے اندر یہ ہاتھ پاؤں مارنا، نشیب و فراز میں دوڑنا، تر و خشک سے آویختہ ہونا، اور ہر عمل سے ایک تازہ نفع اور ہر صحبت سے ایک ثمرہ پانا نہ تھا، اس لیے وہ کلام مذکور کے ساتھ تمام مخلوق میں زیادہ حق دار و مستحق واقع ہوئے اور اس دعوے میں سب سے زیادہ صادق نظر آئے..... پھر اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کی طرف سے فرمایا: ﴿وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ﴾ [۱۶] (اور ہم البتہ صف بستہ رہتے ہیں)۔ اگر غور و تأمل کو پورا پورا کام میں لایا جائے تو یہ معنی بھی ملائکہ کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں۔ ہر جماعت کے افراد جو استعدادات متقاربہ رکھتے ہیں، وہ عالم معنی میں صف بستہ ہیں اور نماز جبلی (نماز فطری) کے اندر اُن کی صفیں عجیب شکل میں کھڑی ہوئی ہیں، لیکن چونکہ ملائکہ کے مزاج چنداں نوبہ نو اور رنگ برنگ ارادے نہیں رکھتے، اور اُن کے مقامات اُن کی استعدادوں کے تابع ہیں۔ اس لیے صف بندی کے معنی اُن کے اندر اچھی طرح ظاہر ہوئی۔

پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی طرف سے فرمایا: ﴿وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ﴾ [۱۷] (بیشک ہم تسبیح کرنے والے ہیں) یہ معنی بھی تمام افرادِ مخلوق کے اندر جاری و ساری ہے۔ ہر ایک کی حمد ہے، دوسرے کی حمد کے سوا..... اور ہر ایک کی ایک تسبیح و تقدیس ہے، دوسرے کی تسبیح و تقدیس سے علیحدہ..... اگر تم شہباز کی استعداد کو شگافتہ کر

کے دیکھو گے تو وہ یہ کہتا ہوا سنائی دے گا کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے اپنے جلال کے ساتھ اپنے تمام بندوں پر غلبہ کیا۔ پاک ہے ذات اللہ کی جو منزہ ہے ناخنوں سے اور بازوؤں سے..... اور اگر تم کبوتر کی استعداد کو چیر پھاڑ کر کے دیکھو گے تو وہ یہ کہتا ہوا سنائی دے گا کہ تمام تعریفیں ثابت ہیں اللہ کے لیے، جس نے اپنی ہر شان کو اچھا بنایا۔ پاک ہے وہ ذات جو منزہ ہے، گونجتی ہوئی آواز سے اور بازوؤں سے[۱۸]۔

د۔ ایک آیت سے استدلال

بابا عثمان[۱۹] پر آنے والی مصیبتوں میں تسلی کے لیے یہ خط لکھا:

"آپ ان شدائد کو جو آپ کو پیش آرہے ہیں، شدائد شمار کرتے ہیں اور اُن شدائد پر شکوہ کرتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ شدائد ایک ایسا سبق ہیں جن کی تعلیم اللہ تعالیٰ آپ کو دے رہا ہے تاکہ آپ کے نفس کو تمام اخلاق فاضلہ کی اصل و بنیاد (رزانت نفس) پر مشق حاصل ہو۔ اس موقع پر یہ ضروری ہے کہ نفس سے جزع فزع اور گھبراہٹ کو ترک کرنے کا مطالبہ کیا جائے، ظاہری حیثیت سے بھی اور وباطنی حیثیت سے بھی..... اور یہ بھی ضروری ہے کہ قوی ہمت صابرین کے واقعات کو یاد کیا جائے اور صبر ورزانت کے فضائل کا یاد کرنا بھی ضروری ہے جن کو آپ عقلاً و نقلاً دونوں طریقوں سے جانتے ہیں۔

نفس زکیہ ہر صاحت کے اندر اُس حالت کا ادب بجالاتا ہے اور وہ اس جماعت کا امام ہو جاتا ہے جس کے صبر ورزانت کی مثال حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس واقعہ کی طرف ہو جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بیان فرمایا ہے، قال اللہ تعالیٰ: ﴿وَإِذِ ابْتَلَى إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا﴾[۲۰]۔ (اور جب اللہ تعالیٰ نے ابراہیمؑ کو چند کلمات (امتحانات) کے ذریعہ سے آزمایا، پس اُنہوں نے امتحانات کو پورا کر دکھایا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں تم کو تمام انسانوں کا امام بناتا ہوں)۔..... ہر نفس کی شدت علیحدہ ہے اور ہر نفس کی مخالفت بھی علیحدہ ہے اور ہر نفس کا علاج وہ علوم ہیں کہ اُسی کے اندر سے آگئے اور پیدا ہوتے ہیں۔ اس مکتوب کو جو ایک قسم کا تذکرہ و یادداشت ہے چشم اعتبار و عبرت سے بغور پڑھیں۔ یہ کوئی انشاء نامہ نہیں ہے کہ جو ﴿فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ﴾[۲۱] (وہ ہر وادی میں حیران پھرتے ہیں) کے باب میں داخل ہو[۲۲]۔

ر۔ تولی خاص

شاہ محمد عاشق پھلتی کو ایک آیت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

قرآن مجید میں وارد ہوا ہے: ﴿وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ﴾[۲۳] (اللہ تعالیٰ صالحین کا دوست اور کارساز ہے) اس آیت کی رُو سے ایک تولی خاص ہر شاخ و برگ میں سرایت کرتی ہے اور ایک عجیب تازگی اور انوکھا رنگ عطا کرتی ہے۔ اس تازگی اور رنگ کے تماشائی کو چاہیے کہ غسال کے ہاتھ میں میت کی طرح رہے اور مجسم آنکھ بن جائے تاکہ دیکھ سکے کہ (قضاوقدر) کیا کرتے ہیں، اور ہمہ تن گوش ہو کر سنے کہ وہ کیا کہتے ہیں[۲۴]۔

ز۔ آیت کی تشریح

﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ﴾[۲۵] کی تفسیر بیان کرتے ہوئے بابا عثمان کشمیری کو لکھتے ہیں:

جس کام کے واسطے ہم پیدا کیے گئے ہیں، وہ عبادت ہے، چنانچہ قرآن مجید میں ہے: ہم نے جن اور انسان کو عبادت ہی کے لیے پیدا کیا ہے..... لیعبدون کی تفسیر میں (بعض مفسرین کی طرف سے) کہا گیا ہے کہ جن وانس کو اس لیے پیدا کیا گیا ہے کہ وہ توحید اختیار کریں اور میرے نزدیک یہ ہے کہ عبادت اپنے ظاہری معنی پر ہے۔ (یعنی اس میں تاویل کی ضرورت نہیں ہے کہ توحید اور معرفت کے معنٰی لیے جائیں۔) اس لیے کہ انسان کے اندر دو قوتیں ہیں: قوت علمیہ اور قوت عملیہ۔ اور سعادت تامہ جس کے لیے وہ مخلوق ہوا ہے، بغیر ان دونوں قوتوں کی تکمیل کے حاصل نہیں ہو سکتی۔ اور عبادت ایک جامع اسم ہے انسان کی اس توجہ کا جو علماً اور عملاً دونوں طریقے پر ہو۔ اس بنا پر شرعاً کوئی عبادت، عبادات میں شمار ہو کر تصحیح نیت کے بغیر فرض نہیں کی گئی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"إنما الأعمال بالنيات"[۲۶] (اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے)۔

(پھر یہ جاننا چاہیے کہ) اللہ تعالیٰ نے حوادث میں ہر حادثے اور واقعے کو دوسرے حادثے وواقعے پر مرتب کیا ہے، اور حکمت بالغہ کے تقاضے کی بناء پر بعض حوادث کو بعض کا بغل گیر بنایا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنا طریقہ اس طرح جاری کیا ہے کہ ایک عورت جب بچہ جنتی ہے تو اس کی دونوں چھاتیوں میں دودھ پیدا کر دیا جاتا ہے۔ پس یقینی طور پر دودھ اور بچے میں تعانق (لازم ہونا) اور ربط باہم کی نسبت ہے۔ اسی طرح جب پرندے انڈے دینے والے ہوتے ہیں تو اللہ کی طرف سے یہ بات ان کے دل میں ڈال دی جاتی ہے کہ وہ گھونسلا بنائیں۔ پس یقینی طور پر گھونسلا بنانے اور انڈے دینے میں ایک قسم کا باہمی ربط ہے، اور اسی طرح یہ بات بھی یقینی ہے کہ بارش کے برسنے اور کھیتی کے اگنے میں باہمی ربط و تعلق ہے۔ پھر کھیتی کے اگنے اور حیوانوں اور انسانوں کے احیاء میں (زندہ رکھنے میں) بھی تعانق و تعلق ہے۔

زبان شرع ان معانقات و تعلقات کے لیے وضع کیے گئے ہیں۔ پس کہا جاتا ہے کہ دودھ پیدا کیا گیا ہے، بچے کی پرورش کے لیے اور پرندوں کے اندر گھونسلا بنانے کا الہام کیا گیا ہے، ان کے بچوں کی پرورش کے لیے، اور بارش برسائی گئی کھیتی اگنے کے لیے اور کھیتی اگائی گئی جانداروں کے زندہ رکھنے کے لیے۔

اس تمہید کے بعد ہم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو دو قوتوں والا پیدا کیا ہے۔ اور اس کی فطرت میں یہ بات ودیعت کی گئی ہے کہ ان دونوں قوتوں میں سے کوئی قوت کامل نہ ہو گی جب تک کہ اس کے جوارح واعضاء اللہ تعالیٰ کے سامنے مودب نہ ہو جائیں، ورنہ اس کے علم کے برتن اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کے ذکر سے نہیں بھریں گے، اس حیثیت سے کہ وہم، خیال، اور عقل آپس میں ایک دوسرے کی مدد کریں اور ان تینوں میں سے کوئی بھی ایک دوسرے کی مخالفت نہ کر سکے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے اور ان طرح طرح کے (فطری) کمالات کا جامع اسم "عبادت" ہے۔ پس انسان عبادت کے لیے پید کیا گیا ہے اور عبادت ہی میں سے اس کے افعال ہیں۔ کسی ممنوع چیز کا چھوڑنا بھی عبادت میں داخل ہے اور عبادت ہی میں وہ اخلاق بھی شامل ہیں جو اخذ و کسب کیے جاتی ہیں۔ اور عبادت ہی میں سے ہیأت وجدانیہ (وجدانی شکلیں) بھی ہیں۔ جیسے توکل، شکر، صبر اور یقین..... حاصل کلام یہ ہے کہ صورت نوعیہ، انسانیہ کسی نہ کسی کمال کے ساتھ متعانق و متعلق ہے اور انسان کی سعات نوعیہ اس کمال کو پالینے میں پوشیدہ ہے، اور اس کی نجات اخرویہ بھی اسی کمال کو حاصل کرنے کے ساتھ مربوط ہے۔

جس جماعت کی اندر قوائے عقلیہ کو قوی تر پیدا کیا گیا ہے، اس کا نصب العین اور مطمح نظر اسی حقیقت کی طلب و جستجو ہے، اگرچہ وہ جماعت بظاہر بدنی اور نفسانی بلاوں اور آزمایشوں میں مبتلا ہو۔ اس فطری و جبلی طلب کو، کہ جس کی شرع نے تاکید کی ہے اور جس کے صحیح و درست ہونے کی گواہی دی ہے، خوب سوچنا سمجھنا چاہیے[۲۷]۔

ایک اور خط میں شاہ محمد عاشق پھلتی کے معارف کی تحسین فرماتے ہوئے ان کو اس خط کے مطالعہ کا مشورہ بھی دیا اور یہ بھی لکھا:

دوسری معرفت عظیمہ جو آیت: ﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ﴾[۲۸] کے معنی و تفسیر میں تھی، آپ نے اس آیت کے اندر عبادت کو ظاہر پر محمول کیا، اور تاویل نہیں کی جیسا کہ بعض مفسرین نے ﴿لِيَعْبُدُونِ﴾ کے معنی لیوحدون اور لیعرفون کر کے تاویل کی ہے۔ (یعنی انہوں نے عبادت کے ظاہری معنی چھوڑ کر عبادت کو توحید اور معرفت کے معنی میں رکھا ہے) یہ تاویل نہ کرنا بھی مجھ سے بہت پسند آیا[۲۹]۔

مسئلہ روح

مسئلہ روح کے بارے میں بابا عثمان کشمیری کو لکھا:

آپ نے مسئلہ ارواح سے متعلق بھی استفسار کیا ہے کہ کیا روحیں جسموں سے پہلے پیدا کی گئی ہیں یا جسموں کے ساتھ ساتھ پیدا کی گئی ہیں؟ اس کے جواب میں جاننا چاہیے کہ تمام اہل ملت، ارواح کے حادثات ہونے پر تو متفق ہیں۔ پھر اختلاف اس بارے میں ہوا کہ روحیں بدن کے ساتھ پیدا ہوئی ہیں یا بدن سے پہلے۔ پہلا گروہ جو روح کی پیدائش بدن کے ساتھ بتاتا ہے، اس کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

﴿ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ﴾[۳۰] (ہم نے اُس کو دوبارہ پیدا کیا)۔

بعض تفاسیر میں لکھا ہے کہ اس سے مراد نفس کا بدن کو فیض پہنچانا ہے اور اس بات کو یہ کہہ کر رد کیا گیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ معنی یہ ہوں، کہ ہم نے نفس کو بدن سے متعلق کر دیا اور یہ متعلق کرنا بھی ایک قسم کا "انشاء" اور "خلق" ہے۔

دوسرے گروہ کی دلیل جو ارواح کو ابدان سے پہلے بتایا ہے، حضور ﷺ کا یہ قول گرامی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ارواح کو اجسام کی پیدائش سے دو ہزار سال پیشتر پیدا کیا ہے، اس دلیل کو یہ کہہ کر رد کیا گیا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اگر ہم اس حدیث کی صحت تسلیم بھی کر لیں تو اس سے ملائکہ کی ارواح عالیہ مراد ہوں گی۔ جیسا کہ حضرت امام غزالیؒ نے اس حدیث کی تاویل کی ہے۔ الغرض دونوں قولوں میں سے کوئی ایک قول متعین نہیں ہے اور سلف کے ایک قول پر صراحت کے ساتھ اتفاق نہیں ملتا۔ روح کے اس مسئلے میں اختلاف کرنے والی یہ دونوں جماعتیں عالم مثال کی قائل نہیں ہیں۔ بلکہ وہ تو عالم مثال کے معنی کا تصور بھی نہیں کر تیں چہ جائیکہ اس بارے میں نفی و اثبات کریں۔ لیکن اس فقیر کے سامنے اس بارے میں ایک تفصیل ہے جس کا حق بحالت موجودہ پورا پورا ادا نہیں کیا جا سکتا۔ اجمالی طور پر اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کا مبدا حیات تین چیزیں ہیں:

۱۔ نسمہ..... جو روح ہوائی کا دوسرا نام ہے۔ اس کی مثال چنگاری ہے، جس میں آگ چھپی ہوئی ہوتی ہے۔

۲۔ نفس ناطقہ..... جو اصطلاح فلسفہ میں مجرد ہے اور ہم اُس کو مجرد نہیں مانتے۔

۳۔ روح سماوی..... کہ ذریت حضرت آدمؑ اُسی کی ایک نمائش تھی۔

ان میں سے نسمہ اور نفس ناطقہ تو بدن کے پیدا ہونے کے وقت پیدا ہوتے ہیں، اور روح سماوی ان دونوں سے بہت زمانہ پہلے پیدا ہوئی ہے۔ اس بحث کو خوب غور سے پڑھا جائے[۳۱]۔

س۔ حیات انبیاء علیہم السلام

انبیائے کرام علیہم السلام کی حیات کے بارہ میں بابا عثمان کشمیری کے سوال کا جواب ان الفاظ میں دیا۔

ایک اور استفسار ارواح انبیاء علیہم السلام اور برزخ میں انبیاء علیہم السلام کی حیات سے متعلق بھی کیا گیا تھا۔ اس بارے میں اتنا جاننا چاہیے کہ کتاب وسنت کی تصریحات موت انبیاء علیہم السلام پر دلالت کرتی ہیں..... اس بات پر اجماع منعقد ہوا ہے اور بلاشک وشبہ احکام موت اُن پر جاری ہیں لیکن انبیاء علیہم السلام کی ارواح کو ایک طرح کی فوقیت دی گئی ہے۔ اسی فوقیت کو حیات سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ شہداء کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ﴾ (۳۲)

(جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید ہوئے، اُن کو مردہ گمان نہ کرو، بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے پاس سے رزق پاتے ہیں)۔

اگر کوئی عالم یکایک یہ بات کہہ دے کہ بغیر تشبیہ اور بغیر مجاز کے (حقیقی معنی میں) شہداء زندہ ہیں تو یہ بات مزیت وفوقیت کے لحاظ سے ہوگی، جس کا ہم نے حیات نام رکھا ہے، اس کے سوا اور کوئی بات نہ ہوگی (۳۳)۔

ص۔ مناسبات کو اکب بآیات قرآنی

شاہ محمد عاشق پھلتیؒ کو درج ذیل آیت کے بارے میں لکھا:

﴿ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَى مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِO يَوْمَ هُمْ بَارِزُونَ لَا يَخْفَى عَلَى اللَّهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ﴾ (۳۴)

حقیقت شمس کے ساتھ پوری پوری مناسبت رکھی ہے۔ اگر ہم عرف کی زبان میں یوں کہیں کہ یہ سورج کی تسبیح خوانی ہے تو اس کی گنجائش ہے اور اگر ہم یہ کہیں کہ یہ آیت سورج کی پیشانی پر خط نورانی مقدس سے لکھی ہوئی ہے تو اس کی بھی گنجائش ہے۔ اسی طرح ہر ستارے کے مناسب ایک آیت ہے اور یہ مسئلہ (مناسبات کو اکب بآیات قرآنی) فن عجائب القرآن کے دقیق مسائل میں سے ایک ہے۔ بعض احادیث میں، جن کی سند ضعیف ہے، یہ ملتا ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کے نام سورج کی پیشانی پر یا ساق عرش (عرش کے ستون) پر لکھے ہوئے ہیں یا جنت کے دروازے پر ہیں یا طوبیٰ کے شاخ وبرگ پر نوشتہ ہیں۔ سب اہل حدیث ان حدیثوں کو

مناکیر (غیر مقبول) میں سے جانتے ہیں مگر ہمارے نزدیک یہ معناً صحیح ہیں اگرچہ ان کی کوئی مضبوط سند نہ ملتی ہو۔ کیونکہ یہ بزرگوار (حضرات ابو بکر و عمرؓ) صورت ناسوتیہ کے ظہور سے پہلے ایک شعشعان (ہلکا لطیف سایہ / پرتو) رکھتے تھے، پھر اس شعشعان نے بہت سے میدانوں میں سرایت کی اور جیسا کہ بیان ہوا ان میں بعض ان (حضرات) کے مجالات ہیں۔ یہ داستان دراز ہے۔ میں اتنا ہی لکھنے پر اکتفا کرتا ہوں[۳۵]۔

ط۔ تفسیر فاتحہ

شاہ محمد عاشق پھلتیؒ نے اپنے مکتوب میں سورہ فاتحہ کی تفسیر کے بارے میں کچھ تحریر کیا، حضرت شاہؒ اس کی تحسین فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:

آپ نے (بسلسلہ تفسیر سورۂ فاتحہ) بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حمد کو چار وجوہ پر مرتب کیا ہے:

۱۔ ﴿الحمد للہ.....﴾ اس سے معلوم ہوا کہ الوہیت حمد کا تقاضا کرنے والی ہوئی اور اسی الوہیت نے حجر بہتہ سے نمودار ہو کر ہم کو عبادات تک پہنچایا ہے۔

۲۔ ﴿رب العالمین.....﴾ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت نے ایجاداً و ابقاءً (پیدا کرنے اور باقی رکھنے) دونوں حیثیتوں سے انسانوں کے ذمہ حمد کو واجب کیا ہے۔

۳۔ ﴿الرحمٰن الرحیم.....﴾ ظاہری و باطنی نعمتیں یا بالفاظ دیگر دنیوی اور اُخروی نعمتیں حمد کو واجب کرنے والی بن گئیں۔

۴۔ ﴿مالک یوم الدین.....﴾ اس مجازاۃ نے (یعنی جزا و سزا نے) جس کا ہونا آخرت میں ثابت ہے، حمد کا تقاضا کیا۔

آپ نے اس معرفت عظیمہ کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ یہ تمام تحقیق و تفصیل انتہائی صحیح اور اسنخ ہے اور فضل الٰہی کے آثار میں سے ایک اثر و نشانی ہے اور اللہ کے فضل کی کوئی انتہاء نہیں ہے۔ اے اللہ (تحقیق و معرفت) اس کو خوب بڑھا اور پے در پے بڑھا[۳۶]۔

ظ۔ آیت کی وضاحت

شاہ نور اللہ پھلتیؒ کو ایک آیت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

وہ بات جس کا وجدان (ادراک) متحقق ہے یہ ہے کہ صفات میں سے وہ صفت جو کہ انسان کے طور طریق کی مقتضی ہے جیسا کہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَى شَاكِلَتِهِ﴾[۳۷] (کہ

کہہ ہر ایک عمل کرتا ہے اوپر طریق اپنے کے)۔ اس صفت کی اصل وبنیاد میں اشتراک کا ہونا ایک دوسرے کی طرف میلان کا سبب اور جذب و انجذاب کا باعث بن جاتا ہے۔ جتنی وہ صفت اشتراک قوی تر ہو گی۔ جذب و انجذاب اُتنا ہی زیادہ ہو گا۔ اسی انجذاب سے ہم نیک فال لیتے ہیں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ حظیرۃ القدس میں حرکت کی مشقت سے آسودہ اور بے فکر ہو کر ہم آپس میں ابد الاباد تک مجتمع رہیں گے۔

(ترجمہ شعر عربی) "جب سے مجھ کو میرے قلب نے غنی کیا، میں غنی ہو گیا اور ہم وہاں ہیں جہاں ہمارے (احباب) ہیں اور ہمارے احباب وہاں ہیں جہاں ہم ہیں"۔

آج ہم اسی نکتے پر اکتفا کرتے ہیں تا آنکہ ہمارے اُوپر اُس کی شرح اور زیادہ واضح اور روشن ہو جائے[۳۸]۔

ع۔ سورہ نور کی وضاحت

شاہ محمد عاشق پھلتی کو سورہ نور میں لفظ نور کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ میں کہ جس کو ﴿ أَنْزَلْنَاهَا ---﴾ [۳۹] کے عظیم الشان کلمہ سے شروع فرمایا ہے (یعنی سورۂ نور میں) اس حالت عجیبہ کی ان الفاظ میں خبر دی ہے: ﴿اللَّهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ [۴۰] (اللہ تعالیٰ نور ہے آسمانوں اور زمین کا) مثل نور الخیعنی قلب عارف کامل کے اندر اس کے نور کی مثال ایسی ہے۔ جیسے کہ مشکوٰۃ (طاق) کے اندر چراغ رکھا ہو۔

(اب) کوئی شک نہیں رہا کہ اسی حالت عجیبہ کو اس مثال کے ضمن میں ظاہر فرمایا گیا ہے۔ اور حمد اللہ ہی کے لیے ہے شروع میں بھی اور آخر میں بھی[۴۱]۔

آیات کی ان تشریح وتوضیح سے واضح ہوتا ہے کہ ان مکاتیب میں حضرت شاہؒ پر تفسیر اشاری کا رجحان غالب رہا۔ لیکن تفسیر اشاری کی یہ وہ نوعیت ہے جسے قبول کیا جاتا ہے۔ ان تفسیری اشارات سے حضرت شاہؒ کے صوفیانہ افکار اور ان کو قرآنی آیات سے کرنے کا ملکہ بھی سامنے آتا ہے۔

۳۔ آیات کی طرف اشارے

کئی مقامات پر حضرت شاہؒ نے قرآنی آیت کی تفسیر تو بیان نہیں فرمائی لیکن آیت کو جملوں میں اس طرح استعمال کیا کہ اس آیت کی کوئی تعبیر ضرور سامنے آتی ہے۔ چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

الف۔ کسی عزیز کو امراض قلب کے بارے میں بتاتے ہوئے لکھتے ہیں:

امراض سلوک اگرچہ بہت ہیں مگر وہ چار اقسام پر منحصر ہیں:

۱۔ یہ کہ عقل، ایمان و معرفت سے پر نہ ہو۔

۲۔ قلب، اصل جبلت میں، ہمت و عزیمت والا نہ ہو۔

۳۔ نفس، حکم قلب سے مغلوب اور اس کا ماتحت نہ ہو۔

۴۔ یہ کہ قلب کا اشتغال، عبودیت میں اتنا قلیل ہو جو ناکافی ہو اور (آیت): ﴿لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِنْ جُوعٍ﴾[۴۲] کا یہ اشتغال قلیل مصداق ہو[۴۳]۔

ب۔ شاہ محمد عاشق پھلتی نے ایک خواب دیکھا اس میں زرد پلاؤ کا ذکر بھی آیا آپ اس خواب کی تعبیر تحریر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اور زرد پلاؤ کی خصوصیت اس آیت کریمہ سے سمجھی جاسکتی ہے۔

﴿صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ﴾[۴۴]۔ یہ اسلوب مکاتیب میں بہت استعمال ہوا ہے[۴۵]۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی قرآنی خدمات کثیر الجہات ہیں۔ انہوں نے جہاں عام فہم ترجمہ کے ذریعہ قرآنی ذوق پیدا کرنے کی سعی کی وہاں قرآن کریم سے اخذ ہونے والے دقیق اور گہرے نکات کو بھی ذکر فرمایا۔ ان مکاتیب سے پتہ چلتا ہے کہ آپ تفسیر اشاری کو جائز سمجھتے تھے مکاتیب کے اس مجموعہ میں آپ نے قرآنی تشریحات اسی اسلوب پر کی ہیں۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ ان تصانیف کے لیے ملاحظہ فرمائیں: فاروقی، نثار احمد، مقدمہ: نادر مکتوبات، تحقیق و ترجمہ: نسیم احمد فاروقی، حضرت شاہ ولی اللہ اکیڈمی پھلت، ۱۹۹۸ء، متفرق صفحات۔

۲۔ شاہ ولی اللہ کے ماموں زاد بھائی، برادر نسبتی شاگرد، اور مرید و خلیفہ۔

۳۔ نادر مکتوبات جلد اول، ص: ۱۷۶۔۱۷۷۔

۴۔ ایضاً، ص: ۲۲۲۔

۵۔ ایضاً، ص: ۳۲۰-۳۲۱۔

۶۔ نامور شاگرد اور خلیفہ۔

۷۔ نادر مکتوبات ص: ۳۰۹-۳۱۱۔

۸۔ ایضاً، ص: ۵۱۔

۹۔ سورۃ المطففین، ۱۲-۱۸:۸۳

۱۰۔ سورۃ المطففین، ۱۰-۷:۸۳

۱۱۔ نادر مکتوبات، ص: ۵۲-۵۴۔

۱۲۔ سورۃ مریم، ۱۹ : ۴۱۔

۱۳۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۱۲۴۔

۱۴۔ نادر مکتوبات، ص: ۸۹- ۹۰۔

۱۵۔ سورۃ الصافات، ۳۷ : ۱۶۴۔

۱۶۔ سورۃ الصافات، ۳۷ : ۱۶۵۔

۱۷۔ سورۃ الصافات، ۳۷ : ۱۶۶۔

۱۸۔ نادر مکتوبات، ص: ۱۱۲-۱۱۴۔

۱۹۔ آپ شاہ ولی اللہ کے شاگرد ہیں۔

۲۰۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۱۲۴۔

۲۱۔ سورۃ الشعراء، ۲۶ : ۲۲۵۔

۲۲۔ نادر مکتوبات، ص: ۱۴۷۔

۲۳۔ سورۃ الأعراف، ۷ : ۱۹۶۔

۲۴۔ نادر مکتوبات، ص: ۱۷۲۔

۲۵۔ سورۃ الذاریات، ۵۱: ۵۶۔

۲۶۔ صحیح البخاری، محمد بن اسماعیل بخاری، حدیث: ۱۔

۲۷۔ نادر مکتوبات، ص:۱۸۰-۱۸۳۔

۲۸۔ سورۃ الذاریات، ۵۱: ۵۶۔

۲۹۔ نادر مکتوبات، ص:۱۷۶۔

۳۰۔ سورۃ المؤمنون، ۲۳: ۱۴۔

۳۱۔ نادر مکتوبات، ص:۱۹۱-۱۹۲۔

۳۲۔ سورۃ آل عمران، ۳ : ۱۶۹۔

۳۳۔ نادر مکتوبات ، ص:۱۹۲-۱۹۱۔

۳۴۔ سورۃ غافر، ۴۰: ۱۵۔۱۶۔

۳۵۔ نادر مکتوبات، ص:۲۰۶۔

۳۶۔ ایضاً، ص:۲۱۸۔

۳۷۔ سورۃ الإسراء، ۱۷: ۸۴۔

۳۸۔ نادر مکتوبات، ص:۲۵۴۔

۳۹۔ سورۃ النور، ۲۴ : ۱ ۔

۴۰۔ سورۃ النور، ۲۴ : ۳۵۔

۴۱۔ نادر مکتوبات، ص:۲۵۳ ۔

۴۲۔ سورۃ الغاشیۃ، ۸۸ : ۷ ۔

۴۳۔ نادر مکتوبات، ص: ۹۲۔

۴۴۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۶۹۔

۴۵۔ ملاحظہ فرمایئے:ص:۱۱۹، ۱۲۰، ۱۲۱، ۱۹۳، ۲۷۰، ۲۷۶، ۳۰۱۔

نواب صدیق حسن خاںؒ کی تفسیری خدمات کا جائزہ

A Review of Nawab Siddique Hasan Khan's Contribution in Exegesis

ڈاکٹر عبدالرازق گوندل☆

Abstract

Nawab Siddique Hassan Khan is one of the prominent name in the Literary History of Subcontinent. His scholarly role and contribution in major fields of Islamic Sciences shows his profound approach to them. His study comprises many fields of Islamic Studies for them this research is not suffice. This short study is to find out his work only on Holy Qur'an and Its sciences. He wrote exegeses as well as many books on Qur'anic Sciences. His remarkable work on the specfic field also reflects his deep study on it.

کلام الٰہی قرآن مجید فرقان حمید وہ منبع نور ہدایت ہے جو خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ پر انسانی ہدایت کے لیے نازل ہوا جس کا ایک ایک لفظ معانی و حقائق کا گراں قدر خزینہ ہے۔ عہد رسالت سے لے کر آج تک قرآن مجید کے ساتھ مسلمانوں کا گہرا شغف رہا ہے۔

انفرادی واجتماعی زندگی کے مسائل کے حل میں قرآن ان کا مرجع و محور ٹھہرا۔ یہی وجہ ہے کہ ہر عہد و ہر خطے میں مسلم علماء کی توجہ کا مرکز علم تفسیر ہی رہا۔ مسلم تفسیری ادب کا ایک معتد بہ حصہ برصغیر کے اہل علم کی کاوشوں پر مشتمل ہے۔ یہاں کی ابتدائی کاوشوں میں ابن حمید السندھیؒ (م:۲۴۹ھ / ۸۶۳ء) کا نام معروف ہے۔ ان کے بعد شیخ اشرف جہانگیر سمنانیؒ (م:۸۰۸ھ / ۱۴۰۶ء) شیخ محمد بن حسن یوسف حسنی دہلویؒ (م:۸۲۸ھ / ۱۴۲۴ء) شیخ علاؤ الدین علی بن احمد المہائمی (م:۸۳۵ھ / ۱۴۳۲ء) قاضی شہاب الدین دولت آبادیؒ (م: ۸۴۸ھ / ۱۴۴۵ء) شیخ حسین بن خالد ناگوریؒ (م:۹۰۱ھ / ۱۴۹۶ء) حاجی عبدلواہاب بخاریؒ (م:۹۳۳ھ / ۱۵۲۷ء) شیخ مبارک بن خزرمؒ (م:۱۰۰۱ھ / ۱۵۹۳ء) صاحب سواطع الالھام ابو الفیض

☆ لیکچرر، شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، جڑانوالہ، پاکستان۔

فیضیؒ(م:۱۰۰۴ھ / ۱۵۹۵ء) شیخ طاہر بن یوسف سندھیؒ(م:۱۰۰۴ھ / ۱۵۹۵ء) شیخ منور بن الحمید(م:۱۰۱۱ھ / ۱۶۰۳ء) شیخ نظام الدین تھانیسریؒ (م:۱۰۲۴ھ / ۱۶۱۵ء) شیخ عیسیٰ بن قاسم سندھیؒ (م:۱۰۳۱ھ / ۱۶۲۲ء) شیخ نعمت بن عطا اللہ فیروز پوریؒ(م:۱۰۷۲ھ / ۱۶۶۲ء) شیخ یحییٰ بن محمد حسینی گجراتیؒ(م:۱۱۰۱ھ / ۱۶۹۰ء) شیخ جمال الدین گجراتیؒ(م:۱۱۲۴ھ / ۱۷۱۲ء) شیخ علی اصغر قنوجیؒ(م:۱۱۴۰ھ / ۱۷۲۷ء) شیخ کلیم اللہ جہان آبادیؒ (م:۱۱۴۱ھ / ۱۷۲۸ء) شیخ فتح محمد سید انویؒ(م:۱۱۴۳ھ / ۱۷۳۴ء) اور محمد حکم بریلویؒ (م:۱۱۵۰ھ / ۱۷۳۷ء نے تفسیر قرآن میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔

بعد ازاں عظیم خادم قرآن حضرت شاہ ولی اللہ المعروف محدث دہلویؒ نے قرآن پاک کو مقامی زبانوں میں سمجھنے کیلئے ترجمے کا آغاز کیا۔ ان کے بیٹوں، شاہ عبدالقادرؒ اور شاہ رفیع الدینؒ نے اردو دان طبقہ کے لیے فہم قرآن کی راہ ہموار کی۔ شاہ عبدالقادر دہلویؒ(م:۱۲۰۵ھ / ۱۸۱۷ء) کے ۵۱ سال بعد ایک ایسی نابغہ روزگار ہستی نے جنم لیا جس نے ولی اللہی فہم قرآن کی تحریک کی ابتدائی پھوٹتی ہوئی کونپل کو خون جگر سے یوں سیر اب کیا کہ کچھ ہی عرصہ بعد وہ ایسا تناور درخت بن گیا کہ اس کے بعد آنے والے عامۃ الناس ہی نہیں بلکہ خواص بھی مستفید ہوئے بغیر نہ رہ سکے [۱] مقالہ ھٰذا میں برصغیر کے اس عظیم مفسر کے احوال و آثار اور ان کی تفسیری خدمات کا مختصر تعارفی جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

عظیم مفسر قرآن نواب صدیق حسن خان قنوجیؒ، برصغیر پاک وہند کے بیسویں صدی کے مفسر قرآن ہیں۔ آپ کی پیدائش ۱۹ جمادی الاول ۱۲۴۸ھ / ۱۴ اکتوبر ۱۸۳۲ء بروز یکشنبہ (اتوار) اپنے ننھال کے ہاں بریلی میں ہوئی [۲]۔

آپؒ نے حصول تعلیم کے لیے بھوپال، بلگرام، ٹونک، فرخ آباد، کانپور اور دہلی وغیرہ شہروں کے سفر کیے اور اپنے عہد کے بڑے بڑے علماء سے کسب فیض کیا۔ مفتی دہلی اور صدر الصدور مفتی صدر الدین خان سے تعلیم کی تکمیل کرنے اور فارغ التحصیل ہونے کے بعد محمد صدیق حسن خان نے جب مراجعت وطن کا قصد کیا تو مفتی صدر الدین خان نے آپ کو اپنی مہر اور دستخط ثبت کر کے سند عطا کی [۳]۔

آپؒ تعلیم وتربیت کی منزلیں طے کرنے کے بعد دین و دنیاوی اعتبار سے عالی مرتبے پر فائز ہوئے۔ ایک وقت آیا وہ ملکہ بھوپال نواب شاہ جہاں بیگم کے دربار میں پہنچے اور سرکاری خدمات سرانجام دینے لگے۔ آخر کار نواب شاہ جہاں بیگم ان کے علم و فضل اور انتظامی امور سے اتنی متاثر ہوئیں کہ ان کے حبالہ عقد میں آ گئیں [۴]۔

نواب صدیق حسن خانؒ نے ۵۹ سالہ مختصر عمر پائی اور آپؒ نے بھوپال کی حکمرانی، درس و تدریس، تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری رکھا۔ زندگی کے مختلف شعبہ جات مثلاً تاریخ العلوم و علماء، حدیث، عقائد، لغت، طبقات، فقہ، اصول فقہ، تاریخ، فقہ الحدیث، بدیع، کلام، مواعظ، محبت، دعوات، اصول الدین، منجیات، علم الآخرہ، تصوف، توحید، مہلکات، ملل و نحل، فقہ السنۃ، موعظت و وصایا، کشکول، شعر، اصول حدیث، ادب، سیرت، سوانح، مناقب، صرف، منطق، سیاست، اخلاقیات، متفرقات اور تفسیر سے متعلق آپ نے کتب تحریر فرمائیں جن کی تعداد ۲۲۲ سے زائد ہے[۵]۔

یہ آپ کی تصنیف و تالیف کے شغف پر دال ہیں اور ان تمام سے بڑھ کر قرآن و علوم قرآن سے آپ کا خاص شغف تھا۔ آپ کا تحریری سرمایہ ہزاروں صفحات پر مشتمل ہے۔

ان کی خدمات جلیلہ کا اعتراف دنیا کی مختلف جامعات میں ایم۔ فل اور پی ایچ ڈی کی سطح پر ہونے والے کام اور تحقیقی مقالات سے واضح ہوتا ہے۔ ان میں بعض قابل ذکر تحقیقی مقالات درج ذیل ہیں:

۱۔ "لائف اینڈ ورکس آف نواب صدیق حسن خان" کے عنوان پر سعید اللہ خان نے کیمبرج یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔

۲- "نواب صدیق حسن خان" کے عنوان پر رضیہ حامد نے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔

۳- "السید صدیق حسن القنوجی آراءہ الاعتقادیہ و موقفہ من عقیدۃ السلف" کے عنوان پر ڈاکٹر اختر جمال لقمان (سعودی عرب) نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ مندرجہ بالا تینوں مقالات زیور طبع سے آراستہ ہو چکے ہیں۔

۴- اجتباء ندوی نے بھی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے نواب صدیق حسن خان پر پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔

۵- "نواب صدیق حسن خان قنوجی اور لغت نویسی" کے عنوان پر عدیل الرحمن نے شیخ زید اسلامک سنٹر پنجاب یونیورسٹی سے تحقیقی مقالہ لکھ کر ایم فل کی ڈگری حاصل کی۔

۲۰۰۵ء میں جامعہ سلفیہ بنارس (انڈیا) میں نواب صدیق حسن خان کی علمی و دینی خدمات پر تین روزہ سیمینار منعقد کیا گیا۔ جس میں نواب صاحب کی علمی، تصنیفی اور دینی خدمات کا جائزہ لیا گیا۔

راقم نے پی ایچ ڈی کے تحقیقی مقالہ کیلئے نواب صاحب کی تفسیر "ترجمان القرآن بلطائف البیان" کا انتخاب کیا۔ مندرجہ بالا تحقیقی کام آپ کی عظمت کا بیّن ثبوت ہیں[۶]۔

علم و عمل کا یہ عظیم نمونہ، تصنیف و تالیف کا نامور شہنشاہ، اخلاقِ حسنہ کا اعلیٰ پیکر، رئیس المفسرین، خاتم المحدثین، بہترین ادیب و شاعر، قرآن و سنت کا بے مثال داعی اور ریاست بھوپال کا عادل و عالم حکمران، مرض استسقاء میں چند ماہ مبتلا رہ کر، ۲۹ جمادی الاخریٰ ۱۳۰۷ بمطابق ۲۰ فروری ۱۸۹۰ء کو اس جہانِ فانی سے رحلت فرما گئے[۷]۔

تفسیر قرآن اور علوم قرآن کے میدان میں نواب صاحبؒ کا دائرہ تصنیف بہت وسیع ہے، نہ صرف برصغیر پاک و ہند میں بلکہ پوری دنیا میں، بہت کم ایسی شخصیات گزری ہیں جنہوں نے قرآن اور علوم قرآن کے موضوع پر اتنا بڑا ذخیرہ تحقیق اپنے پیچھے چھوڑا ہو۔

ان کے استاد حسین بن محسن یمانی رقمطراز ہیں۔

"البارع فی سائر العلوم الجامع بین منطوقها و المفهوم۔۔۔ و کم له من تالیف مفیدة، ورسائل عدیدة فی کل فن من الفنون مابین تفسیر وحدیث وغیر ذلك و أ ظهر فیها شموس البراهین واحتوت علیٰ جمل من الفوائد النفسیة للمستبصرین"[۸]۔

نواب صاحب نے جب علم و معرفت کے میدان میں قدم رکھا، تو پھر زندگی اسی پر رونق باغ میں فنا کر دی اور شاید ہی علم کا کوئی ایسا تالاب ہو جس میں غوطہ خوری نہ کی ہو، آپ کی علمی مہارت اور وسعت کو آپ کے ہم عصر بزرگ سید نعمان بن محمود آلوسی، صاحب روح المعانی، اس انداز سے کرتے ہیں۔

"شیخنا العلامة الإمام الکبیرالأمیر البدر المنیر البحر الجیر فی التفسیر و الحدیث والفقه والأصول والتاریخ والأدب و غیرها، أبوالطیب صدیق حسن بن علی بن لطف الله الحسینی البخاری القنوجی حماه الله تعالیٰ وعافاه عن الشرور۔ ووقاه، وهو الذی نطقت السن الخلائق بالشناء علیه أذلنت الاعداء لف حناله و فرط ذکاءه و دهاءه"[۹]۔

مولانا حکیم سید عبدالحئ حسنی نزہۃ الخواطر میں لکھتے ہیں کہ:

"وکان کثیر العظم لأهل العلم، شدید الاهتناء، مجمع الکتب الصادرة ومحشر علوم السنة وکتب السلف، انفق علیها الأموال الطائلة فامر بطبع تفسیر ابن کثیر مع فتح البیان و فتح الباری للعلامة ابن حجر العسقلانی وقد اشتریٰ نسخته من الحدید وکانت بخط ابن علان و طبعه بمطبعة"بولاق" فی مصر وکلّف طبعه خمسین ألف روبیة وأهداه إلیٰ أهل العلم والمشتغلین بالحدیث فی الهند خارجها وقد انتسخ"سنن الدارمی"عند قوله من الحج و البحرصانج والسفینة مضطربة"[۱۰]۔

آپؒ اہل علم کی تعظیم کرنے والے تھے اور نادر و نایاب کتابوں کی طرف بہت توجہ فرماتے اور موجودہ کتابوں اور اسلاف کی کتابوں کی اشاعت کا بہت زیادہ خیال رکھتے، ان ضرورتوں کے لیے آپ نے بے شمار دولت خرچ کی۔ چنانچہ تفسیر ابن کثیر کے ساتھ فتح البیان اور ابن حجر عسقلانی کی طباعت کا حکم دیا اور اس نسخہ کو الحدیدہ سے خرید اجو ابن علان کے قلم سے تھا، اس کی طباعت بولاق کے مطبع مصر میں کی تھی، اس کی طباعت کے لیے آپ نے ۵۰ ہزار روپے عطا کیے اور پھر اہل علم اور فن حدیث سے تعلق رکھنے والوں کو، جو ہندوستان میں ہوں یا اس سے باہر، ہدیہ کے طور پر دینے کا حکم فرمایا تھا۔ جب آپ حج سے واپس تشریف لا رہے تھے، ایسے زمانہ میں کہ سمندر میں طغیانی تھی اور جہاز بہت زیادہ حرکت میں ادھر ادھر ہو رہا تھا، سنن دارمی کو نقل کروا کر لا رہے تھے۔

آپؒ نے نہ صرف تفسیر قرآن کے بارے میں فتح البیان فی مقاصد القرآن، ترجمان القرآن بلطائف البیان اور نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام جیسی عمدہ تفاسیر کے ذریعے قرآن کی خدمت کی، بلکہ علوم قرآن سے متعلقہ، اکسیر فی اصول التفسیر، افادۃ الشیوخ بمقدار الناسخ و المنسوخ اور فصل الخطاب فی فضل الکتاب جیسی بلند پایہ کتابیں بھی تصنیف کیں۔

آپؒ نے اپنی ان تصانیف میں شریعت مطہرہ کو اقوال الناس وآراء الرجال کی ملاوٹ سے منقی و مصفی کر کے کیا، الغرض آپ کی تمام تصنیفات آپ کی علمیت اور علوم قرآنیہ سے گہری محبت و دلچسپی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ آپ کی علوم قرآنیہ اور تفسیر قرآن سے متعلقہ تصنیفات و تالیفات کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

نواب صاحب کی علوم قرآنیہ سے متعلقہ تصانیف (الف بائی ترتیب سے):

۱۔ افادۃ الشیوخ بمقدار الناسخ والمنسوخ

مطبع محمدی لاہور سے ۱۳۱۸ھ / ۱۹۰۰ء کو طبع ہوئی۔

نواب صاحب اس کتاب کے آغاز میں یوں تعارف کرواتے ہیں:

"این رسالۃ ۱۲۸۶ھ و ثمانین مائتین والف الھجریہ پرداخت و مشتمل بریک مقدمہ ودوباب ویک خاتمہ ساخت واسامخہ الشیوخ بمقدار الناسخ نام نھاد مقدمہ دربیان معانی نسخ واحکام او باب اول وناسخ ومنسوخ، قرآن کریم ترتیب سور باب دوئم درناسخ ومنسوخ حدیث خاتمہ"[۱۱]۔

نواب صاحب فرماتے ہیں:

"یہ رسالہ ۱۲۸۶ھ / ۱۸۷۰ء میں لکھا گیا، یہ قرطاس ایک مقدمہ، دوابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں نسخ کے معنی و احکام باب اول میں بعض آیات کے نسخ کے متعلق علماء کا اختلاف اور باب ثانی میں حدیث کے ناسخ و منسوخ کا بیان ہے"۔

۲۔ اکسیر فی اُصول التفسیر

مطبع نظامی کان پور سے ۱۲۹۱ھ / ۱۸۷۵ء کو معرض اشاعت میں آئی۔ بڑی تقطیع کے ۱۳۰ صفحات کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ یہ کتاب فارسی میں ہے اور دو حصوں پر مشتمل ہے۔ اس کے پہلے حصے میں وجہ تالیف، اس کے بعد مقدمہ، پھر اس کے بعد اصول التفسیر، وجوہ معانی قرآن، باب دوم میں وجوہ معانی قرآن، تیسرے باب میں وجوہ خفائے نظم قرآن، چوتھے باب میں تفسیر و حل اختلاف، پانچویں باب میں جمع و ترتیب نزول و نازل چھٹے باب میں بعض مقاصد قرآن اور ساتویں باب میں فضل و تلاوت و تعلیم قرآن دوسرے حصے میں ۱۳۰۰ مفسرین اور ان کے حالات کا تذکرہ ہے۔

معروف مورخ اسحاق بھٹی اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اس موضوع کی یہ کتاب ہے جو ارض برصغیر کے ایک عالم نے تصنیف کی۔ نواب صاحب نے اسے حروف تہجی کی ترتیب سے تحریر فرمایا ہے[۱۲]۔

۳۔ فصل الخطاب فی فضل الکتاب

یہ کتاب اردو میں ہے، ۱۳۰۵ھ / ۱۸۸۷ء میں آپؒ نے یہ تحریر فرمائی۔۔ پہلے بھوپال میں مطبع فاروقی دہلی سے ۱۳۱۴ھ / ۱۸۹۶ء میں طبع ہوئی۔ بڑے سائز کے ۲۳ صفحات پر مشتمل ہے۔ قرآن مجید کے فضائل اور اس کے متعلق ہے اور اس موضوع کا پوری طرح سے احاطہ کیے ہوئے ہے[۱۳]۔

نواب صاحبؒ فرماتے ہیں:

اس میں احادیث صحیحہ و اقوال ائمہ دین سے جو معارف، خصائص و مزایائے فرقان کریم تھے قرآن عظیم کے کچھ فوائد و منافع لکھے جاتے ہیں یہ تو ظاہر ہے کہ اللہ کے کلام کو وہی فضیلت باقی کلاموں پر حاصل ہے جو خود اللہ تعالیٰ کو ساری مخلوق پر ثابت ہے۔ اگر سارے جن وانس مجتمع ہو کر یہ چاہیں کہ قرآن کی طرح کا کلام بنالائیں تو ہر گز نہیں لا سکتے اگرچہ بعض بعض کے ظہیر و نصیر کیوں نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس کلام مقدس میں ایک ایک تذکیر کے لیے کئی کئی مثالیں ذکر کی ہیں کہ ان کو علماء ہی جانتے ہیں۔ یہ وہ کلمات طیبات ہیں کہ اگر سارے درخت قلم اور سارے دریا سیاہی ہوں تب بھی ختم نہ ہو سکیں۔ اس کلام مبارک کے ہوتے ہوئے بشر کے کسی کلام کا وظیفہ

کرنا اور ترتیبات مشائخ و علماء پر مائل ہونا کتنی بڑی بے ادبی و نادانی و محرومی ہے۔ اسی وجہ سے میں نے اس رسالہ میں آیات کتاب اللہ اور اس کی سورتوں پر زیادہ گفتگو کی ہے اور قدرے ماسوا پر وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت و الیہ اُنیب[۱۴]۔

تفاسیر (جزوی)

۱۔ تذکیر الکل بتفسیر الفاتحہ واربع قل

یہ مطبع مفید عام الکائن آگرہ سے ۱۳۰۴ھ / ۱۸۸۷ء کو شائع ہوئی، یہ ۶۲ صفات پر مشتمل ہے۔

نواب صاحب خود لکھتے ہیں:

یہ پانچ سورتوں کی تفسیر اردو زبان میں ہے جو کہ ۲۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ نواب صاحب فرماتے ہیں، ان پانچ سورتوں کی تفسیر الگ اس لیے لکھی کہ ان کی تلاوت کا اتفاق رات دن ہر مسلمان کو نماز میں ہوا کرتا ہے۔ مراد ان پانچوں سورتوں سے فاتحہ الکتاب، وہر چہار قُل ہیں کہ ہر پانچ سورہ توحید پر خداوند مجید کی دلیل ہے۔ جس نے ان کے معنی سمجھ لیے، وہ پکا مسلمان ہو گیا، اب اس کی عبادت ٹھیک ہو گی اور وہ شرک سے بچ جائیگا[۱۵]۔

ان پانچ سورتوں کی تفسیر ایک الگ کتابی شکل میں لکھنے کا سبب یوں بیان کرتے ہیں:

فرماتے ہیں کہ: تمام مقدمہ ان سورہ کے معنی پر تفسیر ترجمان القرآن و فتح البیان میں ہی استیفاء تمام مضامین کا اس جگہ خواہ خواں دفاتر گراں بار ہے[۱۶]۔

تفسیر کبیر میں فقط ایک سورۂ فاتحہ سے دس ہزار مسائل کا استخراج کیا ہے اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ اور ابن القیم رحمتہ اللہ علیہ نے تفسیر معوذتین استقلالاً لکھی ہے۔ لیکن ان علوم غامذہ کا سمجھنا اہل علم کا کام ہے، نہ کہ عوام کا اور مقصود ہمارا اس جگہ سمجھانا عوام کا ہے[۱۷]۔

(مکمل تفاسیر) (یہ الف بائی ترتیب ہے اسے تاریخی / اشاعتی ترتیب سے بھی مرتب کیا جاسکتا ہے):

۱۔ ترجمان القرآن بلطائف البیان

اس وقت دستیاب یہ تفسیر خود نواب صاحب کے قلم سے مکمل نہیں ہوئی تھی۔ ابتداء قرآن (سورۂ فاتحہ) سے لے کر (سورۂ الکہف) اور آخری دو پارے، جو سات جلدوں پر مشتمل ہے، نواب صاحب کے رشحات قلم کا نتیجہ ہے۔ باقی آٹھ جلدیں یعنی تکملہ، ان کے شاگرد خاص جناب ذوالفقار احمد نقوی بھوپالوی نے ان کی وفات کے بعد لکھنا شروع کیا، اس تفسیر کی تالیف کا آغاز ۱۳۰۲ھ / ۱۸۸۵ء میں ہوا، یہ وہ زمانہ تھا کہ ایک طرف لگائے گئے

بے بنیاد الزامات کی وجہ سے "انتزاع خطابات واختیارات" ہو چکا تھا، دوسری طرف حیات مستعار بھی پوری ہونے کے قریب تھی لیکن اس کے باوجود آپ نے عوام الناس کے پر زور اصرار پر تفسیر کا آغاز کیا۔ چنانچہ "ترجمان القرآن بلطائف البیان" کے مقدمہ میں لکھتے ہیں: "رمضان المبارک ۱۳۰۲ھ / جون ۱۸۸۵ء بروز دو شنبہ (سوموار) کو میں نے تفسیر لکھنے کا آغاز کر دیا ہے۔ رمضان المبارک میں لکھنا اس لیے شروع کیا کہ سب سے پہلے آسمان دنیا سے نزول قرآن اسی بابرکت مہینے میں ہوا"[۱۸]۔

چھٹی جلد ۲ رمضان المبارک بروز جمعہ ۱۳۰۶ھ / مئی ۱۸۸۹ء کو تحریر فرمائی۔ اس طرح نواب صاحب کی تحریر کردہ سات جلدیں عرصہ چار سال میں مکمل ہوئیں۔ جلد کے آخر میں لکھتے ہیں:

اس ترجمے کے لکھنے کا عجیب حال رہتا ہے، ایک زمانے تک تحریر اس کی بند ہو جاتی ہے، پھر قدرے تمحیص کے کبھی عجالۃ اور کبھی تدریجاً لکھنا اس کا شروع کیا جاتا ہے اور لحاظ ترتیب کا بھی بخوبی نہیں رہتا۔ دوپارہ کی تفسیر (یعنی آخری دوپارے) قبل اس کے لکھی جا چکی ہے اور ہر جلد کے آخر میں تاریخ مسودہ ضبط ہوتی ہے، کوئی یہ نہ سمجھے کہ تقدیم تاخیر تاریخ کی نفس الامر میں غلطی ہے۔ بلکہ صحیح ہے[۱۹]۔

جیسا کہ گزشتہ اوراق میں تذکرہ ہوا کہ نواب صاحب نے تفسیر کی سات جلدیں لکھیں، جو کہ سورۂ فاتحہ سے سورۂ الکہف اور آخری دو پاروں کی تفسیر پر مشتمل ہے، جبکہ باقی ۸ جلدیں آپ کے شاگرد اور رفیق خاص جناب ذوالفقار علی نقوی بھوپالی نے لکھیں اور اس طرح یہ تفسیریں مکمل ہوئیں، ذوالفقار علی نے صفر ۱۳۰۸ھ / ۱۸۹۱ء کو اس کا آغاز کیا جیسا کہ وہ خود رقمطراز ہیں:

۲ صفر روز چار شنبہ یازدہ ساعت شب پنجشنبہ ۱۳۰۸ھ / ۱۸۹۱ء سے تفسیر لکھنا شروع کیا، اللہ تعالیٰ کے بے حساب احسانات ہیں کہ اس نے محض اپنی حول قوت سے آٹھ جلدیں لکھوا دیں[۲۰]۔

اسی طرح جناب ذوالفقار علی نقوی، نواب صاحب کی کمزوری صحت کے بارے میں اس طرح رقمطراز ہیں: بعنوان "حسن الخاتمہ"

نواب صاحب فرماتے تھے کہ اب میں ضعیف ہو گیا ہوں، تفسیر کا لکھنا مجھ پر شاق گزرتا ہے، ذرا ذرا سے رسالے لکھنے میں جی لگتا ہے اس لیے وہ تمام جلد تمام ہو جاتے ہیں۔ ۱۵ ذی القعدہ ۱۳۱۴ھ / ۱۴ اپریل ۱۸۹۷ء کو یہ تکملہ آٹھ جلدوں میں تمام کر دی[۲۱]۔

اس تفسیر کا پہلا ایڈیشن پندرہ (۱۵) جلدوں میں مطبع مفید عام الکائن آگرہ ہندوستان ۱۳۰۲ھ / ۱۸۸۹ء تا ۱۳۱۴ھ / ۱۸۹۷ء میں شائع ہوا۔ جب کہ راقم کے پاس جو نسخہ موجود ہے وہ سولہ جلدوں پر مشتمل ہے۔ پہلی جلد پر ۱۳۰۶ھ رقم ہے۔ جبکہ آخری جلد ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء میں طبع ہوئی (۲۲)۔

ابتدائی چھ جلدوں کے بعد ساتویں اور آٹھویں جلدیں ان کی وفات کے بعد مولانا محمد بن ہاشم کھڈیاں والا نے لکھیں۔ ساتویں جلد بقیہ سورۂ المریم کے آخر میں وہ اس کا یوں اظہار کرتے ہیں۔

خاکسار محمد بن ہاشم رہنے والا قصبہ کھڈیاں ضلع لاہور کا کہ اس عاجز پر اللہ پاک کا بڑا انعام ہوا کہ "ترجمان القرآن بلطائف البیان" کے پورا کرنے کا خیال دل میں سمایا مگر چند در چند اس کا پورا کرنا میسر آیا۔ پھر بھی اس اثنا میں تفسیر سورۂ مریم کی اللہ پاک نے لکھوائی اب بتوفیق الٰہی اس اضعف العباد کو اس امر اہم اور تکمیل تسہیل القاری شرح صحیح بخاری کی مشغولی نصیب ہوئی۔ اللہ پاک عزیز کتاب کی تفسیر اور جناب شاہ رسالت علیہ التحیۃ والتسلیم کی کتاب کی شرح کی تکمیل اپنی توفیق اور عنایت سے اختتام کو پہنچا دے۔ تکمیلها لیس علیه بعزیز لأنّه قدیر و بالإجابة جید۔ اب ہر مسلمان پر لازم ہے کہ اللہ جل جلالہ کے آگے میری دارین کی عافیت کے واسطے عاجزی کرے اور ہاتھ اٹھائے کہ مجھ ضعیف نحیف کو دنیا میں ہر طرح کی عافیت دیوے اور آخرت میں محض اپنے فضل سے بخش دے۔ عاجز نے تفسیر کو اسی ڈھنگ پر شروع کیا ہے جیسے نواب صاحبؒ مرحوم نے لکھی بلکہ اتنا کام اور بھی کیا کہ جو آیات معرض استدلال میں بیان کی گئی ہیں ان کا ترجمہ بھی متن میں درج کر دیا بخلاف نواب صاحبؒ مرحوم کے، انہوں نے ان کا ترجمہ حاشیے پر لکھوایا، اور وہ احادیث جو آیات کی تفسیر میں بیان کی گئی ہیں ان کا ترجمہ بھی متن میں درج کر دیا بخلاف نواب صاحب مرحومؒ کے، کہ انہوں نے ان کا ترجمہ حاشیہ پر لکھوایا اور وہ احادیث جو آیات کی تفسیر میں بیان کی گئی ہیں ان کا ترجمہ بھی متن میں لکھ دیا بخلاف نواب مرحوم کے کہ انہوں نے احادیث کا ترجمہ لکھا بھی نہیں (۲۳)۔

نواب صاحب نے تفسیر میں قرآن، حدیث، اقوال صحابہ و تابعین اور لغت سے استشہاد اور امہات کتب سے اخذ و استفادہ کا اسلوب اختیار کیا جس میں محدثین کے اسلوب کے مطابق روایت و درایت کا التزام کیا اور محدثین کے مسلمہ اصولوں کی روشنی میں صحت کے معیار پر پوری نہ اترنے والی روایات پر نقد بھی کیا۔ آپ نے عقائد میں اہل سنت والجماعت کے طریقہ کی پیروی کی اور فرق باطلہ مثلاً جہمیہ، معتزلہ، خوارج وغیرہ کا دلائل عقلی و نقلی سے رد کرتے ہوئے مسلک اہل سنت کی تائید کی۔ موصوف سلفی المسلک ہیں اور فقہی مسائل میں نہ تو کسی خاص مسلک کی پیروی کی اور نہ ہی تقلید کو مستحسن گردانا بلکہ اجتہاد کو امت کی ضرورت سمجھتے ہوئے اس پہ زور دیا۔ آیات

احادیث سے براہ راست استنباط و استخراج کا رجحان غالب ہے اس کے ساتھ ساتھ ان کی اس تفسیر کا غالب رجحان تطبیق اور اعتدال پسندی ہے اس وجہ سے اسے تمام مسالک میں یکساں قدر و منزلت حاصل ہے۔

علماء نے اپنے سلف کے تفسیری کام کو عوام الناس تک پہنچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی ہے اسی سلسلہ میں وقت کی ضرورت سمجھتے ہوئے نواب صاحب کی تفسیر کی تسہیل کا کام شروع کیا گیا۔ ۱۹۹۲ء۔۱۹۹۵ء میں انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور کے شعبہ علوم اسلامیہ کے پروفیسر اسرائیل فاروقی، پروفیسر حافظ محمد ایوب اور پروفیسر عبدالحفیظ چودھری نے تسہیل کا سلسلہ شروع کیا جو کہ تحقیقی و علمی (سہ ماہی) رسالہ "محدث" ماڈل ٹاؤن لاہور میں قسط وار ۱۹۹۱ء سے ۱۹۹۵ء تک شائع ہوئی۔ جس میں نصف سورۂ البقرہ تک تسہیل کا کام ہو سکا، بعد ازاں لاہور سے تسہیل شدہ ایک جلد شائع ہوئی جو کہ سورۂ البقرہ اور کچھ حصہ آل عمران یعنی تین پاروں پر مشتمل ہے[۲۴] (مکتبہ اصحاب الحدیث "مچھلی منڈی" لاہور) ابھی تک یہ کام نامکمل رہا۔

ڈاکٹر محمد یوسف فاروق، رئیس ادارہ احیاء التراث اہل السنۃ، الٰہ آباد، ضلع گوجرانوالہ، جو کہ حافظ عبدالمنان محدث پنجاب کے اخلاف میں سے ہیں، نے تسہیل کروانے کا ارادہ کیا۔ اس ارادہ کی تکمیل ان کے قریبی دوست محمد یحییٰ قریشی ولد محمد امین قریشی کے ہاتھوں پایہ تکمیل کو پہنچی۔ یحییٰ قریشی، جو کہ ایک سرکاری ادارہ میں ملازم تھے، انہوں نے پوری تفسیر کو اپنے ہاتھ سے لکھا، قدرے تسہیل بھی کی[۲۵]۔

۲۔ فتح البیان فی مقاصد القرآن

یہ کتاب دس ضخیم جلدوں میں قرآن حکیم کی تفسیر ہے جو پہلی دفعہ ۱۲۸۹ھ / ۱۸۷۲ء کو مطبع صدیقی بھوپال سے ۴ جلدوں میں شائع ہوئی۔ دوسری دفعہ المطبعۃ الکبریٰ المنیریۃ بولاق ۱۳۰۰ھ / ۱۸۸۳ء میں خوبصورت دس جلدوں میں شائع ہوئی۔ تیسری مرتبہ ۱۴۱۲ھ / ۱۹۹۱ء المکتبہ المصریہ بیروت سے پندرہ(۱۵) دیدہ زیب جلدوں میں شائع ہوئی جو آج ہر اچھی لائبریری میں موجود ہے۔ جو قاری اس تفسیر کا بنظر عمیق مطالعہ کرے گا اس کے سامنے اس کی یہ خوبیاں نمایاں ہو جائیں گی کہ یہ تفسیر روایت و درایت کی جملہ اعلیٰ صفات پر مشتمل ہے۔ اس میں صحیح روایات کا ذخیرہ بھی موجود ہے اور آیات قرآنی کے رموز و اسرار کو بڑے حکیمانہ اور آسان پیرایہ بیان میں پیش کیا گیا ہے۔ نواب صاحب نے خود اس تفسیر کی خصوصیات ابتدائے کتاب میں درج کی ہیں۔ فرماتے ہیں:

تفسیر میں جن امور کی ضرورت و حاجت ہوتی ہے یہ کتاب ان تمام پر مشتمل ہے۔ یہ تفسیر دراصل کئی تفاسیر کا خلاصہ ہے۔ بایں معنی، کہ جو علمی نکات و جرائد متعدد تفاسیر پر منتشر تھے، ان تمام کو اس کتاب میں یکجا کر دیا گیا ہے۔ اس میں روایات کی صحت اور درایت کی باریکیوں اور نزاکتوں کو مکمل طور پر پیش نظر رکھا گیا ہے۔ اگر

اس دعویٰ کی صداقت کا تجربہ کرنا ہو تو تمام کتب تفاسیر کا تقابلی مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت واضح ہو گی کہ بعض مفسر صرف روایات کا سہارا لیتے ہیں اور بعض صرف درایت پر اعتماد و اکتفا کرتے ہیں، ان دونوں قسم کی تفسیر کے تقابلی مطالعہ کے بعد اس تفسیر کا مطالعہ کیا جائے تو صاحب نظر کے سامنے صبح صادق کی طرح یہ حقیقت ظاہر ہو جائے گی کہ یہ کتاب سب کا لُب لُباب ہے۔ یہ طلبہ کے لیے ذخیرہ معلومات، عقلمندوں اور دانشوروں کے لیے سرمایہ تحقیق اور ماہرین کے لیے قابلِ تقلید ہے[۲۶]۔

ڈاکٹر سالم قدوائی اس تفسیر کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

امام جلال الدین سیوطیؒ کی تفسیر در منثور روایتی نقطہ نظر سے خاص طور پر موصوف کے پیش نظر رہی ہے۔ اس کے ضروری مطالب کے ساتھ دوسری تفسیروں سے مناسب معلومات جمع کر دی ہیں۔ ضعیف روایتوں کے ضعف کی طرف اشارہ کر دیا ہے اور متضاد روایتوں میں ترجیحی صورتیں بیان کر دی ہیں۔ اعراب کی مشکلات دور کی ہیں۔ قراءت کے اختلافات کا ذکر کیا ہے، الغرض روایتی اور درایتی دونوں قسم کی تفسیروں کے بہترین اقتباسات اس کتاب میں اکٹھے کر دیئے ہیں[۲۷]۔

نواب صاحب نے اپنے تفسیری نقطہ نظر کی وضاحت کے بعد قرآن مجید کے فضائل کے متعلق روایتیں نقل کی ہیں۔ سورۂ فاتحہ کی تفسیر کا آغاز کیا ہے۔ الفاظ کے معنی، بیان، قراءت، اسباب نزول، مسائل فقہ اور فقہاء کے اجتہادات، غرض تمام پہلوؤں کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ حروف مقطعات کے سلسلہ میں دوسرے مفسرین کی طرح مختلف اقوال نقل کیے ہیں۔ لیکن آخر میں یہی کہا ہے کہ اگر کسی کو سلامتی رائے مطلوب ہے اور ائمہ سلف کی اقتداء کرنا چاہتا ہے تو اس بارے میں کوئی رائے نہیں دینی چاہیے بلکہ صرف اس اعتراف پر اکتفاء کرنا چاہیے کہ ان حروف کے نازل کرنے میں اللہ تعالیٰ کی کوئی حکمت پوشیدہ ہے جس تک ہماری عقلیں نہیں پہنچ سکتیں[۲۸]۔

برصغیر میں، تفاسیر میں اس کو ایک امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ نواب صاحب نے ابتدائے کتاب میں فنِ تفسیر کے اصول و قواعد اور تاریخ تفسیر کے مختلف ادوار کے بارے میں مفید معلومات کا ذخیرہ ضبط تحریر کیا ہے۔ یہ انداز تفسیر دوسرے مفسرین کے ہاں نظر نہیں آتا۔ آپ اس فن تفسیر کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

"هو علم باعث عن نظم نصوص القرآن وآيا ت سور الفرقان بحسب الطاقة البشرية و يوفق ما تقتضيه القواعد العربية"[۲۹].

"یہ علم ہے جس میں بقدر انسانی استعداد عربی قواعد و ضوابط کے موافق نصوصِ قرآن کا باہم ربط و تعلق اور آیات کی توضیح و تشریح کی جاتی ہے"۔

نواب صاحب قرآن مجید کے بارے میں صوفیاء کے کلام کو تفسیر کا درجہ نہیں دیتے۔ ممکن ہے کہ ان کے پیش نظر ہندی طلباء کی لکھی ہوئی چند تفاسیر ہوں، ان کا کہنا ہے:

".....وأمّا كلام الصوفية فى القرآن فليس بتفسير"(۳۰).

(قرآن میں صوفیاء کے کلام کو تفسیر کا مقام حاصل نہیں ہے)۔

جب یہ تفسیر علماء و فضلاء کے علم و مطالعہ میں آئی تو انہوں نے اس کو بنظر استحسان دیکھا اور اس کی خوب مدح کی۔ ان مداحین میں سے فن تفسیر کے عظیم مفتی حدیدہ شیخ یحییٰ بن محمد کے تاثرات بیان کر دینا کافی ہو گا۔ ان سے نواب صاحب کی منزلت اور اعلیٰ مقام کا پتہ چلتا ہے۔ فرماتے ہیں:

"میں نے تفسیر کے ربع اول کو نہایت غور و خوض سے پڑھا ہے، میں نے اسے اعلیٰ درجہ کی تفسیر پایا ہے۔ ترکیب و ترتیب میں محکم، تمام مباحث علوم پر حاوی اور ارباب نظر و بصیرت کے لیے سہل التاویل۔ مصنف نے اس میں عجیب اور بڑا معنی خیز انداز اختیار کیا ہے۔ مقصد کو واضح اور آسان طریق سے پیش کیا گیا ہے۔ قاری پہلی ہی نظر میں معنیٰ و مراد تک پہنچ جاتا ہے اور اسے زیادہ زحمت غور و فکر نہیں اٹھانا پڑتی جیسا کہ قدماء کی تفاسیر کا حال ہے۔ اس کے تمام مباحث آسان پیرایہ بیان میں پیش کیے گئے ہیں جن کے سمجھنے میں کوئی صعوبت اور دشواری پیش نہیں آئی۔ انہوں نے اپنے حسن تحریر سے اللہ کی کتاب کے بھیدوں کو آشکارا کر دیا اور سلک تحریر میں موتیوں کو پرو کر عجائبات قرآن کو ظاہر کر دیا ہے"(۳۱)۔

۳۔ نیل المرام من تفسیر آیات الأحکام

پہلے یہ کتاب مطبع علوی لکھنؤ میں ۱۲۹۲ھ / ۱۸۷۵ء میں ۱۹۶ صفات پر مشتمل شائع ہوئی۔ پھر المکتبۃ السلفیہ (لاہور) اور شعبہ تالیفات جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن (فیصل آباد) کی طرف سے ۱۴۲۱ھ بمطابق ۲۰۰۱ء میں ۳۹۱ صفات پر مشتمل شائع ہوئی۔ یہ کتاب نواب صاحب کی انتہائی اہم کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ اس میں آیات احکام کو جمع کیا گیا ہے۔ اس کے بارے میں نواب صاحب خود تحریر فرماتے ہیں:

"وها أنا فسرت تلك الآيات المشار إليها بتفسير و جيز جامع لماله عليه ولم آخذ فيها من الأقوال المختلفة إلا الأرجح ومن الدلائل المتنوعة إلاّالأصح الأصرح"(۳۲).

اس کے بارے میں خود تحریر فرماتے ہیں کہ:

"اس میں صرف وہ آیات انتخاب کی ہیں جن سے واضح طور پر مسائل مستنبط ہوتے ہیں تاکہ لوگوں کو کسی قسم کی اُلجھن اور پریشانی سے دوچار نہ ہونا پڑے اور سارے قرآن کریم کی، کسی ایک مسئلہ پر، ورق گردانی نہ کرنی پڑے"۔

یہ فقہ القرآن پر ایک عظیم اور نادر تحقیق ہے۔ نواب صاحب نے سورتوں کی ترتیب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ۳۴۸ آیات قرآنی سے فقہی انداز میں، احکام کا استخراج کیا ہے اور پھر ان مسائل و احکام کے بارے میں محدثین کے فتاویٰ اور فیصلوں کو بڑی اہمیت دی ہے۔ کتب صحاح ستہ کے علاوہ کتب روایت کی حدیث کو بھی پیش کرتے ہیں۔ اس کتاب کے مطالعہ سے نواب صاحب کے فقیہانہ بصیرت کا پتہ چلتا ہے کہ ایک بلند پایہ مجتہد کی تمام شروط ان میں بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں اور ان کو براہِ راست کتاب اللہ سے مسائل واحکام کے استخراج پر بڑی قدرت حاصل ہے۔ آپؒ نے آیات احکام کی تعداد بارے میں علماء کا اختلاف بھی نقل کیا ہے۔ اس کتاب کے بعد آپ نے تفسیر "مقاصد القرآن" لکھی جس میں ان احکام کی مزید وضاحت کی ہے۔

برصغیر کا تفسیری ادب نواب صاحب کے تذکرہ کے بغیر ادھورا ہے۔ عصر حاضر کے پر فتن دور میں اعتدال پسندی اور تطبیق کی روش دینے والی تفسیری کاوشوں کو عوام الناس میں عام کرنا دین کی عظیم خدمت بھی ہے اور وقت کا اہم تقاضا بھی ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱ ۔(تفصیلات کے لیے)ملاحظہ ہو راقم کا مقالہ پی ایچ ڈی "نواب صدیق حسن خان کا تفسیری منہج اور ترجمان القرآن بلطائف البیان کا تفسیری ادب میں مقام"۔

۲ ۔صدیق حسن خان نواب ابقاء المنین ماالقاء المحسن ' المطبع الشاھجانی الکائن بھوپال ۱۳۰۵ھ ص:۷۔

۳ ۔رضیہ حامد، ڈاکٹر، "نواب صدیق حسن خان"،اصغر منزل بدھوارہ بھوپال،اشاعت اول: ۱۹۸۳ءص ۷۶،۷۷۔

۴ ۔علی حسن خاں،سید یاسر صدیقی، ۲/۱۰۷, ۱۰۶ ۔

۱۰ شعبان ۱۲۸۹ء /۱۴ اکتوبر ۱۸۷۲ء کو آپ کا نکاح ہوا۔ منصب نوازی سے سرفراز کر دیا اور حکومت برطانیہ کی طرف سے ۱۱ نواب والہ ماہ امیر الملک سید محمد صدیق حسن خاں بہادر کا خطاب عطا ہوا اور ان کے اعزاز میں ۱۲ توپیں داغی گئیں۔

۵ ۔ایضاً،(فہرست کتب مولفہ واجاہ مرحوم)۴/۱۔ ۲۰۔

۶ ۔تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو راقم کا مقالہ بعنوان "تحقیق کی اہمیت اور سابقہ کام کی روشنی میں افادیت"، وحدی، عابد علی، تاریخ ریاست بھوپال، بدھوارہ بھوپال ۱۹۸۸ ء/ ۹۲ ۔

۷ ۔آفندی، سلیم فارس، قرۃ الاعیان ومسرۃ الاذہان،مطبعۃ الجوائب، قسطنطنیہ، ۱۳۹۸ھ ص ۳۵۔

۸ ۔آلوسی، نعمان خیر الدین، جلاء العینین فی محاکمۃ الاحمدین،مطبعۃ المدنی مصر، ۱۳۸۱ھ ص ۴۸۔

۹ ۔لکھنوی، عبدالحی، علامہ، نزھۃ الخواطر، مطبوعہ انسٹیٹیوٹ پریس، علی گڑھ س۔ن ۸/ ۱۹۳۔

۱۰ ۔صدیق حسن خان، نواب، افادۃ الشیوخ بمقدار الناسخ والمنسوخ، مطبع محمدی لاہور، ۱۳۱۸ھ ص ۳۔

۱۱ ۔برصغیر کے اہل حدیث خدام القرآن، مکتبہ قدوسیہ، اردو بازار، لاہور، ۲۰۰۵ ءص ۲۰۱۔

۱۲ ۔ایضاً، ص ۲۲۰۔

۱۳ ۔صدیق حسن خان، نواب، فصل الخطاب فی فضل الکتاب، مطبع فاروقی دہلی، ۱۳۰۵ھ ص ۱ ، ۲۔

۱۴ ۔صدیق حسن خان، نواب، تذکیر الکل بتفسیر الکل الفاتحہ واربع قل، طبع بھوپال، ۱۳۰۵ھ، ص ۲۔

۱۵ ۔ایضاً، ص ۳۔

۱۶ ۔ایضاً، ص ۳۔

۱۷ ۔ترجمان القرآن بلطائف البیان، مکتبہ اصحاب الحدیث، اردو بازار لاہور، ۲۰۰۳ء، ص ۱/ ۳۔

۱۸ ۔ایضاً، ۱/ ۳۔

۱۹ ۔ایضاً، ۱/ ۳۔

۲۰ ۔ایضاً، ۱/ ۴۔

۲۱ ۔لقوی، ذوالفقار احمد، بھوپالوی، ترجمان القرآن بلطائف البیان، مطبع مفید عام الکائن، آگرہ، ۱۳۱۶ھ، ۱۴/ ۳۶۹، ۳۷۰۔

۲۲ ۔اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۲۳ ۔ ترجمان القرآن بلطائف البیان، ۷ / ۴۱۲۔

اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

پہلی جلد سورۂ الفاتحہ تا سورۂ البقرہ، دوسری جلد سورۂ آل عمران تا سورۂ النساء، تیسری جلد سورۂ المائدہ تا سورۂ الانعام، چوتھی جلد سورۂ الاعراف تا سورۂ التوبۃ، پانچویں جلد سورۂ یونس تا سورۂ یوسف، چھٹی جلد سورۂ رعد تا سورۂ الحجر، ساتویں جلد سورۂ نحل تا سورۂ طہ، آٹھویں جلد سورۂ انبیاء تا سورۂ الحج، نویں جلد سورۂ المومنون تا سورۂ الحج، دسویں جلد سورۂ الشعراء تا سورۂ العنکبوت، گیارہویں جلد سورۂ روم تا سورۂ الاحزاب، بارہویں جلد سورۂ سبا تا سورۂ صٓ، تیرہویں جلد سورۂ الزمر تا سورۂ شوریٰ، چودہویں جلد سورۂ الزخرف تا سورۂ طور، پندرہویں جلد سورۂ النجم تا سورۂ تحریم، سولہویں جلد سورۂ الملک تا سورۂ الناس۔)

۲۴ ۔ صدیق حسن خان، نواب، ترجمان القرآن بلطائف البیان، مکتبہ اصحاب الحدیث، اردو بازار لاہور، ۲۰۰۳ء۔

۲۵ ۔ راقم قریشی صاحب۔

۲۶ ۔ صدیق حسن خان، نواب، فتح البیان فی مقاصد القرآن، مطبعۃ الکبریٰ المیریہ، بولاق مصر، مطبع اول ۱۳۰۱ھ ۱ / ۱۳، ۱۴۔

(راقم، قریشی صاحب سے دوبار ملاقات کر چکا ہے جس کے دوران انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا۔ قریشی صاحب فرماتے ہیں:

"تفسیر لکھنے کا کام اپنے دوست ڈاکٹر یوسف، حکیم عتیق الرحمن کے کہنے پر ۲۰۰۵ء تا ۲۰۰۷ء میں مکمل کیا۔ صفحات کی تعداد تقریباً ۵۸۰۰ بنتی ہے"۔ مزید فرماتے ہیں کہ میرے پاس مکمل ایک مطبع کی جلدیں نہ تھیں، کچھ مطبع صدیقی لاہور اور کچھ مطبع مفید عام الکائن آگرہ کی تھی۔ اس کام کو منظر عام پر لانے کا ذمہ مکتبہ قدوسیہ لاہور نے لیا اور کمپوزنگ کے مراحل میں ہے۔ اللہ تعالیٰ اس مکتبہ کے مالکان کو توفیق دے کہ وہ اس تفسیر کو منظر عام پر لا سکیں اور اہل علم کو اس سے نفع ہو اور نواب صاحب کی روح کو آرام ملے۔ (حوالہ جات میں درج ہو گا)۔

۲۷ ۔ ہندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفسیریں، ارادہ معارف اسلامی لاہور ۱۹۹۳ء ص ۱۱۳، ۱۱۴۔

۲۸ ۔ نواب صدیق حسن خان، ص ۲۴۵۔

۲۹ ۔ فتح البیان فی مقاصد القرآن، ص ۱ / ۱۲، ۱۳۔

۳۰ ۔ ایضاً، ص ۱۳۔

۳۱ ۔ محدث ماہنامہ، لاہور، نواب صدیق حسن خان کی خدمات حدیث ۱۹۹۴ء، ص ۲۹، ۳۰۔

۳۲ ۔ نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام ص: ۲۔

"شرح الزرقانی علی الموطا" اور "أوجز المسالک الیٰ موطا امام مالک": منہجی و تقابلی مطالعہ

Sharh ul Zurqani ala al-Moatta & Aujaz ul Masalik ila Moatta Imam Malik: A Methodological and Comparative Study

حافظ محمد شفیق☆

Abstract

Tarjamt ul kitab and Tarjamat ul bab means the explaination of the title of the book or chapter. In connection with a comperative study of methodology of the two books, It is also necessary to understand the comparesion of the methodology of tarjamat ul kotub. In sharh ul zurqani ala al moatta Imam Malik and Aowjaz ul Msalik, the differences and distinctions about the subject are found. However the most methods are common in the both books.

The article can be divided into three parts: the common methodologies,different methodologies and distinctions of the said interpretetions. It is observed that sharh ul zurqani has less details than aowjaz ul masalik.Sheikh Zurqani mostly has explained the title without courting any book or scholar while sheikh Kandlalvi has courted the others sharhin e hadith.Sharhul zurqani represents the malki school of thought while Aowjaz ul masalik represents hanfi school of thought. Zurqani mostly has explained the title without quoting any book or scholar while sheikh Kandlalvi has quoted the others sharhin e hadith.Sharh ul zurqani represents the malki school of thought while Aowjaz ul masalik represents hanfi school of thought.

شرح الزرقانی علیٰ موطا امام مالکؒ کے مصنف محمد بن عبد الباقی بن یوسف الزرقانیؒ[1] مصر اور أوجز المسالک الیٰ موطا مالک کے مصنف مولانا محمد زکریا المہاجر المدنی الکاندھلویؒ[2] برصغیر سے تھے۔ شیخ زرقانیؒ مالکی جبکہ شیخ کاندھلویؒ حنفی المسلک تھے۔ ان کی یہ زیر بحث دونوں کتب، موطا امام مالکؒ کی عربی زبان میں

☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ، کالج، شکر گڑھ، پاکستان۔

لکھی گئی شروح ہیں۔ دونوں مصنفین کے زمانہ میں دوسو اسی سال یعنی کم وبیش تین صدیوں کا فرق ہے۔ چنانچہ ہر صاحبِ تصنیف اپنے علمی وفکری رجحان، ماحول اور قارئین کی ضرورت کے مطابق منہج واسلوب اختیار کرتا ہے۔ منہج سے مراد وہ مخصوص طریقہ اور جہت یا طریقہ ہے جس کو بروئے کار لاتے ہوئے یہ کتب لکھی گئیں۔ ان سطور میں مذکورہ شروح میں اپنائے گئے ترجمۃ الکتب کے ضمن میں منہج کا تقابلی جائزہ حسب ذیل تین حصوں میں پیش کیا جاتا ہے:

ا۔ دونوں شروح کے مشترکہ پہلو

ا۔ عنوانی کلمات کا ضبط اور معنیٰ بیان کرنا

موطا امام مالکؒ میں عنوانِ کتاب میں سے ضروری کلمات کا ضبط دونوں شروح میں بیان کیا گیا ہے جس کی تصریح درج ذیل مثالوں سے ہوتی ہے:

مثال نمبر ا۔ "القسامة" کے حوالہ سے شیخ زرقانیؒ یوں تصریح کرتے ہیں: بفتح القاف ما خوذ من القسم وهو اليمين[۳] (قسامت قاف کے فتح یعنی زبر سے پڑھا جاتا ہے۔ یہ قسم بمعنیٰ یمین سے ماخوذ ہے)۔

اسی کلمہ کے حوالہ سے شیخ کاندھلویؒ یوں رقمطراز ہیں: بفتح القاف وخفة السين اسم مصدر بمعنىٰ القسم وقيل مصدر وقد يطلق على الجماعة الذين يقسمون[۴]۔ "قسامۃ" قاف کے فتح اور سین کی خفت سے ادا کیا جاتا ہے۔ یہ قسم کے معنیٰ میں اسم مصدر ہے۔ نیز یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مصدر ہے اور اس کا اطلاق اس جماعت پر کیا جاتا ہے جو قسم اٹھاتی ہے)۔

مثال نمبر ۲۔ "نذور" کی صراحت کرتے ہوئے شیخ زرقانیؒ لکھتے ہیں: جمع مصدرنذر بفتح الذال ينذر بضمها وكسرها وهو لغة الوعد بخيرأ وشر، وفى الشرع:التزام قربة غير لازمة باصل الشرع[۵]۔ (یہ جمع اور نذر (ذال کے فتحہ کے ساتھ) ینذر (ذال کے ضمہ اور کسرہ کے ساتھ) سے مصدر ہے۔ لغۃً اس کا معنیٰ خیر یا شر کا وعدہ کرنا ہے۔ اور شرعی لحاظ سے اس کا معنیٰ اصل شرع کی طرف سے لازم کیے ہوئے اعمال کے علاوہ کسی عمل کے ذریعے قربت حاصل کرنا ہے۔

شیخ کاندھلویؒ اسی کلمہ کے حوالہ سے یوں صراحت کرتے ہیں: النذور جمع نذر ومصدر نذر بفتح الذال ينذر بضمها و كسرها وهو لغة الوعد بخير أو شر كذا فى شرح الزرقانى تبعاً

للقسطلانی [۶]۔(نذور نذر کی جمع اور نذر (ذال کے فتحہ کے ساتھ) ینذر (ذال کے ضمہ یا کسرہ کے ساتھ) سے مصدر ہے۔لغۃً اس کا معنیٰ خیر یا شر کا وعدہ کرنا ہے۔زرقانیؒ نے بھی قسطلانیؒ کی اتباع میں یہی معنیٰ بیان کیا ہے۔

ان مثالوں سے یہ اسلوب سامنے آیا کہ دونوں شروح میں عنوانِ کتاب کے بنیادی کلمات کا ضبط اور لغوی وشرعی معنیٰ بیان کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔بعض جگہ پر تو دونوں شروح میں الفاظ بھی ایک جیسے دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ شیخ کاندھلویؒ نے شیخ زرقانیؒ سے ہی نقل کیا کیا ہوا ہے۔بعض جگہ ترجمۃ الکتاب کا ترجمہ چھوڑ دینے اور بعض جگہ اجمال وتفصیل سے کام لینے میں بھی یہ دونوں شروح ایک جیسا اسلوب رکھتی ہیں۔بہر حال بنیادی تعارفی تقاضوں کو پورا کرنا دونوں شارحین نے ضروری سمجھا ہے۔

۲۔آیاتِ قرآنیہ سے استشہاد

ترجمۃ الکتاب میں کلمات کی لغوی صراحت اور مسائل کی توضیح کے لیے دونوں شروح میں قرآنی آیات سے استشہاد کیا گیا ہے۔درج ذیل مثالوں سے اس کی تصریح ہوتی ہے:

مثال نمبر ا۔"الصید" کی صراحت میں شیخ زرقانیؒ لکھتے ہیں کہ یہ کلمہ اصلاً مصدر یعنی بمعنیٰ شکار استعمال ہوتا ہے جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ﴾[۷]۔(تمہارے لیے شکار حلال کر دیا گیا ہے)اور اس ترجمہ میں اس لفظ سے مراد احکامِ صید یعنی شکار کے احکام ہیں جیسا کہ اس آیہ مبارکہ میں ہے: ﴿لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ﴾[۸](حالتِ احرام میں شکار کیا ہوا جانور نہ کھاؤ)[۹]۔اس مثال میں صید کے مصدر ہونے اور شکار کے احکام کے معنیٰ میں استعمال ہونے سے متعلق آیات سے استشہاد کیا گیا ہے۔

اَوجز المسالک میں بھی "صید" کی توضیح میں شارح نے صید کا بمعنیٰ مصید (شکار کیا ہوا جانور) ہونا بیان کرتے ہوئے قرآنِ حکیم کی آیات:﴿أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ﴾[۱۰] اور ﴿لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ﴾[۱۱]، بطور دلیل کے بیان کی ہیں [۱۲]۔گویا دونوں شارحین نے اس مقام پر لغوی صراحت کے لیے قرآنِ حکیم سے دلیل لی ہے۔

مثال نمبر ۲: ۔کتاب النکاح کے ترجمہ میں نکاح بمعنیٰ عقد ہونے سے متعلق شیخ زرقانیؒ قرآن حکیم کی اس آیت سے استشہاد کرتے ہیں:﴿حَتَّىٰ تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾[۱۳]۔(یہاں تک کہ وہ کسی دوسرے مرد سے شادی کر لے)[۱۴]۔

شیخ کاندھلویؒ روزوں کی فرضیت کی تاریخ پر بحث کرتے ہوئے قرآنِ مجید کے کلمات سے استشہاد کرتے ہیں:﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ﴾[۱۵] (تم پر روزے فرض کیے گئے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے)۔

ان مثالوں سے واضح ہوا کہ دونوں شارحین ترجمۃ الکتب میں قرآنی استشہاد پر متفق ہیں۔

۳۔ احادیث سے استشہاد

احادیث سے استشہاد کرتے ہوئے ترجمۃ الکتاب کی صراحت کرنے کا اسلوب بھی دونوں شارحین کے ہاں مشترک ہے۔ اس کی توضیح درج ذیل مثالوں سے ہوتی ہے:

مثال نمبر ۱: ۔ شیخ زرقانیؒ زکوۃ کا لغوی معنی نمو یعنی بڑھوتری بتاتے ہوئے اس حدیث سے استشہاد کرتے ہیں: ''ما نقص مال من صدقة''[۱۶] (صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا)[۱۷]۔

شیخ کاندھلویؒ عید الاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی مشروعیت پر دلائل دیتے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ حدیث نقل کرتے ہیں: "أنه ﷺ أضحىٰ بكبشين أملحين"[۱۸]۔ (بے شک آپ ﷺ نے دو سیاہ سینگوں والے مینڈھے ذبح کیے)[۱۹]۔

مثال نمبر ۲: ۔ حسنِ خلق کی توضیح میں شیخ زرقانیؒ اس حدیث سے تصریح کرتے ہیں: "إن الله قسم بينكم أخلاقكم كما قسّم بينكم أرزاقكم"[۲۰]۔ (بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان اخلاق اسی طرح تقسیم فرمائے ہیں جس طرح اس نے تمہارے درمیان تمہارا رزق تقسیم کیا ہے)[۲۱]۔

شیخ کاندھلویؒ چوری کی حد جاری کرنے کی صراحت میں اس حدیث کا حوالہ دیتے ہیں: ''ليس على الخائن والمختلس قطع''[۲۲]۔ (خیانت کرنے والے اور مال چھیننے والے پر ہاتھ کاٹنے کی سزا نہیں ہے)[۲۳]۔

ان مثالوں سے واضح ہوا کہ دونوں شروح میں ترجمۃ الکتب کے ترجمہ میں احادیث سے استشہاد کیا گیا ہے۔ شیخ زرقانیؒ نے کم مقامات پر جبکہ شیخ کاندھلویؒ نے اکثر جگہ یہ اسلوب اختیار کیا ہے۔

۴۔ عربی اشعار سے استشہاد

ترجمۃ الکتب میں عربی اشعار کی روشنی میں مشکل کلمات کی توضیح کرنے کا اسلوب بھی دونوں شروح کا یکساں منہج ہے۔ جیسا کہ حسب ذیل مثالوں سے اس امر کی تصریح ہوتی ہے:

مثال نمبر ا۔ کتاب النکاح کے ترجمہ میں نکاح کے عقد کے معنیٰ میں مجاز ہونے سے متعلق اس شعر سے شیخ زرقانیؒ استشہاد کرتے ہیں:

"ضممت إلى صدری معطر صدرها كما نكحت أم الغلام صبيها"(۲۴)۔

(میں نے اپنے سینے سے اس کے سینے کی خوشبو کو ایسے ملا دیا جیسے بچے کی ماں اپنے بچے سے چمٹ جاتی ہے)۔

شیخ کاندھلویؒ کتاب الجنائز کے ترجمہ میں میت کی چارپائی کی زبانِ حال سے پکار کو شعر کی صورت میں یوں نقل کرتے ہیں:

"أنظر إلیّ بعقلك أنا ألم هيا لنقلك أنا سرير المناياكم سار مثلی بمثلك"(۲۵)۔

(میری طرف عقل سے دیکھ! میں تجھے اگلے جہاں میں منتقل کرنے کے لیے تیار کی گئی ہوں۔ میں اموات کا بچھونا ہوں۔ میری مثل کتنی (چارپائیاں) تیرے مثل (لوگوں کو) لے چلیں (یعنی قبر کی طرف))۔

ہر شخص کو اپنی اس کیفیت کو مد نظر رکھتے ہوئے زندگی کا محاسبہ کرتے رہنا چاہیے۔ بہر حال شعری ادب سے استشہاد کرنے کا اسلوب شیخ کاندھلویؒ کے ہاں ایک دو مقامات پر ہی ملتا ہے لیکن شیخ زرقانیؒ کے ہاں جگہ جگہ عربی اشعار سے استدلال ملتا ہے۔ اس کہ وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ شیخ زرقانیؒ اہلِ زبان ہونے کے ناطے سے عربی ادب کی طرف نسبتاً زیادہ مائل تھے۔ نیز اپنے علاقے کی ضرورت اور دلچسپی کے مد نظر اس اسلوب کو عام طور پر استعمال کیا ہے۔

۵۔ اختلافِ نسخِ موطا کی نشاندہی

دونوں شروح میں ترجمۃ الکتب میں ترتیبِ کتب وغیرہ کے حوالہ سے موطا امام مالک کے مختلف نسخوں کے اختلاف کی طرف نشاندہی کرنے کا اسلوب اپنایا گیا ہے۔ حسب ذیل مثالیں اس امر کی توضیح کرتی ہیں:

مثال نمبر ا۔ کتاب الصیام کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ تسمیہ کی صراحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ امام مالکؒ نے اس سے تبرکاً اور تفنناً ابتداء کی ہے۔ پس اسے کتاب الصیام کے ترجمہ کے بعد میں لکھا گیا حالانکہ کتاب الزکوٰۃ میں اسے ترجمہ سے مقدم کیا گیا ہے۔ تفنن کے لیے یہی نکتہ کافی ہے۔ پرانے نسخوں میں اسے ترجمہ سے مقدم کیا گیا ہے(۲۶)۔

شیخ کاندھلویؒ نے بھی کتاب الصیام کے ترجمہ میں موطا امام مالکؒ کے مختلف نسخوں کا تقابل کرتے ہوئے اس کتاب کی ترتیب میں اختلاف پر بحث کی ہے۔ تمام مصری نسخوں میں، شرح الزرقانی اور سیوطیؒ کے اپنی شرح کے لیے منتخب کردہ نسخے میں کتاب الجنائز کے بعد کتاب الزکوٰۃ کو ذکر کیا گیا ہے۔ جبکہ تمام ہندی نسخوں اور امام باجیؒ

کے حاشیہ اور شرح والے مصری نسخوں میں کتاب الجنائز کے بعد یہاں کتاب الصیام کو رکھا گیا ہے۔ سو ہم نے ہندی نسخوں پر اعتماد کیا ہے۔ مالکیہ کی معتمد علیہ کتب جیسے المدونۃ وغیرہ بھی انہی نسخوں کے مطابق ہیں۔ علاوہ ازیں مصری اور ہندی نسخے، تسمیہ کے عنوانِ کتاب سے تاخیر کے حوالہ سے بھی مختلف ہیں (۲۷)۔ اس مقام پر شیخ کاندھلویؒ نے زرقانیؒ کی نسبت زیادہ تفصیل دی ہے۔

مثال نمبر ۲۔ کتاب الحج کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ لکھتے ہیں کہ امام مالک رحمہ اللہ نے حدیث میں مذکور ارکانِ اسلام کی ترتیب کے مطابق پانچویں رکن پر بات مکمل کی ہے۔ اگرچہ موطا کے بہت سے نسخوں میں کتاب الایمان والنذور اور کتاب الجہاد کو کتاب الحج سے مقدم کیا گیا ہے (۲۸)۔

کتاب الحج ہی کے ترجمہ میں شیخ کاندھلویؒ بھی صراحت کرتے ہیں کہ ہمارے پاس موجود موطا امام مالکؒ کے نسخوں میں اسی طرح ہے کہ کتاب کو تسمیہ پر مقدم کیا گیا ہے۔ اور کتاب الحج کو بعد میں آنے والی سب کتب پر مقدم کیا گیا ہے (۲۹)۔ اس سے معلوم ہوا کہ شارحین کے ہاں موطا کے نسخوں کا باہم موازنہ کرتے ہوئے کتب کی ترتیب، تسمیہ اور عنوانِ کتاب کا مقدم و موخر کرنا زیرِ بحث لایا گیا ہے۔

شیخ کاندھلویؒ بھی اس کتاب کے ترجمہ میں تسمیہ کے حوالہ سے صراحت کرتے ہیں کہ اکثر مصری نسخوں میں تسمیہ کو کتاب پر مقدم کیا گیا ہے جبکہ ہندی نسخوں میں اسے کتاب کے عنوان سے مؤخر رکھا گیا ہے۔ اس کے بعد شیخ زرقانیؒ کے حوالہ سے مذکورہ بالا توضیح نقل کر کے صیغۂ متکلم سے صراحت کرتے ہیں کہ میں کہتا ہوں کہ ہندی نسخوں میں اسی طرح ہے اور اکثر مصری نسخوں میں بھی یہاں قراض ہے۔ البتہ امام باجیؒ کی شرح المنتقیٰ والے نسخے میں یہاں کتاب المساقاۃ ہے۔ اس کے بعد کراء الارض اور پھر کتاب القراض ذکر کیا گیا ہے (۳۰)۔

ان مثالوں سے معلوم ہوا کہ زیرِ بحث شروح میں موطا امام مالکؒ کے میسر تمام نسخوں کا تقابل کیا گیا ہے۔ شیخ زرقانیؒ نے شیخ کاندھلویؒ کی نسبت کم مقامات پر نسخِ موطا کا تقابل پیش کیا ہے۔

۶۔ معروف قول کی نشاندہی

ترجمۃ الکتب میں کہیں کہیں شارحین نے معروف اور اپنی طرف سے اصح قول کی نشاندہی کرنے کا اسلوب اپنایا ہے۔ جیسا کہ ان مثالوں سے معلوم ہوتا ہے:

مثال نمبر ۱۔ شفعہ کا ضبط بیان کرتے ہوئے شیخ زرقانیؒ مشہور تر قول کی نشاندہی کرتے ہیں کہ اسے شین کے ضمہ اور فاء کے سکون کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اور اس کا معنیٰ الضم (ملانا) ہے (۳۱)۔ اسی کلمہ کی تصریح میں شیخ کاندھلویؒ لکھتے ہیں

کہ عینیؒ نے جو اس کلمہ کے ضبط کے حوالہ سے فاء کے ضمہ کا قول فقہاء کی طرف منسوب کیا ہے، وہ غلط ہے۔ درست اور صواب، فاء کے سکون کا ضبط ہی ہے اور فقہاء کی طرف ازراہِ ادب غلط قول منسوب کرنا مناسب نہیں ہے (۳۲)۔

مثال نمبر ۲۔ کتاب الجہاد کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ جہاد کے شرعی حکم سے متعلق تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مشہور قول کے مطابق حضور ﷺ کے وصال کے بعد اب امت پر یہ فرض کفایہ ہے سوائے اس کے کہ امام کسی خاص حاجت کے تحت تعیین کردے (۳۳)۔ شیخ کاندھلویؒ بھی یہ تصریح کرتے ہیں کہ مشہور قول کے مطابق آپ ﷺ کے بعد جہاد کا حکم امت کے لیے عمومی لحاظ سے فرض کفایہ ہے۔ البتہ اگر کوئی ہنگامی صورت حال پیش آجائے اور امام کسی پر لازم کردے تو یہ فرضِ عین بن جاتا ہے۔ اور فرض کفایہ سال میں ایک دفعہ ادا کرنے سے جمہور کے نزدیک ادا ہو جاتا ہے (۳۴)۔

یہ اسلوب، علومِ شریعت کے طالب علم کے لیے بہت مفید ہے کیونکہ اس سے قاری کوئی فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں ہو جاتا ہے۔

۷۔ شرعی احکام کے اسرار و حکم بیان کرنا

ترجمۃ الکتب میں دونوں شارحین نے اصلاحِ باطن کے لیے احکام کے روحانی اور تصوفانہ منہج کو بھی اختیار کیا ہے۔ ذیل میں اس ضمن میں چند مثالیں دی جاتی ہیں:

مثال نمبر ۱۔ کتاب الصیام کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ سیدنا آدم علیہ السلام کی توبہ سے متعلق لکھتے ہیں کہ بعض صوفیاء نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ بے شک جب آدم علیہ السلام نے ممنوعہ درخت کا پھل کھانے پر توبہ کی تو اس کی قبولیت میں تیس دن کی تاخیر اس لیے ہوئی کہ آپ علیہ السلام کے جسم میں ممنوعہ پھل کھالینے سے اس کا اثر باقی تھا۔ جب آپ علیہ السلام کا جسد اس سے صاف ہو گیا تو آپ علیہ السلام کی توبہ قبول ہو گئی، آپ علیہ السلام کی ذریت پر اسی مناسبت سے تیس دن کے روزے فرض کر دیے گئے (۳۵)۔

حج کے اسرار اور روحانی پہلو بیان کرتے ہوئے شیخ کاندھلویؒ رقمطراز ہیں:

"مناسك الحج كلها مبنية علىٰ أربعة أمور: الأول إظهار العبدية بجنابه تعالىٰ والثانى إظهار العشق إلىٰ حضرته فإنه تعالىٰ وتقدس كما أنه معبود ومسجودلعبيده كذلك محبوب ومقصود لعشاقه كما لا يخفىٰ على من أذاقه ا لله تعالىٰ جرعة من شراب حبه رزقنى الله تعالىٰ شيئا منه بلطفه" (۳۶)۔

(مناسک حج سارے کے سارے چار امور پر مشتمل ہیں ان میں سے پہلا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بندگی کا اظہار کرنا ہے اور دوسرا اس کی جناب سے عشق کا اظہار کرنا ہے کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ جس طرح اپنے بندوں کا معبود و مسجود ہے اسی طرح وہ اپنے عشاق کے لیے محبوب اور مقصود بھی ہے۔ جیسا کہ یہ حقیقت اس شخص پر مخفی نہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت کا ایک گھونٹ چکھادیا ہے۔ مجھے بھی اللہ تعالیٰ اپنے لطف کے صدقے میں اس کیفیت میں سے کچھ حصہ عطا کرے)۔

مثال نمبر ۲۔ کتاب الصیام کے ترجمہ میں ہی شیخ زرقانیؒ لکھتے ہیں:

"شرع الصيام لفوائد أعظمها كسر النفس وقهر الشيطان، فالشبع نهر فى النفس يرده الشيطان، والجوع نهر فى الروح ترده الملائكة ومنها أن الغنى يعرف قدر نعمة الله....."[۳۷]۔

(روزوں کا سب سے بڑا فائدہ نفس کے زور کو توڑنا اور شیطان کو مقہور و مغلوب کرنا ہے۔ چنانچہ سیر ہو کر کھالینا نفس میں ایک ایسی نہر ہے جس پر شیطان آتا جاتا ہے جبکہ بھوک روح میں ایک ایسی نہر ہے جس پر فرشتے آتے جاتے ہیں۔ روزوں کا ایک اور یہ فائدہ ہے کہ اس کے ذریعے مالدار کو اللہ کی نعمت کی پہچان اور قدر ہوتی ہے.....)۔

اسی مقام پر شیخ کاندھلویؒ روزوں کے تصوفانہ پہلو سے متعلق نقل کرتے ہیں کہ جب یہ نفس سیر ہوتا ہے تو تمام اعضاء بھوکے ہوتے ہیں۔ اور روزے کی بدولت دل آلائشوں سے صاف ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ان آلائشوں کا سبب زبان اور آنکھوں کا فضول اور غلط استعمال ہے[۳۸]۔

ان مثالوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ شارحین نے اپنے قارئین کی باطنی اصلاح کا منہج واسلوب بھی اختیار کیا ہے۔ اس اسلوبِ تحریر سے بات دل کی تہہ تک اتر جاتی ہے۔ اس سے شارحین کا حکیمانہ اور صوفیانہ ذوق نمایاں ہے۔

۸۔ تاریخِ احکام کی نشاندہی

ترجمۃ الکتب میں دونوں شارحین کے ہاں مسائل و احکام کی مشروعیت سے متعلق تاریخی معلومات فراہم کرنے کا اسلوب بھی پایا جاتا ہے۔ ذیل میں چند مثالیں اس امر کی صراحت کرتی ہیں:

مثال نمبر ۱۔ کتاب الحج کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ لکھتے ہیں کہ حج کے قبل از ہجرت فرض ہونے کا قول شاذ ہے۔ اور جمہور کا یہ کہنا ہے کہ یہ چھ ہجری کو فرض ہوا کیونکہ ارشادِ باری تعالیٰ: ﴿ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ﴾[۳۹]۔ (اور اللہ کے لیے حج اور عمرہ مکمل کرو) میں حکم سے مراد ابتداءِ فرضیت ہے[۴۰]۔

شیخ کاندھلویؒ بھی اسی کتاب کے ترجمہ میں فرضیتِ حج کی تاریخ کی صراحت میں شارحینِ حدیث، مفسرین، مورخین اور فقہاء سے استفادہ کرتے ہوئے مختلف اقوال دیے ہیں اور اس ضمن میں ملا علی قاریؒ کے حوالہ سے گیارہ اقوال کی نشاندہی کر کے لکھتے ہیں کہ میں کہتا ہوں کہ ان میں ایک یہ بھی ہے کہ حج ہجرت سے قبل فرض ہوا تھا لیکن حافظ ابنِ حجرؒ نے اسے شاذ قرار دیا ہے[۴۱]۔ شارح یہ بھی نقل کرتے ہیں کہ نماز کے سوا تمام عبادات بعد از ہجرت فرض ہوئی ہیں[۴۲]۔

مثال نمبر ۲۔ کتاب الزکوۃ کے تعارف میں شیخ زرقانیؒ لکھتے ہیں کہ اکثر کے نزدیک زکوٰہ ہجرت کے بعد فرض ہوئی۔ مزید یہ کہ سن ۲ ہجری قبل رمضان اور ایک ہجری کے اقوال بھی اس حوالہ سے بیان کیے گئے ہیں[۴۳]۔

شیخ کاندھلویؒ زکوۃ کی ہی تاریخِ فرضیت کے حوالہ سے حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ کے واسطہ سے نقل کرتے ہیں کہ اس میں اختلاف ہے کہ زکوۃ کی ابتداء کب ہوئی اکثر کے نزدیک یہ ہجرتِ مدینہ کے بعد فرض ہوئی۔ اس ضمن میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ سن ۲ ہجری میں رمضان سے قبل فرض ہوئی[۴۴]۔ شیخ زرقانیؒ نے اس اسلوب کو کم جبکہ شیخ کاندھلویؒ نے زیادہ اپنایا ہے۔

۹۔ عقائد کی طرف نشاندہی

عقیدہ سے مراد وہ بنیادی فکر ہے جس پر ایمان کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ دونوں شارحین نے ترجمۃ الکتب میں عقائدِ کی طرف نشاندہی کرنے کا اسلوب اپنایا ہے۔ ذیل میں اس مناسبت سے چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

مثال نمبر ۲۔ کتاب الجنائز کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ نمازِ جنازہ کی اہمیت سے متعلق لکھتے ہیں کہ میت کے ساتھ کیے جانے والے معاملات میں سے اہم نماز ہے کیونکہ اس میں میت کے لیے دعا کا فائدہ شامل ہے کہ وہ اس کے ذریعے عذاب سے نجات پاتی ہے خصوصاً اس قبر کے عذاب سے جس میں وہ دفن کیا جائے گا[۴۵]۔ اس مثال میں شارح درج ذیل عقائد کی طرف اشارہ کرتے ہیں: ۱۔ دعا کا میت کو فائدہ پہنچانا۔ ۲۔ عذابِ آخرت ۳۔ عذابِ قبر۔

شیخ کاندھلویؒ بھی کتاب الجنائز کے ترجمہ میں موت سے متعلق صراحت میں لکھتے ہیں کہ اہل فن نے اختلاف کیا ہے کہ آیا موت امر وجودی ہے یا عدمی؟ اسے امر وجودی ماننے والوں کی دلیل ارشادِ باری تعالیٰ:

﴿الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا﴾[۴۶]۔

(اس نے زندگی اور موت کو پیدا کیا تاکہ وہ آزمائے کہ تم میں سے کون زیادہ اچھے عمل کرتا ہے)۔ کیونکہ عدم کی تخلیق نہیں کی جاتی۔ بہر حال بعض نے اس کے عدم ہونے کا قول بھی اختیار کیا ہے۔ اور خلق کا اس آیت میں معنیٰ قدر اور اندازہ ہے۔ مزید یہ کہ موت کو وجودی ماننے والوں کا پھر اس میں اختلاف ہے کہ جوہر ہے یا عرض[۴۷]۔

یعنی شارح نے مسئلہ عقیدہ کو بیان کیا ہے لیکن اس قسم کے فلسفیانہ اسلوب سے مسائل کو زیرِ بحث لانا عام طور پر محض الجھاؤ ہی پیدا کرتے ہیں لہٰذا اس اسلوب سے گریز ہی بہتر ہوتا ہے۔

مثال نمبر ۲۔ شیخ زرقانیؒ کتاب الزکوٰۃ کے ترجمہ میں لکھتے ہیں کہ زکوٰۃ کا حکم یہ ہے کہ اس کے ادا کرنے سے دنیا میں واجب ساقط ہو جاتا ہے اور آخرت میں ثواب حاصل ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ زکاۃ کا انکار کرنے والا کافر ہے[۴۸]۔ شیخ کاندھلویؒ بھی کتاب الزکوٰۃ کے ترجمہ میں ہی شاہ ولی اللہؒ کے حوالہ سے صراحت کرتے ہیں کہ جب کسی مسکین کو حاجت تکلیف دیتی ہے تو وہ اپنی زبانِ حال یا قال کے ذریعے بارگاہِ الٰہی میں فریاد کرتا ہے۔ جب اس کی طرف سے تضرع اور گریہ وزاری اللہ تعالیٰ کے جود و کرم کے دروازے پر ٹکراتی ہے تو اس پر اوپر، نیچے اور دائیں بائیں سے اس کی برکات نچھاور ہوتی ہیں[۴۹]۔ ان مثالوں سے واضح ہوا کہ دونوں شارحین نے اخروی فکر اور عقائد کی طرف قاری کو متوجہ کرنے کا اسلوب اپنایا ہے۔

اس تفصیل سے ترجمۃ الکتب کے ضمن میں زیرِ بحث شروح کے، حسب ذیل بنیادی اور مشترک مناہج واسالیب سامنے آئے ہیں:

۱۔ بنیادی الفاظ کا ضبط اور لغوی واصطلاحی معنیٰ بیان کرنا۔ ۲۔ قرآن وحدیث سے استدلال۔
۳۔ عربی اشعار سے استدلال۔ ۴۔ موطا امام مالکؒ کے نسخوں کا موازنہ۔
۵۔ روحانی اور باطنی اصلاح۔ ۶۔ تاریخی اسلوب۔ ۷۔ عقائد وغیرہ۔

اب آئندہ سطور میں دونوں شروح کے ترجمۃ الکتب کے منہج واسلوب میں اختلافی امور کو زیرِ بحث لایا جائے گا۔

ب۔ ترجمۃ الکتب میں شرح الزرقانی کے اختلافی امور

شرح الزرقانی اور أوجز المسالک میں ترجمۃ الکتب کا مطالعہ کرنے سے شرح الزرقانی کے درج ذیل پہلو أوجز المسالک سے مختلف ہیں:

۱۔ مصری نسخِ موطا کی پیروی

شیخ زرقانیؒ نے اپنی اس زیرِ بحث شرح میں کتب کے عنوانات، موطا امام مالکؒ کے ہندی نسخوں کی بجائے مصری نسخوں کے مطابق قائم کیے ہیں۔ یعنی انہوں نے شروع سے ہی کتب کے عنوانات قائم کیے جبکہ ہندی نسخوں میں کتاب کا پہلا عنوان کتاب الجنائز قائم کیا گیا ہے۔ البتہ شیخ زرقانیؒ نے کتب کا ترجمہ، کتاب الجنائز سے ہی شروع کیا

ہے۔ گویا شرح الزرقانی میں مصری نسخ موطا کا لحاظ کیا گیا ہے جبکہ اوجز المسالک میں ہندی نسخوں کا۔ اس بنا پر ترتیبِ کتب وابواب میں کہیں کہیں فرق موجود ہے۔

۲۔ اجمال واختصار

ترجمۃ الکتب میں شیخ زرقانیؒ نے اجمال اور اختصار کا اسلوب اپنایا ہے۔ اکثر جگہ تو صرف کلمات کے ضبط پر ہی اکتفاء کیا گیا ہے۔ اور بعض جگہ صرف شرعی معنی ومراد تک ترجمہ کو محدود رکھا گیا ہے۔ اس اجمال واختصار کے اسلوب کی صراحت درج ذیل مثالوں سے ہوتی ہے:

مثال نمبر ۱: کتاب الصید کے ترجمہ میں شارح نے صرف صید کا مصدر ہونا اور احکامِ صید پر اس کے اطلاق سے متعلق قرآنی آیت پیش کرنے پر اکتفا کیا ہے(۵۰)۔

مثال نمبر ۲: کتاب الفرائض کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ نے صرف فرائض سے مراد مواریث کی تقسیم، لفظ فرائض کی لغوی صراحت اور علم الفرائض کے دوسرے نام مسائلِ میراث کی طرف اشارہ کرنے پر ہی اکتفا کیا ہے(۵۱)۔

اگرچہ بعض مقامات پر شارحؒ نے ضرورت سے زیادہ ہی اختصار سے کام لیا ہے اور ضروری توضیح بھی نہیں کی جیسا کہ کتاب القراض کے ترجمہ میں ہے۔ تاہم اکثر جگہ اختصار کے باوجود بنیادی اور ضروری حد تک کتب کا ترجمہ کر دیا ہے۔

۳۔ مصادر کا عدم ذکر

اکثر جگہ شارحؒ نے مصدر کا ذکر کیے بغیر ترجمۃ الکتاب میں بنیادی توضیح کی ہے جیسا کہ حسب ذیل مثالوں سے اس امر کی توضیح ہوتی ہے:

مثال نمبر ۱۔ کتاب الرضاع کے ترجمہ میں رضاع کا لغوی واصطلاحی معنیٰ کسی مصدر کا ذکر کیے بغیر دے دیا گیا ہے(۵۲)۔

مثال نمبر ۲۔ کتاب الجنائز کے ترجمہ میں شیخ زرقانیؒ نے جنائز کی بنیادی لغوی صراحت کسی کی طرف منسوب کیے بغیر کی ہے(۵۳)۔

ان مثالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ زرقانیؒ نے اپنے اوپر اعتماد کرتے ہوئے بنیادی معلومات اپنی طرف سے بیان کر دی ہیں۔ اس کا معنیٰ یہ بھی نہیں ہے کہ انہوں نے بالکل ساری صراحت خود ہی کی ہے۔ بلکہ ضرورت کے مطابق قرآن وحدیث، اہلِ لغت اور شارحین وغیرہ سے نام لے کر اقتباس کیا ہے۔ بہرحال اوجز اور شرح

الزرقانی میں بعض شارحین اور مؤلفین کے حوالہ سے اختلافی اسلوب یہ ملتا ہے کہ شیخ زرقانیؒ نے بہت کم جگہ شارحین کی طرف منسوب کرکے بیان کیا ہے جبکہ شیخ کاندھلویؒ نے زیادہ تر شارحین حدیث سے نقل کیا ہے جس کی تصریح اَوجز المسالک کے اس ضمن میں اختلافی اسلوب بیان کرنے سے ہوگی۔

ج۔ ترجمۃ الکتب کے اسلوب میں اوجز المسالک کے اختلافی امور

دونوں شارحین نے موطاامام مالکؒ کے مختلف نسخوں کو اپنی شرح کے لیے لیا ہے۔یعنی شیخ زرقانیؒ نے مصری جبکہ شیخ کاندھلویؒ نے ہندوستان میں چھپنے والے نسخوں کی اتباع کی ہے۔اس لیے ترتیب میں کہیں کہیں اختلاف پایا جاتا ہے۔مثال کے طور پر اوجز المسالک میں کتاب الجنائز کے بعد کتاب الصیام ہے جبکہ شرح الزرقانی میں کتاب الزکوٰۃ اور کتاب الصدقۃ ہے۔اوجز میں ہندی نسخوں کی اتباع میں کتاب الصدقۃ کا عنوان ہی نہیں ہے۔ مزید یہ کہ چونکہ شیخ کاندھلوی رحمہ اللہ بھارت کے جبکہ شیخ زرقانی رحمہ اللہ مصر کے ہیں اور شیخ کاندھلویؒ، شیخ زرقانیؒ سے اڑھائی سو سال بعد کے عہد سے تعلق رکھتے ہیں،اس زمانی اور علاقائی اختلاف کی بنا پر زیر بحث شروح میں اسلوب و منہج کا اختلاف ایک فطری امر ہے۔چنانچہ ذیل میں چند نمایاں امور اس ضمن میں پیش کیے جاتے ہیں:

ا۔ تفصیلی ترجمہ

چونکہ اَوجز المسالک بہ نسبت شرح زرقانیؒ کے زیادہ ضخیم ہے اس لیے مجموعی طور پر یہ اس کی نسبت مفصل شرح ہے۔ترجمۃ الکتب میں اگرچہ شیخ زرقانیؒ نے بھی ضروری معلومات دینے کا اسلوب اپنایا ہے تاہم شیخ کاندھلویؒ نے زیادہ تفصیل سے کتب کا تعارف پیش کرنے کا اسلوب اپنایا ہے۔اس کا جائزہ حسب ذیل مقامات کا مطالعہ کرنے سے ہوتا ہے:

مثال نمبر ا۔کتاب الصید میں شیخ کاندھلویؒ صید کی لغوی صراحت اور اس لفظ کا شکار اور شکار کے احکام پر اطلاق کی نشاندہی کرنے کے علاوہ الدر المختار کے حوالہ سے شکار کے صحیح ہونے کے لیے پندرہ شرائط بیان کرتے ہیں[۵۴]۔

مثال نمبر ۲۔کتاب الفرائض کے ترجمہ میں شیخ کاندھلویؒ اپنی شرح میں شرح الزرقانی کی تفصیل دینے کے علاوہ "فرض" کا لغوی و شرعی معنی،شریعت میں مقرر کردہ چھ حصص:نصف،ربع، ثمن، ثلثان، ثلث اور سدس، نسخِ موطامیں اس کتاب کی ترتیب پر تبصرہ اور علم المیراث کی تعریف و موضوع بیان کرتے ہیں[۵۵]۔

ان مقامات پر اگرچہ اَوجز المسالک کے تراجم بھی زیادہ مفصل نہیں ہیں تاہم شرح الزرقانی کی نسبت تفصیلی ہیں۔اس کے علاوہ کئی کتب کا ترجمہ بہت زیادہ تفصیل سے دیا ہے۔بعض جگہ اگر اس طرح کا تفصیلی اسلوب اختیار نہ کیا جائے تو قاری مطمئن نہیں ہوتا۔

۲۔ترجمۃ الکتب کو ابحاث میں تقسیم کرنا

زیادہ تفصیلی ترجمہ شیخ کاندھلویؒ نے مختلف ابحاث اور نکات میں تقسیم کرنے کا اسلوب اپنایا ہے۔جیسا کہ درج ذیل مثالوں سے ظاہر ہے:

مثال نمبر ا۔عقیقہ سے متعلق تعارف کو دس ابحاث میں تقسیم کر کے یوں بیان کیا گیا ہے:

بحثِ اول عقیقہ کے لغوی معنیٰ میں،بحث ثانی عقیقہ کے حکم سے متعلق،بحث ثالث عقیقہ کے وقت سے متعلق،بحث رابع اس سے متعلق کہ کیا صرف مذکر کے ساتھ خاص ہے یا مؤنث کا بھی سنت ہے،بحثِ خامس اس اختلاف سے متعلق کہ کیا مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا کہ مذکر کے عقیقہ کے لیے دو بکریاں اور مؤنث کے لیے ایک بکری سے کرنا ضروری ہے،بحث سادس کیا بھیڑ بکری ہی عقیقہ کے لیے ضروری ہے یا گائے اونٹ سے بھی عقیقہ ہو سکتا ہے نیز کیا ان بڑے جانوروں میں مختلف حصہ داروں کا شریک ہونا جائز ہے یا کہ نہیں،بحث سابع اس سے متعلق کہ عقیقہ میں وہی شرائط ہیں جو کہ قربانی میں ہیں،بحث ثامن اس بارے میں کہ عقیقہ کرنے کا ذمہ دار کون ہے والد یا اس کے علاوہ کوئی اور بھی؟ یا بچے کا اگر عقیقہ نہ کیا جائے تو کیا وہ بالغ ہو کر خود اپنا عقیقہ کرنے کا پابند ہے یا نہیں،بحث تاسع اس بات سے متعلق کہ کیا عقیقہ کا گوشت پکانے کے وقت اس جانور کی ہڈیاں توڑی جا سکتی ہیں یا نہیں اور بحث عاشر اس امر سے متعلق کہ آیا عقیقہ کے جانور کا خون بچے کے سر پر ملا جائے گا یا نہیں[۵۶]۔

مثال نمبر ۲۔کتاب الاشربۃ کے ترجمہ میں شیخ کاندھلویؒ خمر سے متعلق تفصیل کو دس احکام میں یوں تقسیم کرتے ہیں:اولاً:خمر کی ماہیت۔ثانیاً:اس اسم کے ثبوت کی حد۔ثالثاً:غیر مشروط طور پر خمر کی حرمت۔رابعاً: خمر کی نجاست۔ خامساً: اس کو حرام نہ جاننے والے کا کافر ہونا۔سادساً:مسلمان کے حق میں اس کے تقوم کا سقوط۔سابعاً:اس سے نفع کمانے کی حرمت۔ثامناً:یہ پینے والے پر حد لگانا اگرچہ اسے نشہ نہ ہوا ہو۔تاسعاً:اس کے آگ پر پکانے سے اس پر اثر۔عاشراً: اس کی تخلیل کے جواز سے متعلق۔اس کے علاوہ خمر کے علاوہ مشروبات کی صراحت،اقسام میں کی ہے[۵۷]۔

ان مثالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شارح نے ترجمۃ الکتب میں متعلقہ موضوع کی مختلف جہات سے متعلق قاری کو ایک منظم اور آسان پیرائے میں متعارف کرانے کا اسلوب اپنایا ہے۔اس سے یہ فائدہ ہو سکتا ہے کہ باب

میں مذکور احادیث کو پڑھتے وقت موضوع کی مختلف جہات مزید نکھر کر سامنے آجاتی ہیں۔ اگر مکمل بات سامنے نہ بھی آئے تو بھی ذہن اس نکتے سے متعلق متجسس ہو جاتا ہے۔ اور مزید مطالعہ سے وہ جہت واضح ہو جاتی ہے۔ البتہ مختصر وقت میں محض متعلقہ حصے پر مطالعہ کرنے والے کو یہ اسلوب پریشان کرتا ہے۔

۳۔ مختلف علوم پر بکثرت کتب اور مصادر کی نشاندہی

دونوں شروح میں اگرچہ عصرِ حاضر کے مروجہ حوالہ جاتی اسلوب کی پیروی نہیں کی گئی۔ تاہم مختلف مؤلفین اور کتب کی طرف منسوب کر کے اقتباس کرنے کا اسلوب ملتا ہے۔ شیخ زرقانیؒ کے ہاں کتب کی نشاندہی کم کی گئی ہے جبکہ شیخ کاندھلویؒ نے اپنے تفصیلی اسلوب کے تحت اکثر مسالک کی کتب و مصادر کی روشنی میں ترجمۃ الکتب پیش کرنے کا اسلوب اختیار کیا ہے۔ اس کی صراحت حسب ذیل مثالوں سے ہوتی ہے:

مثال نمبر ۱۔ زکوٰۃ سے متعلق صراحت میں قرآن مجید کی آیت: ﴿اَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا﴾[۵۸] کی تفسیر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے باقاعدہ "روح المعانی" اور "روح البیان" کا نام لے کر ان میں بیان کردہ تفسیر شارحؒ نے ذکر کی ہے[۵۹]۔

مثال نمبر ۲۔ کتاب الجنائز کے ترجمہ میں شارحؒ لفظ جنازہ کی لغوی صراحت سے متعلق کہتے ہیں: كذا في شرح الإقناع عن ابن عبد البر، اسی طرح تاریخ جنازہ سے متعلق لکھتے ہوئے شارح رقمطراز ہیں: وفي الأنوار الساطعة شرعت صلاة الجنازةبالمدينة المنورة في السنة الاولىٰ من الهجرة فمن مات بمكة المشرفة لم يصل عليه[۶۰]۔ (اور الانوار الساطعہ میں ہے کہ نمازِ جنازہ مدینہ منورہ میں سن ۱ ہجری کو مشروع ہوئی۔ پس جو افراد مکہ مشرفہ میں وفات پا گئے ان کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی گئی)۔

مثال نمبر ۳۔ کتاب النذور والایمان کے ترجمہ میں شیخ کاندھلویؒ نذر کا اصطلاحی معنیٰ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وفي الروض المربع هو شرعاً إلزام مكلف مختار نفسه لله تعالىٰ شيئاًغيرمحال۔۔۔ ("الروض المربع" میں ہے کہ نذر سے مراد شرعی لحاظ سے اپنے آپ پر اختیار رکھنے والے مکلف کا اللہ تعالیٰ کے لیے کسی غیر محال شے کا اپنے اوپر لازم کر لینا ہے۔۔۔) نذر سے متعلق مزید معلومات ذکر کرنے کے لیے شارح لکھتے ہیں: وفي البدائع الكلام في النذر في ثلاثة مواضع: في بيان ركن النذر، وفي بيان شرائط الركن وفي بيان حكم النذر۔۔۔ (اور "البدائع" میں نذر سے متعلق گفتگو تین حوالوں سے ہے: نذر کے رکن، رکن کی شرائط اور نذر کے حکم سے متعلق۔۔۔) اسی طرح آگے نذر کے حکم اور اس کی ممانعت سے متعلق حدیث پر تبصرہ پر شرح

مختصر الخلیل، المدونہ، المحلیٰ اور الدر المختار کا نام لے کر تفصیلات کا ذکر کیا گیا ہے[۶۱]۔ شیخ کاندھلویؒ نے کثرت سے قاری کو مختلف مسالک کی کتب سے متعارف کروانے کا اسلوب اپنایا ہے۔ یہ انداز اگرچہ بظاہر عامیانہ لگتا ہے لیکن علومِ اسلامیہ کے طالبِ علم کے لئے کئی حوالوں سے مفید بھی ہے۔

۴۔ دیگر شارحین اور ائمہ و مؤلفین سے بکثرت نقل

متنِ حدیث کی شرح ہونے کے ناطے سے دیگر کتب کی نسبت کتبِ حدیث کی شروح سے استفادہ کرنا ایک ضرورت ہے۔ اس لیے زیرِ بحث شروح میں ان کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔ ترجمۃ الکتب کے مطالعہ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اوجز المسالک میں شرح الزرقانی کی نسبت شارحین سے بکثرت نقل کیا گیا ہے بلکہ خود شرح الزرقانی سے بھی نام لے کر یا نام لیے بغیر نقل کیا گیا ہے۔ درج ذیل مثالوں سے اس اسلوب کی تصریح ہوتی ہے:

مثال نمبر ۱۔ کتاب الجنائز میں جنائز کا ضبط اور معنیٰ نوویؒ، حافظ ابنِ حجرؒ اور العینیؒ کا نام لے کر ان سے شارحؒ نے نقل کیا ہے[۶۲]۔

مثال نمبر ۲۔ کتاب الصیام کے ترجمہ میں شیخ کاندھلویؒ نے، زرقانیؒ سے نام لے کر لکھا ہے کہ وہ کتاب کی ابتداء تسمیہ سے تبرکاً اور تفنناً کرتے ہیں۔ نیز ملا علی القاری، بدر الدین العینی اور پھر زرقانی سے نقل کیا گیا ہے[۶۳]۔

۵۔ احناف کی تائید

شیخ کاندھلویؒ چونکہ خود حنفی المسلک ہیں اس لیے انہوں نے ترجمۃ الکتب میں بھی اکثر فقہ حنفی کی تائید کا اسلوب اپنایا ہے۔ جیسا کہ کتاب الحج کے ترجمہ میں شارح حج کے علی الفور فرض ہونے یا تاخیر سے فرض ہونے سے متعلق ائمہ کا اختلاف بیان کرتے ہوئے احناف کا موقف یوں بیان کرتے ہیں:

"واختلف فيه عند أصحابناقال أبو يوسف: هو فی أول أوقات الإمكان فمن أخره عن العام الاول أثم۔۔۔قال بعض أصحابناالمتاخرين: المعتمد أن الخلاف فی هذه المسئلة ابتداء فأبو يوسف عمل بالاحتياط"[۶۴]۔

(اس مسئلہ میں ہمارے اصحاب کے نزدیک بھی اختلاف ہے وہ یہ کہ ابو یوسف رحمہ اللہ کے مطابق ممکنہ حد تک پہلی فرصت میں حج کرنا ہو گا جس کسی نے پہلے سال سے حج مؤخر کر دیا وہ گناہگار ہوا۔۔۔ ہمارے بعض متاخرین اصحاب کا کہنا ہے کہ اس مسئلہ میں اختلاف ابتدا کے حوالہ سے معتمد ہے پس امام ابو یوسف نے احتیاط پر عمل کیا ہے)۔

یعنی شارح کا حنفی ائمہ کے لیے "اصحابنا" (ہمارے اصحاب) کہنا حنفی مسلک کی تائید ظاہر کرتا ہے۔ نیز اس مثال سے ظاہر ہوتا ہے کہ شارح نے احناف کے اندرونی اختلاف کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے بہتر

قول کی طرف رہنمائی کرنے کا اسلوب بھی اپنایا ہے۔شرح الزرقانی کی نسبت یہ اَوجز المسالک کی امتیازی صفت ہے۔

خلاصۂ بحث

دونوں شروح کے ترجمۃ الکتب میں مناہج واسالیب کے اتفاقی واختلافی امور کا تقابل کرتے ہوئے ان کے ایک دوسرے سے امتیازات کے طور پر درج ذیل نمایاں نکات سامنے آئے ہیں:

۱۔شرح الزرقانی میں اختصار کا اسلوب ہے جبکہ اَوجز المسالک میں تفصیل کا۔

۲۔شرح الزرقانی میں ترجمہ میں بنیادی اور معروف معلومات زیادہ تر اپنی طرف سے ہی بیان کرنے کا اسلوب اپنایا گیا ہے جبکہ اَوجز المسالک میں زیادہ تر یہ معلومات بھی شارحین سے نقل کرنے کا اسلوب اختیار کیا گیا ہے۔

۳۔شرح الزرقانی میں مختلف علوم کی کتب کی نشاندہی اَوجز المسالک کی نسبت کم کی گئی ہے، اَوجز میں ترجمۃ الکتب کے دوران بھی شرح زرقانی کی نسبت زیادہ کتب اور مؤلفین کی نشاندہی کرنے کا اسلوب اپنایا گیا ہے۔بالخصوص حنفی مسلک کی کتب اور مؤلفین کو زیادہ اہتمام سے ذکر کرنے کا اسلوب ملتا ہے۔

۴۔شیخ کاندھلویؒ نے ترجمۃ الکتب کو کہیں کہیں زیادہ تفصیل سے پیش کرتے ہوئے مواد کو نکات اور متعدد ابحاث میں ایک نظم کے ساتھ پیش کیا ہے جبکہ شیخ زرقانیؒ نے ترجمۃ الکتب کو ابحاث میں تقسیم نہیں کیا۔

۵۔اَوجز المسالک میں زیادہ تر فقہ حنفی کی نمائندگی کی گئی ہے جبکہ شرح الزرقانی میں فقہ مالکی کی نمائندگی، شرحِ متن میں تو کی گئی ہے لیکن ترجمۃ الکتب میں نہیں ہے۔

۶۔شرح الزرقانی میں اول تا آخر کتب کے عنوانات قائم کیے گئے ہیں جبکہ اوجز المسالک میں کتاب الجنائز پہلا عنوانِ کتاب ہے۔

۷۔شرح الزرقانی میں کتب کے عنوانات زیادہ واضح اور آسان ہیں جبکہ اوجز المسالک کے عنوانات زیادہ جامع ہونے کی وجہ سے سہل اور واضح نہیں ہیں۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ شیخ زرقانی رحمہ اللہ کا پورا نام ابوعبداللہ محمد بن عبدالباقی بن یوسف بن احمد بن علوان الزرقانی المصری الازھری المالکی ہے۔ ان کا زمانہ ۱۰۵۵ھ تا ۱۱۲۲ھ ہے۔ دیارِ مصر میں خاتمۃ المحدثین یعنی محدثین کی آخری کڑی ہیں۔ زرقانیؒ کہلانے کی وجہ مضافات قاہرہ کے بالائی حصوں میں زرقان نامی ایک بستی کی طرف آپ کی نسبت ہے۔ یعنی آپ کی ولادت ووفات سرزمینِ قاہرہ میں ہی ہوئی۔ نیز آپ رحمہ اللہ کو الامام، المحدث الناسک (عابد وزاھد)، الخریر (صاحب ادراک)، الفقیہ اور العلامہ کے القابات وعنوانات بھی دیے گئے ہیں۔

(الزرکلی، خیرالدین، الاعلام قاموس تراجم الاشهر الرجال والنساء من العرب والمستعربين والمستشرقين(طبع ثالثة)،۷/۵۵)؛ الزرقانی،محمد بن عبدالباقی(۱۰۵۵تا ۱۱۲۲ھ)،شرح الزرقانی علیٰ المواهب اللدنيه للعلامه القسطلانی(۹۲۳ھ)،دارالکتب العلمية، بيروت، ترجمة الزرقانی شارح مواهب،۱/۸)۔

۲۔ آپ رحمہ اللہ ۱۱ رمضان ۱۳۱۵ھ بمطابق بروز جمعرات ۲ فروری ۱۸۹۸ء کو پیدا ہوئے۔ اور آپ کے دو نام محمد موسیٰ اور محمد زکریا رکھے گئے تھے لیکن دوسرا نام ہی مشہور ہوا۔ آپ نے خود اپنا تعارف یوں کروایا ہے کہ نام کے اعتبار سے زکریا، وطن کے حوالہ سے کاندھلوی، مسلک کے اعتبار سے حنفی، مشرب کے اعتبار سے خلیلی (مولانا خلیل احمد سہارنپوری کی نسبت سے)، تلمذ وشاگردی کے اعتبار سے المظاھری ہوں۔ اور والدِ گرامی مولانا محمد یحییٰ ہیں۔ (الکاندھلوی، محمد زکریا المہاجر المدنی(۱۳۱۵ھ تا ۱۴۰۲ھ)، أوجز المسالک الیٰ موطا مالک، مکتبہ امدادیہ، ملتان، مقدمۃ، الباب الثالث، الفائدۃ الاولیٰ، ۱/۳۴،۳۵)۔

۳۔ الزرقانی، محمد بن عبدالباقی بن یوسف(۱۰۵۵ھ تا ۱۱۲۲ھ) شرح الزرقانی، دارالحدیث، القاھرۃ، ۲۰۰۶ء، کتاب القسامۃ، ۴/۲۷۳۔

۴۔ أوجز المسالک، کتاب القسامۃ، ۵/۵۱۷۔

۵۔ شرح الزرقانی، کتاب النذور والایمان، ۳/۷۷۔

۶۔ أوجز المسالک، کتاب النذور، ۴/۱۱۴۔

۷۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۹۶۔

۸۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۹۶۔

۹۔ شرح الزرقانی، کتاب الصید، ۳/۱۱۵۔

۱۰۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۹۶۔

۱۱۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۹۶۔

۱۲۔ أوجز المسالک، کتاب الصید، ۴/۱۷۷۔

۱۳۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۳۲۰۔

۱۴۔شرح الزرقانی، کتاب النکاح، ۳/ ۱۶۳۔

۱۵۔سورۃ البقرۃ، ۲: ۱۸۳۔

۱۶۔الطبرانی، ابوالقاسم سلمان بن احمد، المعجم الاوسط، دار الحرمین، القاہرہ، ۱۴۱۵ھ، ۲/ ۳۷۴۔

۱۷۔شرح الزرقانی، کتاب الزکوٰۃ، ۲/ ۱۲۵۔

۱۸۔البخاری، ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل (م:۲۵۶ھ)، الجامع الصحیح، مکتبہ رحمانیہ، لاہور، کتاب الاضاحی، باب التکبیر عند الذبح، ۲/ ۳۵۰؛ مسلم بن الحجاج القشیری (م:۲۶۱ھ)، الصحیح، قدیمی کتب خانہ، کراچی، کتاب الاضحیۃ، باب استحباب الضحیۃ وذبحھا، ۲/ ۱۵۵۔

۱۹۔أوجز المسالک، کتاب الضحایا، ۴/ ۲۱۴۔

۲۰۔البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل (م:۲۵۶ھ)، الادب المفرد، دار البشائر الاسلامیۃ، بیروت، ۱۴۰۹ھ، باب حسن الخلق، ۱۰۴۔

۲۱۔شرح الزرقانی، کتاب حسن الخلق، ۴/ ۳۳۱۔

۲۲۔ابو داود، سلیمان بن الاشعث السجستانی (۲۵۷ھ)، السنن، مکتبہ امدادیہ، ملتان، کتاب الحدود، باب القطع فی الخلسۃ والخیانۃ، ۲/ ۲۵۵۔

۲۳۔أوجز المسالک، کتاب السرقۃ، ۶/ ۵۳۔

۲۴۔شرح الزرقانی، کتاب النکاح، ۳/ ۱۶۳۔

۲۵۔أوجز المسالک، کتاب الجنائز، ۲/ ۴۲۰۔

۲۶۔شرح الزرقانی، کتاب الصیام، ۲/ ۲۰۱۔

۲۷۔أوجز المسالک، کتاب الصیام، ۳/ ۱۔

۲۸۔شرح الزرقانی، کتاب الحج، ۲/ ۲۹۵۔

۲۹۔أوجز المسالک، کتاب الحج، ۳/ ۲۹۵۔

۳۰۔أوجز المسالک، کتاب القراض، ۵/ ۱۶۹۔

۳۱۔شرح الزرقانی، کتاب الشفعۃ، ۳/ ۴۷۵۔

۳۲۔أوجز المسالک، کتاب الشفعۃ، ۵/ ۲۲۴۔

۳۳۔شرح الزرقانی، کتاب الجہاد، ۳/ ۵۔

۳۴۔أوجز المسالک، کتاب الجہاد، ۴/ ۲۔

۳۵۔شرح الزرقانی، کتاب الصیام، ۲/ ۲۰۰۔

۳۶۔أوجز المسالک، کتاب الحج، ۳/ ۲۹۸۔

۳۷۔شرح الزرقانی، کتاب الصیام، ۲/ ۲۰۰۔

۳۸۔ملا علی القاری، مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، مکتبہ امدادیۃ، ملتان، کتاب الصوم، ۴/ ۲۲۹۔

أوجز المسالک، کتاب الصیام، ۲/ ۳۔

۳۹۔البقرۃ، ۲: ۱۹۶۔

۴۰۔ شرح الزرقانی، کتاب الحج، ۲/ ۲۹۵۔

۴۱۔ ابنِ حجر العسقلانی، احمد بن علی (م ۸۵۲ھ)، فتح الباری، قدیمی کتب خانہ، کراچی، کتاب الحج، باب وجوب الحج وفضلہ، ۳/ ۴۸۳۔

۴۲۔ أوجز المسالک، کتاب الحج، ۳/ ۲۹۶۔

۴۳۔ شرح الزرقانی، کتاب الزکوۃ، ۲/ ۱۲۵۔

۴۴۔ أوجز المسالک، کتاب الزکوۃ، ۳/ ۱۳۵۔

۴۵۔ شرح الزرقانی، کتاب الجنائز، ۲/ ۶۵۔

۴۶۔ سورۃ الملک، ۶۷: ۲۔

۴۷۔ أوجز المسالک، کتاب الجنائز، ۲/ ۴۲۰۔

۴۸۔ شرح الزرقانی، کتاب الزکوۃ، ۲/ ۱۲۵۔

۴۹۔ أوجز المسالک، کتاب الزکوۃ، ۳/ ۱۳۵۔

۵۰۔ شرح الزرقانی، کتاب الصید، ۳ /۱۱۵۔

۵۱۔ ایضاً، کتاب الفرائض، ۳/ ۱۳۵۔

۵۲۔ ایضاً، کتاب الرضاع، ۳/ ۳۰۷۔

۵۳۔ ایضاً، کتاب الجنائز، ۲/ ۶۵۔

۵۴۔ أوجز المسالک، کتاب الصید، ۴/ ۱۷۷۔

۵۵۔ ایضاً، کتاب الفرائض، ۵/ ۳۹۵۔

۵۶۔ ایضاً، کتاب العقیقۃ، ۴/ ۲۰۴۔

۵۷۔ ایضاً، کتاب الاشربۃ، ۶/ ۸۵، ۸۶۔

۵۸۔ سورۃ مریم، ۱۹: ۳۱۔

۵۹۔۔ أوجز المسالک، کتاب الزکوہ، ۳/ ۱۳۴۔

۶۰۔ ایضاً، کتاب الجنائز، ۲/ ۴۲۰۔ ۴۲۱۔

۶۱۔ ایضاً، کتاب النذور والایمان، ۴/ ۱۱۴ تا ۱۱۶۔

۶۲۔ ایضاً، کتاب الجنائز، ۲/ ۴۲۰۔

۶۳۔ ایضاً، کتاب الصیام، ۳/ ۱۔

۶۴۔ ایضاً، کتاب الحج، ۳/ ۲۹۵، ۲۹۶۔

علوم اِسلامیہ میں تحقیقی مقالے کے موضوع کا اِنتخاب اور خاکہ سازی:

جدید رہنما اُصول اور طریقے

Selecting a Research Topic and Preparing its Synopsis: Current Techniques and Means for the Researchers in Islamic Studies

خورشید احمد سعیدی*

Abstract

There is ever-growing number of MS and PhD students along with general researchers in Pakistan who are in need of improved rules, principles, and sources to choose a researchable topic and prepare its logical synopsis in the vast area of Islamic Studies. Although there are authors who have written a number of books on research methodology in Urdu language, most of them address the researchers in Urdu language and literature. There are a few books written to guide the researchers in Islamic Studies. However, they neither cover the needs of current community of researchers nor they point out the support of the Higher Education Commission of Pakistan for the researches.

After reviewing the available literature and noting many deficiencies in the books of research methodology in Urdu language, this paper contributes to fill the gap to some extent. To save the time of the researchers in choosing a relevant topic, to enable them to start their work without any serious problem and to play their role in the development of the nation, this paper addresses three basic questions. They are: What are the current and researchable fields and areas in the vast discipline of Islamic Studies? What are the most logical steps and stages in choosing a researchable top in any specialization of Islamic Studies? How to write an acceptable synopsis for research in Islamic Studies?

In this way, this paper is divided into three parts. In the first part, it points out various areas and fields of research; in the second part, it explores the steps, means and ways to choose an appropriate topic; and inthe third part, it points out the latest sources of data provided by HEC, HEC-approved supervisors and journals, magazines in Urdu and Arabic languages, and online libraries in Urdu and Arabic languages. In general, this paper is constructive, suggestive and instructive.

* لیکچرر، شعبہ تقابل ادیان، کلیہ اُصول الدین (اسلامک اسٹڈیز)، اِنٹرنیشنل اِسلامک یونیورسٹی، اِسلام آباد، پاکستان۔

پاکستانی جامعات میں بی ایس، ایم اے، ایم ایس/ ایم فل اور پی ایچ ڈی اور بعض دینی مدارس میں علوم اسلامیہ کے طلبہ کے لیے مروّجہ نظامِ تعلیم وتربیت کے آخری مرحلہ میں طلبہ کو آخری درجہ، سمسٹر، سال یا مقررہ مدت میں ایک تحقیق طلب موضوع پر مقالہ لکھنا ہوتا ہے لیکن مشکل مسئلہ یہ ہے کہ علوم اِسلامیہ کے موجودہ نظام تعلیم میں زیر تربیت طلبہ کی ایک بھاری اکثریت میں اپنے تحقیقی مقالہ کا عنوان خود منتخب کرنے کی صلاحیت پیدا نہیں ہوتی۔ اُن میں سے بعض طلبہ جو اپنے تحقیقی مقالہ کا عنوان خود منتخب کرسکتے ہیں وہ تحقیق کے ابتدائی مراحل کا مناسب علم نہ ہونے کی وجہ سے ایک قابلِ قبول موضوع اور لائق تعریف مقالہ تیار نہیں کرسکتے۔ یہ صورت حال صرف دینی مدارس کے طلبہ تک محدود نہیں، یونیورسٹیوں کے طلبہ وطالبات کی اچھی خاصی تعداد کا بھی یہی حال ہے۔ اِس مشکل مرحلہ میں مدد کرنے کے لیے اُردو زُبان میں تحقیق اور اُصولِ تحقیق کے موضوع پر کئی اَساتذہ اور ماہرینِ فن نے قلم اُٹھایا ہے اور علوم اسلامیہ، عربی واُردو زبان ادب اور شعبۂ تعلیم کے طلبہ کی مشکلات، کمزوریوں اور ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بہت سی کتب شائع کی ہیں۔ اُن کتب کے مشمولات پر طائرانہ نظر ڈالیں تو یہ کتب مختلف گروہوں میں تقسیم نظر آتی ہیں۔ اُن میں سے بعض علوم اسلامیہ وعربیہ میں تحقیقی فکر اور تصورات کو پروان چڑھانے کے لیے لکھی گئی ہیں، بعض علوم اسلامیہ وعربیہ میں فنی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہیں، کچھ اُردو وعربی زبان وادب میں تحقیق کرنے والے طلباء اور اسکالرز کے لیے قلم بند کی گئی ہیں، اور کچھ تحقیق سے متعلق مقالات و مضامین پر مشتمل ہیں۔ عمومی لحاظ سے اور اپنی اپنی جگہ پر یہ کتب بہت مفید ہیں لیکن اگر علوم اسلامیہ میں تحقیق کے معاصر رُجحانات، تحقیق کاروں کی صلاحیتوں اور اُنکی مشکلات کا بنظر غائر جائزہ لیں تو اُن کتب میں بہت سے اُمور اَدھورے اور ناکافی ہیں جیسا کہ ذیل میں صرف علوم اسلامیہ میں تحقیقی کام سے متعلق اہم کُتب کے ایک اِجمالی تعارف سے واضح ہے۔

تحقیق میں سوچ وفکر کو پروان چڑھانے والی کتب

عُلوم اسلامیہ میں تحقیق کے تناظر میں دیکھیں تو متعدد کتب ایسی ہیں جو تحقیق کاروں کی سوچ، فکر اور تصورات کے فروغ اور دُرستگی کے نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہیں یعنی وہ فنی سے زیادہ فکری نوعیت کی ہیں۔ یہاں اُن میں سے چھکتب کا مختصر تعارف پیش ہے۔

۱- پہلی کتاب ڈاکٹر محمد رفیع الدین کی ''اسلامی تحقیق کا مفہوم، مدعا اور طریق کار'' ہے۔ یہ اڑتالیس صفحات کی ایک مختصر مگر فکری جلا بخشنے والی کتاب ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے پنتیس نکات پر اپنے افکار پیش کیے

ہیں۔ جن میں سے کچھ یہ ہیں: اسلامی تحقیق کے معنی، میکانکی اور اصلی اسلامی تحقیقات، اصلی اسلامی تحقیق کے وظائف، میکانکی اسلامی تحقیق کے وظائف، مستشرقی تحقیق، مسلمان مستشرق کا اصلی کام، وحی اور عقل، موجودہ دور میں اسلام کو حکیمانہ افکار کا چیلنج، اسلامی تحقیق ہمارے لئے زندگی اور موت کا سوال ہے، غیر مسلم کو اسلام کا معتقد بنانے کا طریقہ، فلسفی کا طریق کار، ہمارے اسلامی تحقیق کے اداروں کے سامنے کرنے کا کام، سچا اجتہاد، علمائے متقدمین کی اسلامی تحقیق ہمارے زمانہ کے چیلنج کا جواب نہیں بن سکتی، اسلامی تحقیق کے فن کی تعلیم اور تربیت ضروری ہے، وغیرہ[۱]۔

۲- اس سلسلے کی دوسری کتاب "مسلمان مؤرخین کا اُسلوبِ تحقیق: عصر خلفاء راشدین" ہے۔ ایک سَو چھپن(۱۵۶) صفحات کی یہ کتاب محمد سعد صدیقی لکھی اور اس کے مواد کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے میں تاریخ کا مفہوم اور تاریخ نگاری اور خلافت کا مفہوم واضح کیا گیا ہے؛ دوسرے حصہ میں حضرت ابو بکر صدیق، تیسرے میں حضرت عمر، چوتھے میں حضرت عثمان اور پانچویں میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی خلافت کے بارے میں مسلمان مؤرخین کے اُسلوبِ تحقیق کے بارے میں مؤلف کے مقالات شامل ہیں[۲]۔

۳- اس سلسلے کی تیسری کتاب "لائبریری سائنس کا ارتقاء اور مسلمانوں کی خدمات" ڈاکٹر احمد خان کی تالیف ہے۔ اِس میں انہوں نے اپنے آٹھ اور قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی کے دو مضامین شامل کیے ہیں جن کے عناوین یہ ہیں: مسلمانان سلف اور جمع و مطالعہ کتب کا شوق؛ اسلامی اندلس میں کتب خانے اور شائقین کتب؛ اندلس میں ایک نمونے کا کتب خانہ؛ عہد اسلامی میں کتب خانوں کا نظم و نسق؛ مسلمانوں کا ذوق کتاب داری؛ مسلمانوں کا فنِ کتاب سازی و کتاب داری؛ قرونِ وسطی میں اسلامی کتب خانے اور اُن کا طریقہ کار؛ لائبریری سائنس کا ارتقاء اور مسلمانوں کی خدمات؛ وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آباء کی؛ اور ہمارے علمی ورثے کی بربادی[۳]۔ اس کتاب کے سارے مضامین نئے تحقیق کاروں اور مقالہ نگاروں کے بہت مفید ہیں۔

۴- اسی سلسلے کی دو مفید کتابیں ڈاکٹر عمر فاروق غازی نے لکھی ہیں[۴]۔ ایک کتاب "تحقیق کے اصول وضوابط احادیث نبویہ کی روشنی میں" ہے۔ دو سَو چوبیس صفحات پر مشتمل اس کتاب کے دو باب ہیں۔ پہلے باب کا عنوان "احادیثِ نبوی میں تحقیق کے اُصول وضوابط" ہے۔ اِس میں پانچ فصول ہیں جن کے مباحث یہ ہیں: تحقیق کی ضرورت واہمیت، تحقیق کا مفہوم وتعریف، تحقیق کی غرض وغایت، تحقیق کے اُصول، اور تحقیق کے مصادر۔ دوسرے باب کا عنوان "اُصول حدیث میں تحقیق کے اُصول وضوابط" ہے۔ اِس میں چار فصول ہیں۔ اُن کے مباحث یہ ہیں: علم الحدیث میں تحقیق کے موضوعات مسائل اور تعریف، علم حدیث میں تحقیق

کے طریقے، علم حدیث میں تحقیق کے اصول وضوابط، اور علم الحدیث کے تحقیقی اصول وضوابط کا دوسرے علوم پر اثرات[۵]۔

۵- ایک سَو تنتالیس صفحات پر مشتمل اُن کی دوسری "تحقیق کے بنیادی عوامل وارکان قرآن کی نظر میں" ہے[۶]۔ اِس کے پانچ ابواب ہیں جن کے عنوانات یہ ہیں: تحقیق کا مفہوم، تحقیق کے اغراض ومقاصد، تحقیق کے بنیادی عوامل وارکان، تحقیق کے تقاضے، اور تحقیق کے طریقے[۷]۔

۶- اس سلسلے کی ایک نئی کتاب "تحقیق: تصورات اور تجربات" ہے جس میں پروفیسر خورشید احمد، ڈاکٹر سفیر اختر اور ڈاکٹر محمد عمر چھاپرا کے پانچ مقالات شامل کیے گئے ہیں۔ ان مقالات کے عناوین "اسلامی تصورِ تحقیق، تحقیقی عمل میں سیاق وسباق کی اہمیت، تحقیق کا سفر، کتاب پر تبصرہ کا فن، اور عالمی مالیاتی بحران پر ایک نظر" ہیں۔ یہ کتاب دراصل اِنسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد میں ۲۰۰۸ء تا ۲۰۱۰ء کے دوران نئے تحقیق کاروں کی تربیت کے لیے منعقدہ نشستوں میں پیش کیے گئے سینئر محققین کے لیکچرز کا منتخب مجموعہ ہے[۸]۔

اِن چھ کتابوں میں تحقیقی عمل کے فنی پہلوؤں اور مراحل سے متعلقبات انتہائی کم کی گئی ہے۔ یہ نہیں بتایا گیا کہ علوم اسلامیہ میں سے کسی علم یا فن میں تحقیق کے لیے موضوع کا انتخاب اور اُس کی خاکہ سازی کیسے کی جائے بلکہ قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی مختلف الانواع تبدیلیوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تحقیق کاروں کی فکر، سوچ اور تصورات کو وسعت دینے کے ساتھ ساتھ ترجیحات کی تشکیل نو پر ایک خاص نقطۂ نظر سے زور دیا گیا ہے۔

علوم اسلامیہ وعربیہ میں فنِ تحقیق کی کتب

علوم اسلامیہ وعربیہ میں نئے تحقیق کاروں کی رہنمائی اور اساتذہ کی مدد کرنے کے لیے بہت کم کتابیں لکھی گئی ہیں۔ اُن میں سے بھی صرف چند ایسی ہیں جو ایک لحاظ سے نصابی حیثیت رکھتی ہیں۔ اُن کا اجمالی تعارف ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱- اس سلسلے کی تازہ ترین کتاب "اُصولِ تحقیق" ڈاکٹر افتخار احمد خان[۹] نے لکھی ہے۔ دو سَو آٹھ صفحات کی اس کتاب کو گیارہ اَبواب میں تقسیم کیا گیا ہے جن کے نام یہ ہیں: تحقیق، تحقیق کار اور نگران؛ تحقیق کی اقسام اور مناہج تحقیق؛ موضوع تحقیق کا انتخاب اور خاکہ کی تیاری؛ مصادر ومراجع کی تحدید؛ مواد کی جمع آوری، جانچ پڑتال اور حزم واحتیاط؛ تحقیق میں فرضیہ کی اہمیت، شروط وخصائص؛ مقالہ کی تسوید وتحریر اور معیاری مقالہ کی خصوصیات؛ مقالہ کی حوالہ بندی؛ مخطوطات کی تحقیق وتدوین؛ فہارس سازی؛ اور کتب اصول تحقیق وتدوین

مخطوطات۔ زیر نظر مقالے سے متعلق اس کتاب کا باب نمبر ۳ ہے۔ اس باب میں چار صفحات پر انتخاب موضوع اور شروط موضوع جبکہ خاکہ سازی کو تین سے کم صفحات میں زیر گفتگو لایا گیا ہے۔ یہاں خاکہ کے عناصر کے صرف نام لکھے گئے ہیں اُن کی نہ کوئی وضاحت ہے نہ کوئی مثالیں[۱۰]۔ مزید بر آں، مصنف نے سابقہ مطالعات کے جائزہ کے لیے ایچ ای سی کی وجہ سے اور انٹ رنیٹ پر دستیاب وسائل سے متعلق کوئی قابل ذکر بات نہیں کی۔

۲- اس سلسلے کی دوسری کتاب "اسلامی اصولِ تحقیق" پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خان خاکوانی[۱۱] نے لکھی ہے۔ تین سَو چھہتر صفحات کی اس کتاب کے متنوع موضوعات کو آٹھ ابواب میں پیش کیا گیا ہے۔ اِس کتاب کی تمہید میں مصنف نے تحقیق کے میدان میں مسلمانوں کے کارناموں تذکرہ کیا ہے؛ اسلام میں تحقیق کی حقیقت، اہمیت اور ارتقاء اور اصول تحقیق پر مفصل گفتگو کی ہے۔ اسلامی اصول تحقیق میں مصادر، مقاصد اور محقق کی خصوصیات پر بات کی ہے۔ تحقیق کی اقسام کے تعارف کے ساتھ ساتھ اردو، عربی اور انگریزی میں اصول تحقیق کی اہم کتب کی فہرست بھی پیش کی ہے۔ موضوع کے انتخاب اور خاکہ سازی پر بھی تفصیلی کلام کیا ہے۔ تحقیقی مقالہ کے مشمولات اور مراحلِ تحقیق کے اختتام پر زبانی امتحان تک طلبہ کو اپنے افکار اور تجربات سے آگاہ کیا ہے اور آخری باب میں اقتباسات، حواشی اور رسمیاتِ مقالہ پر کلام کیا ہے۔ اگرچہ مصنف نے پانچویں باب میں انتخابِ موضوع اور چھٹے میں اس کی خاکہ سازی پر تقریباً سینتیس صفحات صرف کیے ہیں لیکن علوم اسلامیہ میں معاصر میدانوں اور شعبہ ہائے تحقیق کی نشاندہی نہیں کی۔ اس کے ساتھ ساتھ خاکہ سازی میں بھی خاکہ کے عناصر کی تشریح و توضیح میں تشنگی پائی جاتی ہے[۱۲]۔ بالخصوص سابقہ کام کا جائزہ لینے کے لیے انٹرنیٹ پر دستیاب مفید وسائل اور معتبر لائبریریوں سے روشناس نہیں کروایا گیا حالانکہ اس وقت کے حالات میں طلبہ کا رجحان اس طرف زیادہ ہے۔

۳- اس سلسلے کی تیسری کتاب "اصول تحقیق" کے نام سے ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی نے لکھی ہے[۱۳]۔ مصنف کا تعلق چونکہ علوم اسلامیہ بالخصوص تخصص فی التفسیر وعلوم القرآن سے ہے اس لیے کتاب میں موضوع پر زیادہ چھاپ علوم اسلامیہ و عربیہ کی ہے۔ تین سَو پنتالیس صفحات پر مشتمل یہ کتاب سترہ ابواب میں تقسیم کی گئی ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے علوم اسلامیہ میں تحقیق سے متعلق مباحث کا احاطہ کرنے کی لائق تحسین کوشش کی ہے۔ کتاب کے باب نمبر ۴ کا عنوان "موضوع تحقیق کا انتخاب اور خاکہ" ہے۔ چار صفحات کے اندر موضوع تحقیق کے انتخاب اور سات صفحات میں موضوع تحقیق کا خاکہ بنانے کا طریقہ سمجھایا گیا ہے۔ چونکہ یہ

کتاب پہلی بار ۲۰۰۳ء میں منصۂ شہود پر آئی اور اس وقت پاکستانی طلبہ اور محققین کی رسائی انٹرنیٹ تک نہیں تھی۔ اس لئے علوم اسلامیہ میں تحقیق کے لیے آن لائن وسائل اور مصادر و مراجع پر کلام اور رہنمائی اس کتاب کے زیر نظر ایڈیشن میں نہیں ملتی۔ آج کے طلبہ کی مشکلات کو سامنے رکھیں تو موضوع کا خاکہ اور اس کے عناصرِ ضروریہ کو بیان کرنے میں بہت اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ خاکہ کے بعض عناصر مثلاً اہمیت موضوع، اسباب اختیار موضوع، تحقیق کے اہداف وغیرہ اس باب میں شامل نہیں کیے گئے[۱۴]۔

۴- اسی طرح علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے علوم اسلامیہ و عربیہ میں ایم فل کی ڈگری کے طلبہ کے لیے چار کورس "اصول تحقیق"، "اسلام میں تحقیق کے اصول و مبادی"[۱۵]، "اطلاقِ تحقیق" اور "تحقیق نگاری" مقرر کیے ہیں۔ پہلا کورس ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش جبکہ باقی تینوں کورس ڈاکٹر طفیل ہاشمی نے تحریر کیے تھے۔ اِن میں سے چوتھے کورس میں علوم اسلامیہ میں تحقیق کے لیے انتخابِ موضوع اور خاکہ سازی کے متعلق یونٹ نمبر ۲، ۳ اور ۶ میں گفتگو کی گئی ہے۔ اِن یونٹوں میں بہت مختصر رہنمائی ملتی ہے۔ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ تک رسائی کی وجہ سے آج کی صورتِ حال کے پیش نظر علوم اسلامیہ میں تحقیق نگاری کے رُجحانات والے اُمور اس کتاب میں نہیں ہیں[۱۶]۔

۵- اسی سلسلے میں پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک (چیئرمین شعبۂ عربی پنجاب یونیورسٹی لاہور) نے "عربی، اسلامی علوم اور سوشل سائنسز میں تحقیق و تدوین کا طریقہ کار" کے نام سے ایک ضخیم کتاب لکھی ہے[۱۷]۔ یہ بنیادی طور پر دو ابواب میں منقسم ہے۔ پہلے باب کی چھ فصلوں میں تحقیق کی اقسام، تحقیق کے بنیادی عناصر، محقق کی خصوصیات، کتب خانے، مقالہ نگاری کے مراحل اور مقالہ کی کمپوزنگ اور آخری کتابی شکل کے مباحث پر گفتگو کی ہے۔ دوسرے باب کی تین فصول میں مخطوطات کی تدوین کے مختلف مراحل پر قلم اُٹھایا گیا ہے اور آخر میں پانچ ملحقات ہیں۔ اس کتاب کے پہلے باب کی پانچویں فصل میں انتخابِ موضوع اور خاکۂ تحقیق کی تیاری پر اگرچہ بہت مفصل کلام کیا گیا ہے لیکن چونکہ ڈاکٹر صاحب کا اصل میدان عربی ادب اور لسانیات ہے اس لئے اُن کی گفتگو اور مثالیں زیادہ تر عربی ادب کے طلبہ کے لیے مفید ہیں۔ اس کتاب میں علوم اسلامیہ میں تحقیق کے متنوع میدانوں اور شعبوں کا تذکرہ ہے اور نہ اُردو زبان میں دستیاب آن لائن مصادر و مراجع کی طرف کوئی مفصل رہنمائی کی گئی ہے۔ اگرچہ اس کتاب میں انٹرنیٹ پر موجود متعدد مجلات اور مکتبات کا ذکر اور اُن کے ویب سائٹ ایڈریسز دیئے گئے ہیں اور اسی طرح مختلف سوفٹ ویئرز اور مکتبہ شاملہ کے استعمال پر

بھی تفصیل بات کی گئی ہے لیکن اِس میں اُن مکتبات اور عربی زبان کے آن لائن مجلات کا ذکر نہیں ملتا جو اِس کتاب کی اشاعت کے بعد وجود میں آئے ہیں[۱۸]۔

۶- پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک نے اِس سے پہلے "منہج البحث والتحقیق" لکھی تھی۔ یہ مفید کتاب کئی بار شائع ہوئی[۱۹]۔ اِس کتاب کی الفصل الخامس میں مصنف نے اختیار موضوع البحث اور اِعداد خُطۃ البحث پر اچھی خاصی تفصیل اور بہت مفید رہنمائی پیش کی ہے مگر اس سے زیادہ تفصیل، جدید طریقوں اور مصادر و مراجع کے وسائل پر کلام اپنی کتاب 'تحقیق و تدوین کا طریقہ کار' میں کیا ہے جس کا ذکر ابھی کیا گیا ہے۔

جگہ کی کمی کی وجہ سے اردو زبان وادب میں تحقیقی کام کے لیے معاون کتب کا جائزہ شامل نہیں کیا جا سکا۔ تاہم علوم اسلامیہ میں تحقیقی کام سے متعلق سابقہ کتب کا یہ اجمالی جائزہ واضح کرتا ہے کہ اِن کتابوں نے اپنے دور کے طلبہ کو بہت اچھی رہنمائی پیش کی ہو گی اور عمومی پہلوؤں میں یہ اب بھی مفید ہیں لیکن انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ترقی، اس تک آسانی سے رسائی، معاصر طلبہ کی صورت حال اور مشکلات کو مدِ نظر رکھیں تو اِن کتابوں میں متعدد حوالوں سے کچھ نہ کچھ کمی ہے۔ اِس لئے زیرِ نظر مقالہ تین اہم اور بنیادی سوالات سے بحث کرتا ہے: ۱۔ علوم اسلامیہ میں قابل تحقیق موضوعات کے معاصر میدان اور شعبہ ہائے علوم کیا ہیں؟ ۲۔ اِن میدانوں یا شعبوں سے متعلق قابل تحقیق موضوع کیسے منتخب کیا جائے؟ ۳۔ موضوع منتخب ہو جانے پر اُس کا خاکہ علمی انداز میں کیسے تیار کیا جائے؟ اس طرح یہ مقالہ تین بڑے حصوں میں منقسم ہے اور انہی سے متعلق تفصیلی بحث کرتا ہے۔

تحقیق کے میدان اور موضوع کی نوعیت

قابلِ تحقیق موضوع کے انتخاب سے پہلے اُس کی نوعیت اور طبیعت کو سمجھنا ضروری ہوتا ہے۔ موضوع کے متلاشی نئے مقالہ نگار اور تحقیق کار کو یہ سوچنا چاہیئے کہ وہ کس قسم کے موضوع میں رغبت رکھتا ہے؟ کس شعبۂ علم میں اُس کی طبیعت کا میلان پایا جاتا ہے؟ اُس کے نزدیک کس شعبۂ زندگی میں تحقیق کرنی چاہیئے؟ ذاتی اور شخصی ترجیح کے باوجود یہ بات پیش نظر رہے کہ اس نے کونسے علوم سیکھے ہیں کیونکہ تعلیم وتربیت کے مختلف درجات کے نصاب میں جو کچھ اُس نے سیکھا اُس سے باہر کسی موضوع پر مقالہ لکھنا بہت مشکل یا شاید ناممکن ہو گا۔

علوم اسلامیہ کے موجودہ اور مروّج نصابِ تعلیم میں طالب علم کو جو علوم وفنون پڑھائے جاتے ہیں دوران تعلیم انہی پر زیادہ توجہ رہتی ہے اور مقالہ نگار انہی سے متعلق محدود مصادر و مراجع سے گہری واقفیت حاصل کرتا ہے۔ تاریخ کے وسیع و عریض دامن میں پھیلے یہ علوم وفنون اپنے اپنے دائرے میں مزید شعبوں میں بھی تقسیم ہو جاتے ہیں۔ اِسی طرح اِن علوم وفنون کا ایک طرف ماضی ہے تو دوسری طرف معاصر رُجحانات بھی ہیں۔ اِس لئے

ایک مقالہ نگار کو یہ فیصلہ کرنا چاہیئے کہ وہ اِن علوم کے تاریخی پہلو اور ماضی کی تحقیقات میں دلچسپی رکھتا ہے یا کہ اُن کے معاصر رُجحانات میں سے کسی کو اپنی تحقیق کا میدان بنانا چاہتا ہے؟ موضوع کے انتخاب میں یہ ابتدائی قدم بہت اہم شمار کیا جاتا ہے جسے سوچ سمجھ کر اُٹھانے میں ہی بہتری ہوتی ہے۔

اِن علوم کی کچھ شاخوں کو درج ذیل جدوَل میں ذکر کیا گیا ہے۔ علوم اسلامیہ کے مقالہ نگار کو سوچنا چاہیئے کہ وہ کس میدان اور شعبۂ علوم میں دلچسپی اور تخصص کا اِرادہ رکھتا ہے؟ جس میں اُس کا میلان ہو اُس سے متعلق کتب وغیرہ مواد پڑھنے کی عادت ڈالنی چاہیئے اور متعلقہ شعبہ کے اساتذہ اور محققین سے روابط بڑھانے چاہئیں۔

علوم القرآن	اُصول تفسیر قرآن	تفسیر قرآن
تفسیر بالماثور	تفسیر بالرائے المحمود	تفسیر بالرائے المذموم
اہل القرآن کی تفاسیر	قادیانیوں کی تفاسیر	معتزلہ کی تفاسیر
عربی زبان میں تفاسیر	فارسی زبان میں تفاسیر	اردو زبان میں تفاسیر
فقہی تفاسیر	صوفیانہ تفاسیر	کلامی تفاسیر
مناہج المفسرین	اہل التشیع کی تفاسیر	بلاغی تفاسیر
انگریزی زبان میں تفاسیر	علاقائی زبانوں میں تفاسیر	قرآن کی ادبی، نحوی تفاسیر
قرآن کی سائنسی تفاسیر	برصغیر کا تفسیری ادب	تفسیر موضوعی
دخیل فی التفسیر	اسرائیلیات فی التفسیر	نظم قرآن
لُغاتِ قرآن	قراءاتِ قرآن	استشراق اور قرآن
اُردو تراجم قرآن	فارسی تراجم قرآن	انگریزی تراجم قرآن
علاقائی زبانوں میں تراجم قرآن	اُصول ترجمۂ قرآن	تدوین حدیث
علوم الحدیث	تاریخ الحدیث	عربی زبان میں شروح الحدیث
فارسی زبان میں شروح الحدیث	اسماء الرجال	مناہج تدریس الحدیث
اردو زبان میں شروح الحدیث	مناہج المحدثین	نقد الحدیث
احادیثِ موضوعہ	حجیتِ حدیث	اِنکارِ حدیث
استشراق اور حدیث نبوی	مناہج المستشرقین فی الحدیث	جہود علماء الحدیث فی رد الشبہات

شیعہ محدثین کے مناہج	شیعہ اصول حدیث	شیعی نقد الحدیث
احادیث الاحکام	آیات الاحکام	اصول فقہ
جدید فقہی مسائل	اجتہاد	فقہ حنبلی
فقہ حنفی	فقہ شافعی	فقہ مالکی
فقہ شیعہ امامیہ	فقہ شیعہ اسماعیلیہ	فقہ شیعہ زیدیہ
فتویٰ اور اصول فتویٰ	اردو میں کتب فتاویٰ	عربی میں کتب فتاویٰ
مسلم اقلیات اور فقہ	مقاصد شریعہ	بین الاقوامی اسلامی قانون
مسلم ممالک کا عدالتی نظام	استشراق اور فقہ اسلامی	غیر مسلم اور فقہِ اسلامی
سیرت نگاری کے اصول	عربی میں سیرت نگاری	فارسی میں سیرت نگاری
اردو میں سیرت نگاری	انگریزی میں سیرت نگاری	تحفظ ناموسِ رسالت
سیرت نبوی اور ختم نبوت	شمائل نبوی	معجزات النبی ﷺ
سیرت نبوی کا سیاسی پہلو	سیرت نبوی کا معاشی پہلو	سیرت نبوی کا عسکری پہلو
سیرت نبوی کا سماجی پہلو	فقہ السیرۃ	سیرت نبوی اور نظام تعلیم
سیرت نبوی اور نظام تبلیغ دین	بشارات النبی ﷺ	استشراق اور سیرتِ نبوی
اسلامی معاشیات	اسلامی بینک کاری	اسلام کا نظام تجارت
سودی نظام اور اس کی انواع	اسلامی و غیر اسلامی معاشیات کا تقابل	اسلام کا نظام کفالت
مسلم تاریخ نویسی	اصول تاریخ نگاری	تاریخ نگاری کے رُجحانات
عالم عرب کی اسلامی تاریخ	جنوبی ایشیا کی اسلامی تاریخ	افریقہ میں اسلام کی تاریخ
اندلس کی اسلامی تاریخ	وسطی ایشیا میں اسلام کی تاریخ	یورپ میں اسلام کی تاریخ
شمالی امریکہ میں اسلام کی تاریخ	جنوبی امریکہ میں اسلام کی تاریخ	عدلیہ اور قانون
مسلم۔غیر مسلم جنگیں	مدارس کا نظام تعلیم	سکول کالج میں اسلام کی تدریس
انسانی حقوق	مسلمانوں کے عائلی قوانین	مسلمانوں کے سماجی مسائل
فلسفہ اور منطق	اسلامی اور غیر اسلامی فلسفہ	علم الکلام

مکالمہ بین المذاہب	مذہبی تحریکیں	حقوق نسواں کی تحریکیں
مسلمانوں کا مطالعہ یہودیت	مسلمانوں کا مطالعہ عیسائیت	مسلمانوں کا مطالعہ ہندومت
مسلمانوں کا مطالعہ بدھ مت	مسلمانوں کا مطالعہ جین مت	مسلمانوں کا مطالعہ مجوسیت
مسلم۔ مسیحی تعلقات	مسلم۔یہودی تعلقات	مسلم۔ہندو تعلقات
مسلم۔ سکھ تعلقات	مسلم۔ جین تعلقات	اسلام۔ کنفیوشس ازم تعلقات
مسلم۔ شنٹو تعلقات	مسلم۔بدھ تعلقات	اسلام۔ تاؤمت تعلقات
یہودی اخلاقیات	مسیحی اخلاقیات	ہندو اخلاقیات
سکھ اخلاقیات	جین اخلاقیات	بدھ اخلاقیات
تاؤمت کی اخلاقیات	شنٹو اخلاقیات	کنفیوشس ازم کی اخلاقیات
اسلام اور شنٹوازم	یہود کی مذہبی تحریکیں	شنٹوازم کی تحریکیں
سکھوں کی مذہبی تحریکیں	عیسائیوں کی مذہبی تحریکیں	ہندوؤں کی مذہبی تحریکیں
بدھ مت کی مذہبی تحریکیں	مذہب اور نفسیات	مذہب اور معاشیات
لسانیت و عصبیت	دہشت گردی اور تشدد پسندی	ارتداد اور الحادی رُجحانات
مذہب اور سائنس	فلسفۂ اخلاق	فلسفہ مذہب
بین المذاہب شادیاں	مذہب اور جدیدیت	مذہب اور مابعد الجدیدیت
مذہبی مکالمے اور مناظرے	مذہبی ہم آہنگی	مذہب اور میڈیا
مذہبی اجتماعات اور معاشرہ	معاصر اسلامی فکر	مذہب اور سیکولرازم
معاصر قانون اور شریعت	تصوف اور شریعت[۲۰]	مذہب اور سیاست
تصوف اور سلسلہ قادریہ	تصوف اور سلسلہ سہروردیہ	تصوف اور سلسلہ نقشبندیہ
تصوف اور سلسلہ چشتیہ	مغرب میں تصوف کا رجحان	التصوف المقارن
مسلم فرقے اور مسالک	پاکستان میں تعلیمی پالیسیاں	نصاب تعلیم اور قرارداد مقاصد

علوم اسلامیہ میں تحقیق کے حوالے سے ایک اہم میدان غیر مسلموں کے مطالعات اور تحقیقات ہیں۔ خصوصاً یورپی اور امریکی ممالک میں رہنے والے یہود و نصاریٰ نے تو علوم اِسلامیہ و عربیہ پر اپنی کاوشوں سے کتب

خانوں کو بھر دیا ہے۔ اِس سلسلے میں اُن کے اپنے اَغراض و مقاصد، تغیر پذیر اَہداف اور متنوع مناہج تحقیق ہیں۔ علوم اِسلامیہ میں جس طرح اُنہوں نے ماضی میں ہزاروں کتب لکھیں اسی طرح آج بھی وہ مسلمان فرقوں، مدارس دینیہ، بین المسالک روابط اور بین المذاہب تعلقات، اور معاشرت و سیاستِ مسلمین وغیرہ موضوعات پر تسلسل سے مطالعے کرتے؛ سیمینارز اور کانفرنسیں منعقد کرتے؛ اور اپنی ترقی اور غلبے کی بقا کے لیے پالیسیاں وضع کرتے ہیں۔ اِس طرح کی بہت سی کاوشوں کو استشراق کا نام بھی دیا جاتا ہے جس کا دائرہ بہت وسیع ہے[۲۱]۔ آج کے مسلمان تحقیق کار اِس طرف متوجہ ہوں کیونکہ اس میدان میں موضوعِ تحقیق منتخب کرنے کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔

ایک اور لحاظ سے دیکھیں تو معلوم ہو گا کہ موضوع کی نوعیت اور طبیعت کبھی انفرادی ہوتی ہے اور کبھی اجتماعی بھی۔ مثلاً مذکورہ علوم وفنون میں سے کسی ایک میں مشہور امام یا شخصیت کی خدمات اور تفردات پر تحقیق کرنا موضوع کی انفرادی نوعیت کی جانب اشارہ کرتا ہے۔ لیکن اگر اِن علوم وفنون کے متعدد آئمہ یا شخصیات کی آراء، اقوال، مذاہب یا خدمات کا تقابلی جائزہ لیا جائے تو یہ موضوع میں وسعت اور اُس کی اجتماعی حیثیت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ ایک مقالہ نویس اپنے اغراض و مقاصد کے پیش نظر اِس قسم کا موضوع بھی منتخب کر سکتا ہے۔

علوم اسلامیہ کے طلباء جو نصاب پڑھتے ہیں اُس میں شامل موضوعات کو عقائد، عبادات، معاملات، اور اخلاقیات کے بڑے شعبوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح اُن علوم کی دو قسمیں علوم آلیہ اور علوم عالیہ کے لحاظ سے بھی کی جاتی ہیں۔ اس تناظر میں بھی موضوع کی نوعیت اور طبیعت سمجھی جاسکتی ہے۔ ایک مقالہ نویس اپنی ترجیحات اور میلانات کے پیش نظر اس شعبہ سے موضوع کا انتخاب کر سکتا ہے۔ جو طالب علم مستقبل میں وسیع میدان میں اپنی خدمات پیش کرنا چاہتا ہو تو اُسے معاملاتِ زندگی اور اخلاقیات سے جڑے کسی مسئلے کو اپنی تحقیق کا موضوع بنانا چاہیئے۔

موضوعِ تحقیق اِنسانی زندگی، معاشرے اور قوم کے کسی نہ کسی شعبے یا مسئلے سے جڑا ہوتا ہے۔ اِس لئے موضوع کو منتخب کرنے کے لئے ایک شعبۂ زندگی پر بھی توجہ مرکوز کی جاسکتی ہے۔ مثلاً سیاست و قانون، معیشت و اقتصادیات، نظام معاشرت وخاندان، ادیان و مذاہب، مکالمہ بین المذاہب، نظام تعلیم وتربیت، تعلقاتِ عامہ، بین الممالک والملل روابط، تاریخ عالم یا تاریخ مذاہب، مختلف مذہبی وغیر مذہبی تحریکات، فیکٹریوں اور انڈسٹریوں کا نظام، نظام زراعت وباغبانی، نظام عدل وانصاف، نظام انتظام وانصرام، وغیرہ۔ دِین اسلام چونکہ زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی کرتا ہے اِس لئے علوم اسلامیہ کے ایک مقالہ نویس کا پہلا قدم یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ انسانی زندگی اور معاشرے کے اِن پہلوؤں اور شعبوں میں تخصص کے لئے کسی مناسب و متعلق مسئلے کو زیر بحث لائے۔

کسی حد تک تحقیق کے مختلف میدان اور شعبہ ہائے علوم وفنون جاننے کے بعد اب آیئے دیکھیں کہ انتخابِ موضوع کے مراحل کیا ہوتے ہیں؟ اِس سلسلے میں کیا طریقے اختیار کیے جاتے ہیں اور کونسے وسائل ممد ومعاون ہوتے ہیں؟

انتخابِ موضوع کے مراحل، وسائل اور طریقے

چونکہ مقالہ نگاری کے سلسلے میں سب سے پہلا مرحلہ ایک قابل تحقیق موضوع کا انتخاب ہے لہٰذا سوال پیدا ہوتا ہے کہ تحقیق کے لیے ایک اچھا موضوع کیسے منتخب کیا جائے؟ موضوع چاہے انفرادی نوعیت کا ہو یا اجتماعی؛ وہ چاہے اُن علوم وفنون میں سے نکلا ہو جو کسی مقالہ نگار کو اُس کی مادرِ علمی نے سکھائے یا اُن سے باہر کا ہو؛ وہ چاہے انسانی زندگی اور قومی یا بین الاقوامی معاشرے کے کسی شعبے سے جڑا ہو، کچھ بھی ہو یہ انتہائی سنجیدگی سے کرنے والا کام ہے۔ یہ کام دراصل انتخابِ موضوع سے پہلے کرنا پڑتا ہے اور موضوع پر عملاً تحقیقی کام شروع کرنے سے کئی سال یا کئی ماہ پہلے کرنا ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں درج ذیل طریقے انتخابِ موضوع میں بہت معاون ثابت ہوتے ہیں۔

جس نئے محقق نے تحقیقی مقالہ لکھنا ہوتا ہے وہ مختلف ذاتی کتب خانوں اور عوامی لائبریریوں میں نہ صِرف آمد ورفت رکھتا ہے بلکہ وہاں مہیا کیے گئے مختلف دائرہ ہائے معارف، انسائیکلوپیڈیاز، معاجم، قوامیس، ڈکشنریوں، کتب، رسائل وجرائد، اخبارات، مخطوطات، اشاریہ جات، کتبِ فہارس وغیرہ سے شناسائی پیدا کرتا ہے۔ اس سلسلے میں ایک انتہائی مفید مشورہ یہ ہے کہ اُن لائبریریوں کے سربراہان بالخصوص لائبریرین اور لائبریری کے عملے سے مخلصانہ دوستی بنانا چاہیئے کیونکہ اس سے بہت سی مشکلات حل ہوتی ہیں؛ وقت بچتا ہے اور کئی پریشانیوں سے نجات ملتی ہے۔ اُن کا تعاون نہ ہو تو تحقیق کا کام آگے بڑھ ہی نہیں سکتا۔

مختلف کتب خانوں اور لائبریریوں میں دستیاب کتب کی فہرست آج کل انٹرنیٹ کے ذریعے آن لائن بھی مل جاتی ہے۔ مثلاً ہر پاکستانی یونیورسٹی کا ویب سائٹ ایڈریس اور اُن سب کی فہرست ایک جگہ دیکھنا چاہیں تو یہ آپ کو ہائر ایجوکشن کمیشن (HEC) کی ویب سائٹ پر مل سکتے ہیں[۲۲]۔ وہاں سے جس یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر جائیں گے وہاں اُس کی لائبریری کا کیٹالاگ (OPAC) آن لائن ملے گا۔ اُس کیٹالاگ میں تلاش کے ذریعے اپنی ضرورت کی کتب اردو، عربی، فارسی اور انگریزی وغیرہ زبانوں میں تلاش کر سکتے ہیں۔ یہ تلاش کتاب کے نام سے اور مصنف کے نام سے بھی کر سکتے ہیں۔ اِسی غرض سے حکومتِ پاکستان نے آج کل لائق اور قابل تعریف نتائج دکھانے والے طلبہ کو لیپ ٹاپ کمپیوٹر دینے کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے تاکہ محنت کرنے اور تحقیقی مزاج رکھنے والوں کے لئے آسانیاں پیدا ہو جائیں اور وہ کم وقت میں ملکی ترقی کے لیے تحقیقی کام کر سکیں۔

ہائر ایجوکشن کمیشن پاکستان کی ایک اور ویب سائٹ ایسی بھی ہے جس پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کے تکمیل شدہ مقالہ جات دستیاب ہیں (http://eprints.hec.gov.pk/view/subjects/g18.html)۔ اُن کے کسی ایک باب کو یا پورے مقالہ کو ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ اُن کے مطالعے سے ایک مقالہ نویس مختلف قسم کے فوائد حاصل کر سکتا ہے۔ ایچ ای سی نے ایک آن لائن لائبریری (www.digitallibrary.edu.pk) بھی مہیا کی ہے جہاں سے انگریزی زبان میں ہزاروں کتب اور تحقیقی مضامین حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

اسی طرح انٹرنیٹ پر کئی محققین نے اپنے اپنے تخصّصات کے فورم بنائے ہوئے ہیں۔ مثلاً ملتقی اہل التفسیر (۲۳)، ملتقی اہل الحدیث (۲۴)، ملتقی اہل الفقہ (۲۵)، ملتقی اہل اللغۃ (۲۶)، وغیرہ۔ اِن ویب سائٹوں پر باہم دلچسپی کے موضوعات پر تبادلۂ خیال بھی ہوتا رہتا ہے اور متعدد موضوعات پر کام کی تجاویز، رفتار یا نوعیت کی معلومات بھی ملتی ہیں۔ مزید برآں، یہاں متعلقہ لوگ یونیورسٹی سطح پر لکھے گئے 'الرسائل الجامعیہ' یعنی مقالات اور تھیسِز کی معلومات بھی فراہم کرتے ہیں۔

اپنے تحقیقی مقالہ کے موضوع کو منتخب کرنے کے لیے عوامی لائبریریوں اور ذاتی کتب خانوں کے علاوہ مدارس اور جامعات کے اندر تحقیقی کام کرنے والے اساتذہ اور سکالرز سے ملاقاتیں اور مشورے کر کے بھی اپنی پسند کا موضوع منتخب کیا جاسکتا ہے، بالخصوص ایسے پروفیسر جو کسی تحقیقی ادارے میں کام کرتے ہوں یا ایم اے، ایم فل یا پی ایچ ڈی کی سطح کے مقالہ جات کی نگرانی کرتے ہوں وہ چونکہ عملاً تحقیقی کام میں مشغول ہوتے ہیں اس لئے وہ بہتر رہنمائی کر سکتے ہیں۔ ایسے اہل علم سے ملاقاتیں قابل تحقیق موضوع کے انتخاب میں بہت مفید ہوتی ہیں۔ علوم اسلامیہ سے منسلک علماء اور محققین پاکستان کے تقریباً ہر بڑے شہر میں ملتے ہیں اور وہ تحقیقی کام کرنے والے طلبہ کو نہ صرف اپنا قیمتی وقت دیتے ہیں بلکہ اُن کی حوصلہ افزائی بھی کرتے ہیں۔ ایسی ملاقاتوں میں تحقیقی مزاج رکھنے والے طلبہ کی جو فکری تراش وخراش اور تہذیب ہوتی ہے اُس سے اپنی پسند کے موضوع کو منتخب کرنے اور اُس کے مختلف گوشوں کو سمجھنے میں بہت مدد ملتی ہے۔ اُن کے پاس جب جائیں تو ڈائری اور قلم سنبھال کر ادب واحترام سے بیٹھیں؛ بامقصد اور مطلب کے سوالات پوچھیں اور ضروری باتیں لکھتے جائیں۔ ایسے لوگوں کے پاس برائے ملاقات جاتے وقت اگر ایک بڑی یو ایس بی یا ہارڈ ڈسک لے جائیں گے تو ہو سکتا ہے کہ تحقیق کار کو بہت سا جمع شدہ مواد بھی مل جائے؛ اس سے اس کا وقت بچے گا اور ذہنی کوفت سے نجات مل سکے گی۔

اگر یہ جاننا ہو کہ وہ کون پروفیسرز، محققین اور نگرانِ مقالہ ہیں جن سے ایک مقالہ نگار استفادہ کر سکتا ہے اور وہ کہاں ملیں گے۔ تو واضح رہے کہ اُن کے نام، شعبۂ تخصص، ادارہ، فون نمبر اور ای میل ایڈریس کی فہرست ایچ

ای سی کی ویب سائٹ سے معلوم کیے جاسکتے ہیں[۲۷]۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پاکستانی یونیورسٹیوں کی ویب سائٹ پر جا کر شعبہ علوم اسلامیہ کے فیکلٹی ممبرز کو تلاش کریں۔ وہاں اُن کے نام، علمی کام کی تفصیل، رابطہ کے لیے فون نمبرز اور ای میل وغیرہ اُن کی CV ڈاؤن لوڈ کر کے معلوم کر سکتے ہیں۔ اس طرح اُن سے رابطہ کرنے سے ایک مقالہ نگار مقالہ لکھنے سے پہلے اور بعد میں استفادہ کر سکتا ہے۔

دُنیا بھر کی طرح پاکستانی یونیورسٹیوں اور بڑے شہروں کے مختلف اداروں میں وقتاً فوقتاً کئی موضوعات پر علمی و تحقیقی سیمینار اور کانفرنسیں ہوتی رہتی ہیں۔ اُن میں شرکت کرنے سے موضوع کی تلاش میں سرگرداں طلبہ کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ وہ ایسے سیمینارز اور کانفرنسوں میں نہ صِرف مختلف علوم وفنون کے جدید مسائل اور پہلوؤں سے واقف ہو سکتے ہیں بلکہ اُن میں اپنے مقالات پڑھنے والے محققین سے شناسائی بھی پیدا کر سکتے ہیں۔ وہاں اُن سے ملاقات اور دلچسپی کے موضوع پر مشورہ کرنا آسان ہوتا ہے۔ اُن سے روابط بعد میں ضرورت کے اوقات میں بہت فائدہ دیتے ہیں۔ اس لئے وقتاً فوقتاً پاکستانی یونیورسٹیوں کی ویب سائٹوں کو دیکھتے رہنا چاہیئے۔ وہاں منعقد ہونے والے سیمینارز اور کانفرنسوں کے اعلان، موضوعات اور انعقاد کی تاریخوں کی تفصیل دی ہوتی ہے۔ وقت نکال کر اُن میں شرکت کرنی چاہیئے۔ اِس سے دلچسپی کے موضوع پر معلومات کو وسیع کرنے میں بہت مدد ملتی ہے۔

انٹرنیٹ کی ایک اہم اور معلوماتی ویب سائٹ (www.conferencealerts.com) ہے۔ یہ ایک سال کے دوران دنیا میں کسی بھی ملک میں ہونے والی اہم کانفرنسوں کی اطلاع اور بنیادی معلومات بہت پہلے مہیا کرتی ہے۔ اگر ایک مقالہ نگار کسی ملک میں مختلف شعبوں کی کانفرنسوں کے موضوعات اور انعقاد کی تاریخیں اور مقامات جاننا چاہتا ہو یا کسی ایک میدان اور شعبۂ علوم میں منعقد ہونے والی دُنیا بھر کی کانفرنسوں کی تفصیل جاننا چاہتا ہو تو یہ ویب سائٹ اُسے بنیادی اور ضروری معلومات مہیا کرتی ہے۔ تحقیقی ذہن اور اضطرابی مزاج رکھنے والے لوگ وقتاً فوقتاً اس ویب سائٹ سے اپنی معلومات میں اضافہ کرتے رہتے ہیں۔ بہت سے ادارے اپنے سیمینارز اور کانفرنسوں کا ویڈیو ریکاڈ بھی تیار کرتے ہیں۔ اُن میں سے بعض اُن ویڈیوز کو انٹرنیٹ پر بھی فراہم کر دیتے ہیں۔ اگر کوئی تحقیق کار اُن سیمینارز میں کسی وجہ سے شرکت نہ کر سکا ہو تو وہ اُن ویڈیوز سے استفادہ کر سکتا ہے۔

اس کے علاوہ اکثر ٹی وی چینلز پر دینی، علمی اور تحقیقی پروگرام، مذاکرے اور مباحثے ہوتے رہتے ہیں۔ اُن کے بارے میں خبریں مختلف اخبارات ورسائل میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ بہت سے قومی و بین الاقوامی اخبارات ورسائل نے محققین کے استفادے کے لئے گزشتہ کئی سالوں کے اخبار ورسائل ''آرکائیو'' یا ''گزشتہ شمارے'' کے نام سے آن لائن مہیا کیے ہیں۔ انگریزی میں گزشتہ شماروں کو Archive اور عربی زبان میں انہیں

"الأرشیف" یا "الأعداد السابقة" یا "الأعداد الصادرة" بھی کہتے ہیں۔ اُن سے واقفیت اور شناسائی مناسب موضوع کے انتخاب میں بہت فائدہ دیتی ہے۔

اس کے علاوہ کچھ علمی و تحقیقی مجلات کبھی کبھی کسی موضوع یا شخصیت پر اپنے مجلے کا خاص نمبر نکالتے ہیں۔ یہ خاص نمبر بہت مفید اور معلوماتی ہوتے ہیں۔ ان کے مطالعے سے کسی موضوع پر تازہ ترین تحقیقات کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ مثلاً ادارہ تحقیقات اسلامی اور دعوۃ اکیڈمی، نزد فیصل مسجد اسلام آباد نے قرآن، حدیث، سیرت اور ڈاکٹر حمید اللہ مرحوم وغیرہ سے متعلق اپنے مجلے "فکر و نظر" اور "دعوۃ" کے خاص نمبر شائع کیے ہیں[۲۸]۔ تحقیق و تفسیر ویلفیئر ایسوسی ایشن کراچی نے اپنی علمی، فکری، تحقیقی، مجلہ "التفسیر" کے بھی کئی خصوصی اشاعت نمبر نکالے ہیں[۲۹]۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے کلیہ عربی و علوم اسلامیہ نے بھی اپنے علمی و تحقیقی مجلہ "معارف اسلامی" کے نمبر نکالے ہیں[۳۰]۔ ماہنامہ "ضیائے حرم" نے بھی متعدد خصوصی نمبر شائع کیے ہیں[۳۱]۔ ماہناہ "رُشد" لاہور نے تین جلدوں میں علم قراءات نمبر شائع کیا ہے[۳۲]۔ ماہنامہ "محدث" لاہور نے کئی موضوعات پر خصوصی نمبر نکالے ہیں[۳۳]۔ ماہنامہ "العاقب" لاہور نے علامہ فضل حق خیر آبادی و جنگ آزادی ۱۸۵۷ء نمبر شائع کیا ہے[۳۴]۔ ہفت روزہ "الاعتصام" لاہور نے مولانا محمد عطاء اللہ حنیف بھوجیانی سے متعلق ایک خاص نمبر شائع کیا ہے[۳۵]۔ اسی طرح مختلف موضوعات پر مرد و خواتین اِسکالرز کے وہ مقالاتِ سیرت ہیں جو ہر سال وزارتِ مذہبی امور پاکستان اسلام آباد کی طرف سے متعدد جلدوں میں شائع کیے جاتے ہے۔ ۱۹۷۷ء سے ۲۰۱۳ء تک اس کے سینتیس مختلف موضوعات پر مقالاتِ سیرت شائع ہو چکے ہیں۔ اسی طرح بہت سے کالج ایسے ہیں جو اپنا سالانہ میگزین نکالتے ہیں جو بہت معلوماتی اور عمدہ مضامین پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اس طرح کے خصوصی نمبر ایک محقق کو کسی موضوع کی تازہ ترین صورت حال، متعلقہ محققین، اور ضروری مصادر و مراجع سے روشناس کراتے ہیں۔

مزید بر آں علوم اسلامیہ، تاریخ، قانون، ادب و لسانیات وغیرہ میں باقاعدہ اور مسلسل تحقیق کرنے والے علمی و تحقیقی مجلات ہیں جو ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے منظور شدہ ہیں۔ اُن کی پی ڈی ایف فارمیٹ میں فہرست ایچ ای سی کی ویب سائٹ پر مہیا کی جاتی ہے[۳۶]۔ مختلف وقفوں سے اس فہرست میں ترمیم و اضافے بھی کیے جاتے ہیں۔ ذیل میں علوم اسلامیہ سے متعلق مجلات کی نشاندہی کی جاتی ہے تاکہ کسی موضوع پر معاصر تحقیقات اور افکار سے واقفیت کے بعد ایک قابلِ موضوع منتخب کیا جاسکے۔ اِن کے مدیر صاحبان، رابطہ نمبر، علمی درجہ وغیرہ

کی معلومات ایچ ای سی کی ویب سائٹ سے معلوم کیے جاسکتے ہیں۔ ان مجلات کا مطالعہ کرنا ہو تو جامعات یا بڑی لائبریریوں سے رجوع کرنا چاہیئے کیونکہ ان سب کے مقالات ابھی تک آن لائن دستیاب نہیں ہیں۔

مجلہ کانام	ادارہ/یونیورسٹی
Hamdard Islamicus	بیت الحکمت، ہمدرد یونیورسٹی، کراچی
Islamic Studies	ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، نزد فیصل مسجد، اسلام آباد
سہ ماہی فکر و نظر	ادارہ تحقیقات اسلامی، نزد فیصل مسجد، اسلام آباد
سہ ماہی الدراسات الاسلامیہ	ادارہ تحقیقات اسلامی، نزد فیصل مسجد، اسلام آباد
حولیۃ الجامعہ	کلیۃ اصول الدین، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد
ششماہی معیار	انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد
ششماہی الاضواء	شیخ زید اسلامک سنٹر، جامعہ پنجاب، لاہور
ششماہی الایضاح	شیخ زید اسلامک سنٹر، جامعہ پشاور
ششماہی پشاور اسلامکس	جامعہ پشاور
ششماہی القلم	شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ پنجاب، لاہور
ششماہی جہات الاسلام	کلیۃ علوم اسلامیہ، جامعہ پنجاب، لاہور
پاکستان جرنل آف اسلامک ریسرچ	اسلامک ریسرچ سنٹر، بہاؤالدین زکریایونیورسٹی، ملتان
ششماہی التفسیر	تحقیق و تفسیر ویلفیئر ایسوسی ایشن، کراچی
الثقافہ الاسلامیہ	شیخ زید اسلامک سنٹر جامعہ کراچی
ششماہی معارفِ اسلامی	شعبہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
علوم اسلامیہ	اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
ہزارہ اسلامکس	شعبہ اسلامیات، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
الایام	سوسائٹی فار ریسرچ اِن اسلامک ہسٹری، کراچی
معارف مجلۂ تحقیق	ادارہ معارفِ اسلامی، کراچی
مجلۃ القسم العربی	شعبہ عربی جامعہ پنجاب لاہور

سہ ماہی اورینٹل کالج میگزین	کلیہ شرقیہ جامعہ پنجاب، لاہور
سہ ماہی مجلہ تحقیق	کلیہ علوم شرقیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
ششماہی بازیافت	شعبہ اردو، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
سہ ماہی نور معرفت	نور الہدیٰ مرکز تحقیقات، اسلام آباد
ششماہی السیرۃ العالمی	سید زوار حسین اکیڈمی ٹرسٹ، کراچی

علاوہ ازیں بہت سے علمی مجلات، جرائد اور رسائل ایسے ہیں جن کے مدیر صاحبان نے اُن کے اشاریے مرتب کر کے شائع کیے ہیں۔ مثلاً ادارہ تحقیقات اسلامی نزد فیصل مسجد اسلام آباد نے اپنے علمی مجلے ''فکر و نظر'' کا اشاریہ دو جلدوں میں شائع کیا ہے[۳۷]۔ ماہنامہ ''فقہِ اسلامی'' کراچی کے مدیر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز نے اپنے اس فقہی مجلے کا اشاریہ شائع کیا ہے، ماہنامہ ضیائے حرم کا بھی ایک ضخیم اشاریہ شائع ہو چکا ہے[۳۸]۔ ماہنامہ ''شمس الاسلام'' بھیرہ کا ۱۹۲۰ء سے ۲۰۱۰ء تک کی اشاعتوں کا اشاریہ شائع ہو چکا ہے[۳۹]۔ بصیر پور اوکاڑہ سے شائع ہونے والا ایک وقیع مجلہ ''نور الحبیب'' بھی ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مضامین کا اشاریہ سال کے آخری مجلے میں شائع کیا جاتا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ نے اپنے ہاں ۱۹۵۲ء سے ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے مقالات کی فہرست کتابی شکل میں شائع کی ہے جس میں وقتاً فوقتاً اضافہ کیا جاتا ہے[۴۰]۔ شعبہ علوم اسلامیہ بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی ملتان نے بھی اپنے تحقیقی مقالات کی فہرست ایک کتابچے کی صورت میں شائع کی ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی تعلیمی ادارے اور مجلات ایسے ہیں جن کے اشاریے شائع ہوئے ہیں۔ اِن کے مطالعے سے ایک مقالہ نویس تحقیقی موضوعات اور محققین کے رُجحانات سے واقف ہو کر اپنے لئے مناسب موضوع منتخب کر سکتا ہے۔

محققین کے لیے جس طرح مجلات، رسائل اور جرائد کے اشاریے بہت مفید ہوتے ہیں اسی طرح ایسی کتب بھی کوئی کم مفید نہیں ہوتی جنہیں کتابیات یا فہرست کہا جاتا ہے۔ مثلاً ''قرآن کریم کے اُردو تراجم: کتابیات''، ''اُردو تفاسیر: کتابیات''، ''احادیث کے اُردو تراجم: کتابیات''، ''پاکستان میں مخطوطات کی فہرستیں: کتابیات''، ''جامع فہرست مطبوعات پاکستان: اسلامیات'' اور ''فہرست قومی نمائش کتب سیرت ۱۹۸۴ء''[۴۱]۔ ان کے علاوہ قومی کتابیات پاکستان ایسی کتاب ہوتی ہے جسے حکومتِ پاکستان محکمہ کتب خانہ جات نیشنل لائبریری آف پاکستان، اسلام آباد کی طرف سے ہر سال شائع کیا جاتا ہے۔ اس کے شمارے آن لائن بھی دستیاب ہیں[۴۲]۔

موضوع کے متلاشی ایک مقالہ نگار کو ایم اے، ایم فل، یا پی ایچ ڈی سطح کے تکمیل شدہ تھیسز دیکھنے چاہئیں۔ اس سے موضوع منتخب کرنے میں بہت مدد ملتی ہے لیکن اُسے پریشان نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ جس موضوع کو

بھی ذہن میں لاتا ہے اُس پر تو پہلے ہی کوئی نہ کوئی تھیسس لکھا جاچکا ہے، یا کسی تحقیقی مجلے میں اُس پر مقالات شائع ہو چکے ہیں، یا کسی مصنف رمؤلف کی کتاب آچکی ہے، وغیرہ۔ اِن سب کی موجودگی کے باوجود بھی اُنہی موضوعات کے کسی نہ کسی پہلو پر کام ہو سکتا ہے کیونکہ کوئی بھی محقق کسی موضوع کے تمام پہلوؤں کا احاطہ نہیں کر سکتا۔ وقت بدلتا ہے، حالات نیا رُخ لیتے ہیں، ضروریات، ترجیحات اور تقاضے بدلتے ہیں، آسانیوں کی بجائے مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں اور نئے نئے افکار سامنے آتے ہیں۔ اس دُنیا میں تغیر و تبدل کا یہ مسلسل سلسلہ نئے نئے موضوعات پر تحقیق کی ضرورت اور مواقع پیدا کرتا ہے۔

اِس سارے عمل اور سرگرمیوں کے دوران ایک مسلمان مقالہ نگار کو یہ ذہن میں رکھنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے آقا ﷺ کو تمام نبیوں اور رسولوں کا سید و سردار بنانے کے باوجود آپ کو حکم دیا کہ وہ ﴿رَبِّ زِدْنِی عِلماً﴾(۴۳) کی دُعا کیا کریں۔ اگر تمام نبیوں اور رسولوں سے زیادہ علم رکھنے والے ہمارے آقا کو رب کی طرف سے یہ حکم ہے تو اُن کے وارث علماء کو حصول علم، وُسعتِ معلومات اور تحقیق کے بعد معاشرے میں مطلوب کردار ادا کرنے کے لیے اپنی ذمہ داری پہچاننی اور سخت محنت کا عادی بننا چاہیئے۔

موضوع کا خاکہ اور اُس کی اہمیت

ایک محقق کسی نہ کسی طریقے سے جب قابلِ تحقیق موضوع منتخب کر لیتا ہے تو اُس کا اگلا قدم اُس موضوع کا ایک علمی خاکہ تیار کرنا ہوتا ہے۔ قابل قدر مقالہ مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنا ایک محقق کی منزل ہے تو اُس موضوع کا خاکہ جسے عربی میں خطۃ البحث اور انگریزی میں (Synopsis) یا (Research Proposal) کہتے ہیں اُس منزل تک کامیابی سے پہنچنے کا راستہ ہے۔ جس مسافر کو اپنی منزل کے راستے کا علم نہ ہو یا جو اپنی منزل کے راستے کو اچھی طرح نہ جانتا ہو وہ دوران سفر کبھی بھولتا ہے، کبھی بھٹکتا ہے، مناسب سواری کی پہچان نہ ہونے کی وجہ سے وہ کبھی آگے کی بجائے پیچھے چلا جاتا ہے اور کئی قسم کی پریشانیوں کا شکار ہوتا رہتا ہے۔ یہی حال اُس مقالہ نگار کا ہوتا ہے جس کے تحقیقی مقالے کا خاکہ اچھی طرح واضح نہ ہو۔

کسی موضوع پر ایک مناسب خاکہ کے بغیر کام شروع کرنا ایسا ہے جیسے کسی سوچے سمجھے اور معقول نقشے کے بغیر مکان کی تعمیر شروع کر دینا۔ اچھی طرح غور و خوض کیے بغیر ایک معمار سکول کی بجائے ہسپتال کی عمارت یا ایک رہائشی کوٹھی یا مسجد و مدرسہ کی بجائے ریلوے اسٹیشن کی عمارت بنا سکتا ہے۔ اگر کوئی معمار اصل لمبائی، چوڑائی، اونچائی اور استعمال ہونے والے مواد کی اصلیت یا پختگی جانے بغیر دریا پر پُل تعمیر کرنا شروع کر دے تو وہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ یہی حال ایک تحقیقی مقالہ نگار کا ہو سکتا ہے جو ایک واضح خاکہ کے بغیر کام شروع کر دیتا ہے۔

علوم اسلامیہ میں سنجیدہ تحقیق جہاد بالقلم کا ایک اہم شعبہ ہے۔ ایک مجاہد اپنے جہاد کی اہمیت، اسباب، حدود، اپنی صلاحیت ورسائی، طریقۂ جہاد کو اچھی طرح جانے پہچانے بغیر جہاد شروع نہیں کر سکتا۔ ایک تحقیقی مقالہ نویس کا کام کافی حد تک مجاہد فی سبیل اللہ سے مماثل ہے۔ لہٰذا خوش کُن نتائج اور مطلوبہ جہات میں مثبت ترقی و تبدیلی کا کام ایک اچھی منصوبہ بندی ہی سے شروع کرنا چاہیئے۔

نئے تحقیق کار اور مقالہ نگار چاہے مدارس کے ہوں یا جامعات کے جب وہ اپنے موضوع کا خاکہ بناتے ہیں تو اکثر کو یہ علم ہی نہیں ہوتا کہ انہیں کرنا کیا ہے؟ کتنا کرنا ہے؟ کہاں کرنا ہے؟ کیوں کرنا ہے؟ کب کرنا ہے؟ اور کیسے کرنا ہے؟ یہ حالت اکثر ایسے مقالہ نگاروں کی ہوتی ہے جو اپنا موضوع خود منتخب کرنے کی بجائے کسی اور سے بنا بنایا موضوع اور خاکہ لے لیتے ہیں۔ اَیسے تجربات کی بنا پر ذیل میں قابل تحقیق موضوع کے علمی خاکہ کی تیاری، اُس کے عناصر اور اُن کی وضاحت پیش کی جاتی ہے تاکہ بحث و تحقیق کے دوران کوئی بڑی اُلجھن پیش نہ آئے۔

خاکہ کے عناصر عشرہ

منتخب موضوع پر علمی انداز میں اور بغیر کسی فکری یا ذہنی انتشار کے تحقیقی کام کرنے کے لیے موضوع کا خاکہ درج ذیل دس عناصر میں تیار کرنا چاہیئے۔ اِس سے ایک طرف خود محقق پر اُس کا کام بالکل واضح ہوتا ہے تو دوسری طرف اُس موضوع پر مناسب مشورہ دینے والے کے لیے بھی بڑی آسانی ہوتی ہے کہ وہ محقق کو کیا بتائے اور کیا نہ بتائے۔ اِس طرح دونوں کا وقت بچتا ہے، ملاقات بامعنی ہو جاتی ہے اور مقالہ پر کام لازماً آگے بڑھتا ہے۔ اس لیے ذیل میں بیان کیے گئے ہر عنصر کو اچھی طرح سمجھنا اور انہیں علمی انداز میں پیش کرنے کی مشق کرنی چاہیئے۔

ا۔ موضوع کا تعارف

خاکہ کا سب سے پہلا عنصر موضوع کا تعارف ہے۔ مقالہ نگار اپنے منتخب موضوع پر کیا کرنا چاہتا ہے؟ وہ اُس کے کس پہلو کو زیر تحقیق لانا چاہتا ہے؟ موضوع کا کونسا مسئلہ تحقیق طلب ہے؟ وغیرہ۔ اِس قسم کے سوالات کا جواب جب تک محقق صفحۂ قرطاس پر نہ لائے نہ تو خود اُس پر کام کی جہت، وُسعت اور گہرائی واضح ہوتی ہے اور نہ موضوع منظور کرنے والے بورڈ پر اور نہ ہی کسی مشورہ دینے والے پر۔ اِس لیے مقالہ نگار کو اپنے موضوع کو متعارف کروانے کے لیے کم از کم دو مناسب پیراگراف میں موضوع کا عمومی اور خصوصی تعارف کروانا چاہیئے۔ عمومی پہلو میں یہ بتایا جائے کہ یہ موضوع علوم وفنون کے وسیع تناظر میں کیا معنی و مفہوم رکھتا ہے۔ اور خصوصی پہلو میں یہ بتایا جائے کہ یہ محقق یا مقالہ نگار موضوع کے کس پہلو میں کیا مطالعہ کرنا چاہتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ مقالہ میں وسیع و عریض موضوع کے کس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے گا۔

۲۔ موضوع کی اہمیت

مقالہ نگار نے اپنے منتخب موضوع پر کام کے دوران اپنا قیمتی وقت صرف کرنا ہوتا ہے، اُس پر اُس نے اپنا روپیہ پیسہ خرچ کرنا ہوتا ہے، اِس سلسلے میں اُسے سفر کی صعوبتیں برداشت کرنا ہوتی ہیں اور مشوروں کے دوران دوسرے کئی اہم لوگوں کا وقت بھی لینا ہوتا ہے۔ اِس لیے موضوع اَیسا ہو جو بہت اہم ہو۔ موضوع ایسا ہو جس پر تحقیقی کام سے کسی ادارے، تنظیم، معاشرے، قوم یا ملک کا کوئی نہ کوئی مسئلہ حل ہو یا کسی فرد، ادارے، معاشرے، قوم اور ملک کی کسی نہ کسی طرح ترقی متوقع ہو۔

جس طرح موضوع کے تعارف میں اُس کے عمومی اور خصوصی دو پہلوؤں کا تعارف کروایا جاتا ہے اِسی طرح اُس کی اہمیت کے بھی کم از کم دو پہلو ہیں۔ لہٰذا مقالہ نویس کو اپنے موضوع کی عمومی تناظر میں اہمیت واضح کرنی چاہیئے اور اِس کے ساتھ یہ بھی واضح کرنا چاہیئے کہ موضوع کے جس پہلو یا مسئلے کو وہ مخاطب کر رہا ہے وہ کتنا اہم ہے؟ اِس کے لئے دو الگ الگ پیراگراف میں چار پانچ نکات لکھنے چاہئیں جن سے موضوع کی اہمیت واضح ہو جائے۔

۳۔ اَسباب اختیارِ موضوع

خاکہ کے اِس عنصر کے تحت مقالہ نویس اختصار کے ساتھ اُن اُمور کا ذکر کرتا ہے جن کی وجہ سے اُس نے یہ موضوع منتخب کیا ہے۔ یہ اُس کی ذاتی ترجیحات بھی ہو سکتی ہیں، یہ کسی کی ترغیب کی بنا پر بھی ہو سکتا ہے، یہ انتخاب مستقبل کے کسی منصوبے کے پیش نظر بھی ہو سکتا ہے، یہ انتخاب ماضی کے کسی نامکمل کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی غرض سے بھی ہو سکتا ہے، یہ کسی ضروری اور اہم مسئلے کے حل کی تلاش کے پیش نظر بھی ہو سکتا ہے، کسی بڑے کام یا پروجیکٹ کو شروع کرنے سے پہلے ایک ابتدائی تحقیقی سروے بھی ہو سکتا ہے اور اس کا باعث کسی قوم کے دوسری قوم کے ساتھ تنازع کو ختم کرنے اور اُس کے متعدد حل تلاش کرنا بھی ہو سکتا ہے۔ اِس کا سبب کسی مسئلے کے ایسے جوابات ہو سکتے ہیں جو باہم متضاد و مخالف ہوں اور لوگ اُلجھن میں پڑے ہوئے ہوں۔ اِس کا سبب کسی مسئلے کا ایسا جواب ہو سکتا ہے جس کی صحت میں مقالہ نویس کو گہرا شک ہو۔ مختصر یہ کہ محقق یہ واضح کرے کہ اُس نے یہ موضوع کیوں منتخب کیا ہے؟ اِس سلسلے میں لازماً چار پانچ معقول اور علمی اسباب کا ذکر کرنا ضروری ہوتا ہے۔

۴۔ موضوع پر تحقیق کے اہداف

خاکہ کا تیسرا اہم عنصر موضوع پر تحقیق کے اہداف کی تشریح و توضیح ہے۔ عملی زندگی میں مشغول محققین کے نزدیک ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ یعنی تحقیق و ترقی ایک دوسرے کے ساتھ لازم و ملزوم ہیں۔ جس تحقیق سے کوئی ترقی نہ ہو اُسے تحقیق شمار نہیں کیا جاتا۔ مقالہ نگار یہ واضح کرے کہ جب اُس کے موضوع پر تحقیق مکمل ہو جائے گی تو اُس

کے ملک، قوم، ادارے، معاشرے یا خود مقالہ نگار میں سے کس کس کو کیا کیا حاصل ہو گا؟ صاف عبارت اور غیر مبہم الفاظ میں مقالہ نویس اپنے منتخب موضوع اور اُس پر تحقیق کے مقاصد بیان کرے۔ اِس سلسلے میں کم از کم پانچ معقول اور قابل قبول اہداف پُر کشش اور دلچسپ لفظوں میں بیان کیے جائیں۔

۵۔ موضوع پر سابقہ کام کا جائزہ

کسی بھی موضوع پر تحقیق کا اصل ہدف دراصل کوئی نئی چیز پیش کرنا ہوتی ہے نہ کہ تکرار اور نقل محض۔ چونکہ تحقیق کا مقصد ترقی ہے اس لیے معلوم ہونا چاہیئے کہ تکرارِ معلومات اور نقلِ عبارات سے کوئی علمی، فکری یا مادی ترقی نہیں ہوتی۔ اِس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ موضوع پر سابقہ کام کا جائزہ لینا بہت ضروری اَمر ہے۔ جب تک سابقہ کام کا اچھی طرح جائزہ نہ لیا جائے نیا کام کرنے کی جگہ معلوم نہیں ہو سکتی۔ اِس لئے سابقہ کام کا جائزہ موضوع کے خاکے کا بہت اہم عنصر ہے۔ عملاً یہ وہ کام ہے جو خاکہ لکھنے سے بھی پہلے کرنا پڑتا ہے پھر کہیں جا کر موضوع یا مقالہ کے عنوان کی عبارت صفحۂ عنوان پر لکھی جاتی ہے۔ اس عنصر میں مقالہ نویس اُن کتب، تحقیقی مقالات، مضامین، سیمینارز، کانفرنسیں، مذاکرے، مباحثے، اخباری کالم، وغیرہ کا ذکر کرتا ہے جن کا موضوع سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔ اگر سابقہ کام جو مذکورہ صورتوں میں دستیاب ہوتا ہے کی تعداد اور مقدار بہت زیادہ ہو تو بہت اہم دس بارہ کتب وغیرہ کا تعارف کروایا جائے۔

سابقہ کام کا جائزہ اِس طرح لکھا جائے کہ ایک طرف تو موضوع منظور کرنے والا بورڈ یہ جان لے کہ مقالہ نویس اپنے موضوع سے متعلق علمی کام کو مطلوبہ حد تک جانتا ہے۔ دوسری طرف جائزہ قلم بند کرتے وقت ایسا اُسلوب اختیار کیا جائے جس سے واضح ہو کہ مقالہ نویس کا کام سابقہ کام کی تکرار یا نقل محض نہیں بلکہ موضوع کے وہ گوشے ہیں جو سابقہ محققین اور مصنفین کی تالیفات و تحقیقات میں نہیں آ سکے یا اُن کے دور میں اِس کی چونکہ ضرورت نہیں تھی اس لئے انہوں نے اس طرف نہ تو کوئی توجہ دی اور نہ کوئی رائے دی۔ اُس کمی اور خلا کو یہ محقق پورا کرے گا۔ اس طریقے سے مقالہ نویس کا کام چھَپانے کا ہو گا چھُپانے کا نہیں۔ جو مقالہ نویس اپنے مقالہ کو سابقہ مصادر و مراجع سے نقول اور اقتباسات سے بھر دیتے ہیں نہ اصل مصنف کا حوالہ دیتے ہیں اور نہ اپنی طرف سے کوئی قابل ذکر سوچ و فکر اور رائے کو شامل کرتے ہیں اُن کا کام فقط جمع المواد یا علمی و ادبی سرقہ شمار ہوتا ہے[۴۴]۔ آج کل ادبی و علمی سرقہ ایک قابل سزا جرم ہے۔

علمی سرقہ سے شاید وقتی فائدہ حاصل ہو جائے مگر کچھ عرصہ بعد ضرور ایسے حالات پیدا ہو جاتے ہیں کہ سرقہ بازی کو اپنی تحقیق بتانے والے مقالہ نویسوں کو بہت شرمندگی اور بعض اوقات غیر متوقع نقصان برداشت کرنا پڑتا

ہے۔ اسی وجہ سے بعض اعلیٰ عہدیداروں کے عہدے، مراعات اور سہولیات واپس لے لی جاتی ہیں۔ بعض کو عدالتوں میں مقدمات کی پیروی اور ذلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عملی زندگی میں صرف لائق، قابل اور تخلیقی صلاحیت رکھنے والے اہل علم کی عزت اور قدر منزلت ہوتی ہے اس لئے مقالہ میں نقل محض اور تکرار معلومات سے اجتناب کرنا چاہیئے۔ اِس حقیقت سے استدلال نہ کیا جائے کہ دوسرے بھی ایسا کر رہے ہیں۔ ایک مقالہ نگار سابقہ کام کا جتنا زیادہ مطالعہ کرے گا اور اُس کا جائزہ لے کر اپنے عنوان کی نوک پلک سنوارے گا اتنا ہی آسانی ہو گی۔ اِس طریقے سے وہ اُس موضوع پر اتھارٹی اور سند سمجھا جائے گا؛ لوگوں کے نزدیک وہ ایک با اعتماد فاضل اور محقق و مستند اِسکالر شمار ہو گا۔ اس لئے وہ اس کی طرف رہنمائی کے لیے رجوع کریں گے۔

ایک عرب استاد نے قابل قدر تحقیق کو نَملہ اور نَحلہ یعنی چیونٹی اور شہد کی مکھی کے کام کی مثال سے سمجھایا ہے۔ چیونٹی مختلف جگہوں کا سفر کرتی ہے؛ موسم کی صعوبتیں برداشت کرتی ہے؛ راہ گیروں کے پیروں تلے بھی کچلی جاتی ہے پھر بھی اپنا کام جاری رکھتی ہے اور اپنے کھانے کی متعدد اشیاء تلاش کر کے اپنے بِل میں جمع کر کے رکھ دیتی ہے مگر اُس کے عمل سے کوئی نئی چیز سامنے نہیں آتی۔ گویا اُس نے صرف مواد جمع کیا ہے۔ اس کے برعکس شہد کی مکھی کی جِد و جُہد تلاش و تحقیق ہے۔ وہ بھی جگہ جگہ کا سفر کرتی ہے؛ وقت لگاتی ہے؛ ایک ایک پھول کی نہ صرف زیارت کرتی ہے بلکہ اُس سے اخذ فیض کرتی ہے؛ ہر جگہ کے پھول اور اُن کا رس مختلف ہوتا ہے؛ اُن کا ذائقہ اور رنگ مختلف ہوتا ہے؛ وہ اُن سب کو اپنے چھتے میں جمع کرتی ہے اور جمع شدہ مواد پر اِس انداز سے محنت کرتی اور اپنی مثبت سوچ و تخلیقی فکر سے اُس پر اِس انداز سے اثر انداز ہوتی ہے کہ جمع شدہ رس چاہے وہ پھیکا تھا یا ترش، کڑوا تھا یا بے ذائقہ سب ایک لذیذ شہد میں ڈھل جاتا ہے جسے ہر کوئی حاصل کرنے کی کوشش اور کھانے کی خواہش کرتا ہے۔ چیونٹی کے جمع شدہ مواد کی طرف کوئی انسان یا جانور توجہ نہیں کرتا۔ وہ زمین پر اُس کے بل ہی میں رہتا ہے۔ اُس کا فائدہ بہت محدود ہوتا ہے۔ جبکہ شہد کی مکھی کے کام کا نتیجہ دور و نزدیک تک پہنچتا ہے۔ قرآن مجید میں بھی اُس کی تعریف کی گئی ہے۔ اس مثال سے حقیقی اور غیر حقیقی تحقیق کے درمیان فرق اور اُن کے نتائج کی اِفادیت اور حدود کو سمجھا جا سکتا ہے۔ اِس لئے ایک مقالہ نگار کو اسی جگہ فیصلہ کرنا پڑے گا کہ وہ نملہ نہیں نحلہ کی طرح علمی فضاؤں کا مسافر بنے گا۔ غالباً حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا:

بِقَدَرِ الْكَدِّ تكتسبُ الْمَعَالى	ومن طلب العلا سَهَرَ اللَّيَالى
وَمَنْ رَامَ الْعُلَا مِن غَيرِ كَدٍّ	أَضَاعَ الْعُمرَ فِى طَلَبِ الْمحَال
تَرُومُ الْعِزَّ ثُمَّ تَنَامُ لَيْلاً	يَغُوصُ الْبَحرَ مَنْ طَلَبَ اللَّآلى

دینی موضوعات پر کام کرنے والے مقالہ نگاروں کو بعض اساتذہ کے مطابق المکتبۃ الشاملۃ سے کام شروع کرنا چاہیئے۔ اڑتالیس، چوہتر اور ایک سو پچاس جی بی حجم کا مکتبہ شاملہ آج کل طلبہ کے درمیان مروّج ہے۔ اس میں کتب کی اکثریت پی ڈی ایف فارمیٹ میں بھی ہے۔ تفسیر، علوم القرآن، اصول تفسیر، حدیث، اصول حدیث، شروح حدیث، اسماء الرجال، جرح وتعدیل، فقہ، اصول فقہ، فقہ مذاہب اربعہ، اخلاقیات، بلاغت، معاجم، صرف و نحو، منطق و فلسفہ، تاریخ، ادب عربی، وغیرہ علوم سے متعلق اس میں شامل بہت سی کتب اساسی حیثیت رکھتی ہیں۔ اس کے ہیکل میں مزید عربی کتب کا اضافہ بھی کیا جاسکتا ہے۔

اردو و فارسی زبان کی آن لائن لائبریریاں

اگر ایک مقالہ نگار اپنے منتخب موضوع پر کام کرنے کے لیے مواد اردو و فارسی زبانوں میں میں حاصل کرنا چاہتا ہو تو اُسے انٹرنیٹ کئی مختلف لائبریریاں ملتی ہیں۔ مثلاً اس جدول میں مذکور لائبریریاں ملاحظہ فرمایئے۔

المکتبہ المجددیہ	www.maktabah.org/aa/urdu-books
کتاب و سنت لائبریری	/http://kitabosunnat.com/kutub-library
اسلامک ریسرچ لائبریری	http://urdu.irlpk.com/
اسلامی کتابیں	http://books.ahlesunnat.net
اسلامک لائبریری	http://library.faizaneattar.net
اسلامک لائبریری	www.minhajbooks.com
نفس اسلام لائبریری	www.nafseislam.com
معرفت لائبریری	www.marfat.com
اہل حق ای لائبریری	http://ahlehaq.org/
اسلامی کتابیں	www.khanqah.org/books/
اسلام اور عیسائیت لائبریری	http://only1or3.com
ختم نبوت لائبریری	www.khatmenabowat.com
اردو ویب ڈیجیٹل لائبریری	www.urdulibrary.org/
علامہ اقبال سائبر لائبریری	www.iqbalcyberlibrary.net/en/

ملت لائبریری	http://millat.com/
اردو کی برقی کتابیں	http://kitaben.urdulibrary.org/
اسلامک ریسرچ سنٹر، حیدر آباد، انڈیا	http://islamicrch.org/
ابو الحسنات اسلامک ریسرچ سنٹر، انڈیا	www.ziaislamic.com/default.php

یہ ایسی ویب سائٹیں ہیں جس پر تفسیر، علوم القرآن، حدیث، سیرت، تصوف، فقہ، اسلام اور عیسائیت، ختم نبوت، منطق، مناظرہ، فلسفہ وغیرہ علوم وفنون سے متعلق ہزاروں کتب مفت ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہیں۔ یہاں پاک وہند وغیرہ کے علماء کی کتب اَصل شکل میں دستیاب ہیں۔ ایک مقالہ نگار اِن آن لائن لائبریریوں سے اپنے موضوع سے متعلق کتب کا مطالعہ کر سکتا ہے اور پھر سابقہ کام کا جائزہ لے کر اپنے موضوعِ تحقیق کو آخری شکل دے سکتا ہے۔

دینی صحافت کے جرائد

بعض موضوعات پر تازہ ترین تحقیقات، آراء واقوال پر محققین اور علماء کے رُجحانات علمی مجلات میں شائع ہونے والے مقالات ومضامین کے ذریعے معلوم کیے جاسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں اردو زبان میں شائع ہونے والے چند آن لائن مجلات کے نام اور کی ویب سائٹیں درج ذیل جدول میں پیش ہیں۔ یہ مجلات دینی صحافت شمار ہوتے ہیں۔ اِن میں کئی دفعہ ایسے اداریے یا مضامین شامل ہوتے جو کسی قابل تحقیق موضوع کا پتا دیتے ہیں۔ اِن کی مدد سے نئے نئے مذہبی رُجحانات پر تحقیقی موضوع مل سکتا ہے۔

ماہنامہ، اشرفیہ، مبارک پور، انڈیا	http://aljamiatulashrafia.org/monthly_ashrafia.php?lang=UR
ماہنامہ، سُنی دعوتِ اسلامی، ممبئی انڈیا	www.sunnidawateislami.net/literature/magazine.php
ماہنامہ، جام نور، دہلی انڈیا	www.khushtarnoorani.in/articles/
ماہنامہ، سُنی آواز، ناگ پور انڈیا	www.sunniawaz.com/category/monthly/
ماہنامہ، اعلیٰ حضرت، بریلی انڈیا	www.ala-hazrat.org/106agazine.html
ماہنامہ، المظہر، کراچی	www.almazhar.com/
ماہنامہ، مصلح الدین، کراچی	http://mahnama.ahlesunnat.net/
ماہنامہ، مصطفائی نیوز، کراچی	www.mustafai.net/mustafai_news.php

ماہنامہ، تحفظ، کراچی	http://tahaffuz.com/
ماہنامہ، منہاج القرآن، لاہور	www.minhaj.info/mag/index.php
ماہنامہ، دختران اسلام، لاہور	www.minhaj.info/di/index.php?mod=mags
سہ ماہی، العلماء، لاہور	www.minhaj.info/ulama/index.php?mod=mags
ماہنامہ، آواز اہل سنت، گجرات	http://ahlesunnat.info/magazine/index.htm
ماہنامہ، دلیل راہ، لاہور	www.daleelerah.info/#
ماہنامہ، سیدھا راستہ، لاہور	www.seedharastah.com/seedha.php
ماہنامہ، سلطان الفقر، لاہور	www.tehreekdawatefaqr.com/sf/multimedia/eng/magazine.html
ماہنامہ، رضائے مصطفٰے، گوجرانوالہ	http://raza-e-mustafa.blogspot.com/
ماہنامہ، ترجمان القرآن، لاہور	http://tarjumanulquran.org/
ماہنامہ ندائے اعتدال، انڈیا	www.nadwifoundation.org/index.php/magazine
ماہنامہ دار العلوم دیوبند	www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine/new/index.php
ماہنامہ، الفرقان، لکھنؤ	www.taubah.org/Al-furqan/
ماہنامہ، پیام عرفات، بریلی	www.abulhasanalinadwi.org/payam_13.html
سہ ماہی شعور و آگہی، لاہور	www.rahimia.org/shaoor-o-agahi
سہ ماہی تحقیقات اسلامی، انڈیا	www.tahqeeqat.net/issues.asp
ماہنامہ، رحیمیہ، لاہور	www.rahimia.org/rahimia-magazine
ماہنامہ، لولاک، ملتان	www.laulak.info/MLAULAK/laulak.htm
ماہنامہ، الاحسن، لاہور	www.jamiaashrafia.org/alhassan_magazine.html
ہفت روزہ، ختم نبوت، کراچی	www.khatm-e-nubuwwat.info/
ماہنامہ، الشریعہ، گوجرانوالہ	www.alsharia.org/
ماہنامہ، فقیہ، سرگودھا	http://ahnafmedia.com/monthly-al-faqeeh

سہ ماہی، قافلہ حق، سرگودھا www.ahnafmedia.com/component/k2/itemlist/category/168-qafla-e-haq-magazine	
ماہنامہ، محدث، لاہور	http://magazine.mohaddis.com/
ماہنامہ، البلاغ، کراچی	http://albalagh.deeneislam.com/
ماہنامہ، البینات، کراچی	www.banuri.edu.pk/ur/bayyinat
میثاق، حکمت قرآن، لاہور http://data.tanzeem.info/BOOKS/Magzine/2010/index.html	
ماہنامہ، الدعوۃ الی اللہ۔	www.addawa.com/allmag.htm
ماہنامہ اشراق، لاہور	www.al-mawrid.org

اِن کے علاوہ اور بھی بہت سے رسائل ایسے ہیں جن کی اپنی ویب سائٹ ابھی تک شاید نہیں بنی۔ مثلاً **السعید** ملتان، **فقہ اسلامی** کراچی، **معارف رضا** کراچی، **متاع کاروان** بہاولپور، **فیض عالم** بہاول پور، **انوار الفرید** ساہیوال، **نور الحبیب** بصیر پور، **ضیائے حرم** لاہور، **سوئے حجاز** لاہور، **عرفات** لاہور، **النظامیہ** لاہور، **جہان رضا** لاہور، **البرھان** واہ کینٹ، **دعوت تنظیم الاسلام** گوجرانوالہ، **الجامعہ** جھنگ، **کاروانِ قمر** کراچی، **نوید سحر** مانسہرہ، وغیرہ۔

مزید برآں: **الحق** اکوڑہ خٹک، **الخیر** ملتان، **حق چار یار** لاہور، **الحامد** لاہور، **تعلیم القرآن** راولپنڈی، **العصر** پشاور، **الفاروق** کراچی، **تعمیر افکار** کراچی، **مکالمہ بین المذاہب** لاہور، سہ ماہی **ایقاظ** لاہور، **طلوع اسلام** لاہور، **دعوۃ** اسلام آباد، سہ ماہی **حکمت قرآن** لاہور، سہ ماہی **تعلیمی زاویے** اسلام آباد، سہ ماہی **الاقرباء** اسلام آباد، وغیرہ۔

